معیار ہر قیمت پر بانوے سال سے رُوح افزا کا بلند معیار ہی رُوح افزا کی مقبولیت کی اساس ہے رُوح افزا کا ایک گلاس، کیسی گرمی کیسی پیاس

ماہنامہ نعت لاہور

جلد ۱۲ جولائی اگست ۱۹۹۹ شمارہ ۷، ۸

تحفظ ناموس رسالت

ایڈیٹر: راجا رشید محمود مشیر خصوصی: چودھری رفیق احمد باجوہ ڈپٹی ایڈیٹر: شہناز کوثر ایڈووکیٹ اظہر محمود مینجر: خرم محمود

قیمت ۱۵ روپے (عام شمارہ) ۶۰ روپے (اشاعت خصوصی) ۲۰۰ روپے (زر سالانہ) عرب ممالک کے لیے: ۱۰۰ ریال

پرنٹر: حاجی محمد نعیم کھوکھر جیم پرنٹرز۔ لاہور پبلشر: راجا رشید محمود کمپیوٹر کمپوزنگ: نعت کمپوزنگ سنٹر خطاط: مظہر رقم بائنڈر: خلیفہ عبدالمجید بک بائنڈنگ ہاؤس‘ ۳۸۔ اردو بازار۔ لاہور اظہر منزل، مسجد سٹریٹ نمبر ۵ نیو شالامار کالونی، ملتان روڈ فون ۳۷۴۳۸۴۴ - ۴۷ لاہور (پاکستان) پوسٹ کوڈ ۵۴۵۰۰

روح افزا مشروب مشرق ہمدرد

قیمت اشاعت خصوصی: 60 روپے

”نعت“ کے عملۂ ادارت کے اعزازات

شہناز کوثر

ان کی کتاب ”حضور ﷺ کی مکی زندگی کے مسلمان“ پر ۱۲ ربیع الاول ۱۴۲۰ھ (۲۷ جون ۱۹۹۹ء) کو اسلام آباد میں ہونے والی ”قومی سیرت کانفرنس“ میں صدرِ مملکت محمد رفیق تارڑ نے ”صدارتی ایوارڈ“ دیا۔ جو مبلغ تیس ہزار روپے اور سندِ امتیاز پر مشتمل تھا۔

ماہنامہ ”نعت“ کی یہ سینئر ڈپٹی ایڈیٹر اس سے پہلے پانچ صدارتی ایوارڈ حاصل کر چکی ہیں۔ ان کے علاوہ آج تک کسی مرد یا خاتون کو چھ صدارتی ایوارڈ نہیں ملے۔

اظہر محمود

- ○ ۱۔ قومی سیرت کانفرنس میں صدر رفیق تارڑ سے اظہر محمود کو ان کی پنجابی کتاب ”سرکار ﷺ دی جنگی زندگی“ پر صدارتی ایوارڈ ملا۔ اس سے پہلے ۱۹۹۶ء میں اس وقت کے صدر فاروق احمد خان لغاری انھیں ایک کتاب ”سرکار ﷺ دی سیرت (سال وار)“ پر صدارتی ایوارڈ دے چکے ہیں۔
- ○ ۲۔ ۸ جولائی کو لاہور میں ہونے والی ”صوبائی سیرت کانفرنس“ میں انھیں ”سرکار ﷺ دی جنگی زندگی“ پر ”سیرت ایوارڈ“ ملا۔ انھیں اسنادِ اعزاز کے علاوہ وفاق سے ۱۵ ہزار اور صوبے سے پانچ ہزار روپے بھی ملے۔

راجا رشید محمود

صوبائی سیرت کانفرنس میں نعت کے موضوع پر گرانقدر خدمات انجام دینے پر انھیں بھی ’’سیرت ایوارڈ‘‘ دیا گیا۔

تحفّظِ ناموسِ

رائے محمد

” کے عملۂ ادارت کے اعزازات

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی کے مسلمان“ پر ۱۲ ربیع الاول کو اسلام آباد میں ہونے والی ”قومی سیرت کانفرنس“ میں صدرِ ”صدارتی ایوارڈ“ دیا۔ جو مبلغ تیس ہزار روپے اور سندِ امتیاز پر کی یہ سینئر ڈپٹی ایڈیٹر اس سے پہلے پانچ صدارتی ایوارڈ حاصل کر آج تک کسی مرد یا خاتون کو چھے صدارتی ایوارڈ نہیں ملے۔

میں صدر رفیق تارڑ سے اظہر محمود کو ان کی پنجابی کتاب ”سرکار “ پر صدارتی ایوارڈ ملا۔ اس سے پہلے ۱۹۹۶ میں اُس وقت کے بھی انھیں ایک کتاب ”سرکار صلی اللہ علیہ وسلم دی سیرت (سال وار)“ ہیں۔

میں ہونے والی ”صوبائی سیرت کانفرنس“ میں انھیں ”سرکار “ پر ”سیرت ایوارڈ“ ملا۔ انھیں اسنادِ اعزاز کے علاوہ وفاق سے ہزار روپے بھی ملے۔

کانفرنس میں نعت کے موضوع پر گرانقدر خدمات انجام دینے پر دیا گیا۔

حکمت

تحفّظ ناموس رسالت

رائے محمد کمال

فہرس

نشیب و فراز صفحہ ۵ تا ۸

یہ اسلام ہے صفحہ ۹ تا ۳۷

عہدِ صحابہؓ کی مثالیں صفحہ ۳۸ تا ۴۷

"مغزِ قرآن، روحِ ایماں، جانِ دیں" صفحہ ۴۷ تا ۶۴

گستاخ رسول ﷺ کی شرعی سزا صفحہ ۶۵ تا ۷۰

نقشِ حیات صفحہ ۷۱ تا ۸۱

مرتد و شاتم صفحہ ۸۲ تا ۹۰

ابنِ تیمیہ کی کتب صفحہ ۹۱ تا ۹۵

واقعاتی معجزات صفحہ ۹۵ تا ۱۱۱

فعل بلا قول صفحہ ۱۱۲ تا ۱۲۶

رُشدی کا پسِ منظر صفحہ ۱۲۶ تا ۱۴۷

عہدِ حاضر کا مسلمان صفحہ ۱۴۷ تا ۱۵۸

حکمت و استدلال صفحہ ۱۵۸ تا ۱۷۲

توہینِ رسالت کی پاکستانی کوششیں صفحہ ۱۷۳

اخبارِ نعت صفحہ ۱۷۴ تا ۱۸۰

قومی زُعما کانفرنس کی جھلکیاں صفحہ ۱۸۱ تا ۱۹۰

ناموسِ مصطفیٰ ﷺ (نظم) صفحہ ۱۹۱

خطباتِ سیرت

(محبتِ رسول ﷺ کے موضوع پر) — ایک اعلان صفحہ ۱۹۲

فهرست

صفحه ۵ تا ۸

صفحه ۹ تا ۳۷

صفحه ۳۸ تا ۴۷

بنا دین" صفحه ۴۷ تا ۶۴

کی شرعی سزا صفحه ۶۵ تا ۷۰

صفحه ۷۱ تا ۸۱

صفحه ۸۲ تا ۹۰

صفحه ۹۱ تا ۹۵

صفحه ۹۵ تا ۱۱۱

صفحه ۱۱۲ تا ۱۴۶

صفحه ۱۴۷ تا ۱۵۸

صفحه ۱۵۸ تا ۱۷۲

ستانی کوششیں صفحه ۱۷۳

صفحه ۱۷۴ تا ۱۸۰

صفحه ۱۸۱ تا ۱۹۰

ؐ (نظم) صفحہ ۱۹۱

کے موضوع پر) —– ایک اعلان صفحہ ۱۹۲

نشیب و فراز

اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب اپنے آخری رسول حضرت محمد مصطفیٰ (ﷺ) پر نازل فرمائی اور دینِ اسلام کی نعمت آپ ﷺ پر تمام کر دی۔ قرآن مجید فرقانِ حمید وہ مقدس کلام اور دینِ فطرت کا سرچشمۂ نظام ہے، جس میں کسی قسم کا کوئی شک و شبہہ نہیں۔ سورہ الفاتحہ میں مندرجہ ذیل چند دعائیہ گزارشات بھی موجود ہیں:۔ ”(اے اللہ) ہم کو سیدھا راستہ دکھا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا ہے، نہ ان لوگوں کا جو غضب میں مبتلا ہوئے اور نہ گمراہوں کا“۔

سورہ الکہف میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ”سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے (خاص بندے پر یہ) کتاب نازل فرمائی اور اس میں کسی طرح کا الجھاؤ نہ رکھا“۔

خداوندِ قدوس کا صاف حکم موجود ہے کہ قرآن میں ہدایت ہے، ایمان والوں کے لئے۔ اس کا مطلب بھی بالکل واضح ہے کہ قرآنِ پاک سے رُشد کی روشنی صرف انہی نفوس کو حاصل ہو سکتی ہے، جن کے دل و دماغ ایمان کے نور سے معمور ہو چکے ہوں۔ بنی نوعِ انسان سے متعلق کتابِ عظیم کے تمام ضابطے قطعی غیر مبہم اور بیّن ہیں۔ المیہ یہ ہے کہ لوگ مکمل طور پر خالی الذہن ہو کر قرآنِ حکیم سے رجوع نہیں کرتے۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ کتابِ ہُدیٰ کے ارشادات کے عین مطابق اپنے عقائد کو ڈھالتے، اعمال کی اصلاح کرتے اور اُخروی نعمتوں کے مستحق ٹھہرتے۔ لیکن اس کے برخلاف کتابِ مبین کو ذاتی افکار کے سانچے میں ڈھال لیتے اور یوں ترجمہ و تفسیر کا بھی خون کر دیتے ہیں۔ سورۃ الفاتحہ کی روشنی میں ہم بآسانی سمجھ سکتے ہیں کہ

سیدھا راستہ وہ ہے جس پر انعام یافتہ لوگ چلتے ہوں' اور مغضوب لوگوں کی اقتدا محض گمراہی و تباہی ہے۔ اور سب سے بڑی گمراہی و تباہی یہ ہے کہ قرآنی تعبیرات کو من چاہی شکل میں سمجھا اور سمجھایا جائے۔

خود بدلتے نہیں' قرآں کو بدل دیتے ہیں

ہوئے کس درجہ فقیہانِ حرم بے توفیق

جدید دنیائے اسلام میں افکارِ عمیق و لذتِ کردار سے محرومی اور زوالِ تحقیق کے سبب گستاخِ رسول (ﷺ) کی سزا کے بارے میں بھی محکومی و غلامی کے طریق نے فروغ پایا اور اکثر اوقات معذرت خواہانہ انداز اپنایا گیا ہے۔ عقلی و عملی غلاموں کے مسلک میں حکمتِ دین کے تقاضے بھی غلامانہ ہوتے ہیں۔ چونکہ قرآنِ حکیم میں کسی جگہ آدابِ غلامی کا کوئی بیان نہیں آیا' لہٰذا خاکبازوں کے حلقے میں اجتہاد اور خالص دینی نقطۂ نظر کے پردے میں بے عملی و بے غیرتی کی تعلیم دی جانے لگی ہے۔ کہیں تنسیخِ جہاد کا فتویٰ صادر کیا گیا اور کہیں یہ شور و غوغا بلند ہوا کہ اسلام میں فقط دفاعی جنگ کا تصوّر ہی موجود ہے۔ اور اب تو برملا یہ کہا جانے لگا کہ دینِ مبین میں رسول (ﷺ) کی توہین کو سرے سے کوئی قابلِ گرفت جرم قرار نہیں دیا گیا اور نہ ہی اس پر کوئی سزا مقرر ہے۔ میرے خیال میں فتنۂ انکارِ ختمِ نبوت کے بعد یہ عالمِ اسلام کے خلاف سب سے خطرناک سازش ہے۔ اور اس کا برموقع تدارک بھی ناگزیر ہے۔ وگرنہ مسلمان ہمیشہ کے لیئے صفحۂ ہستی سے نابود ہو کر رہ جائیں گے۔ یہ ایک پیچ دار اور گہری سازش ہے۔ اس کے مضمرات میں مسلم دنیا کی ازخود ہلاکت کا پورا سامان موجود ہے۔

یا مُردہ ہے یا نزع کی حالت میں گرفتار

جو فلسفہ لکھا نہ گیا خونِ جگر سے

نسلی مسلمانوں میں ایک نومولود طبقہ اِسی فکر کا حامل ہے۔ اِس جدّت گزیدہ گروہ کے افراد بالعموم ایک جیسے دلائل و براہین ڈھونڈ لاتے اور غیور و جسور مسلمانوں کے جذبۂ فدا کاری و جاں سپاری کو دانستہ یا نادانستہ، شعوری یا لاشعوری طور پر اپنا شکار بناتے ہیں۔ ان کا مؤقف مسطور ہے:

"دعوت، مومن کی شخصیت کی کلید ہے۔ یہی وہ شعور ہے جو دوسری قوموں کے ساتھ مسلمانوں کے تعلق کی تشکیل کرتا ہے۔ یہی ان کے تمام خارجی رویّہ کو متعیّن کرتا ہے۔ چونکہ موجودہ زمانہ کے مسلمانوں نے دعوت کے شعور کو کھو دیا ہے، اس لیے ان کا پورا خارجی رویّہ بگڑ کر رہ گیا ہے۔ وہ اسلام کے نام پر ایسی حرکتیں کرتے ہیں، جن کا اسلام سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

موجودہ زمانہ کے مسلمان نہ صرف یہ کہ دعوت کا کام نہیں کر رہے ہیں، بلکہ وہ مسلسل دعوت کو قتل کرنے میں مشغول ہیں۔ دوسری قوموں کو سیاسی حریف سمجھنا، ان کے مقابلہ میں احتجاجی اور مطالباتی مہم چلانا، ایسے جھگڑے کھڑے کرنا جس کے نتیجہ میں داعی اور مدعو کے درمیان تعلقات خراب ہو جائیں۔ اِسی طرح کی تمام سرگرمیاں دعوت کی فضا کو بگاڑتی ہیں۔ وہ دعوت و نصیحت کی قاتل ہیں۔ مگر ساری دنیا کے مسلمان ہر روز انہی دعوت کُش سرگرمیوں میں مشغول رہتے ہیں۔ اصاغر تو درکنار، ان کے اکابر بھی یہ سوچ نہیں پاتے کہ ایسا کر کے وہ اپنے خلاف، خدا کے غضب کو بھڑکا رہے ہیں۔

انہی دعوت کُش سرگرمیوں میں سے ایک سرگرمی وہ ہے جو "شتمِ رسولؐ" کے خلاف مسلمان ہر جگہ جاری کیئے ہوئے ہیں۔ اور جس کا ایک نمایاں مظاہرہ سلمان رشدی کی کتاب (شیطانی آیات) کی اشاعت کے بعد ۱۹۸۹ء دیکھنے میں آیا ہے۔ اینٹی رشدی ایجی ٹیشن بلاشبہ لغویت کی حد تک غیر اسلامی تھا۔ اس کے باوجود وہ مسلمانوں

کے اصاغر و اکابر کے درمیان اس لئے جاری رہا کہ دعوتی شعور سے محرومی کی بناء پر انہوں نے وہ کسوٹی کھو دی تھی جس پر جانچ کر وہ معلوم کر سکیں کہ ان کی کون سی روش اسلام کے مطابق ہے، اور کون سی روش اسلام کے مطابق نہیں۔

مسلمانوں کے اوپر اپنے عقیدہ کے اعتبار سے لازم ہے کہ وہ داعی اور مدعو کی اصطلاحوں میں سوچیں۔ وہ اپنی انفرادی اور قومی سرگرمیوں کی تشکیل میں دعوت کو اصل معیار بنائیں۔ وہ دعوت کی مصلحت کو تمام مصلحتوں پر مقدم رکھیں۔ وہ ہر نقصان کو گوارا کر لیں، مگر دعوت کا نقصان کسی قیمت پر گوارا نہ کریں۔ اگر مسلمانوں نے ایسا نہیں کیا تو یقینی طور پر وہ خدا کے یہاں مجرم قرار پائیں گے۔ ۔ ناگوار باتوں پر مشتعل ہو جانے کی اس فہرست میں سب سے زیادہ نمایاں چیز وہ ہے جس کو "ناموسِ رسول (ﷺ) پر حملہ"، "رسول (ﷺ) کی شان میں گستاخی" جیسے جذباتی الفاظ میں بیان کیا جاتا ہے۔ مسلمانوں کا یہ لغو مزاج صرف اس لئے ہے کہ انہوں نے دعوت کا شعور کھو دیا ہے۔ دوسری اقوام کو وہ صرف اپنا قومی رقیب اور دنیوی حریف سمجھتے ہیں۔ اس لئے ہر بات کو وہ فوراً قومی وقار کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ اگر ان کے اندر داعیانہ شعور زندہ ہو تو وہ دوسری اقوام کو اپنا مدعو سمجھیں گے۔ اس کے بعد دوسری اقوام سے انہیں نفرت کے بجائے خیر خواہی پیدا ہو جائے گی۔ دوسروں کی طرف سے پیش آنے والی ناگواریوں پر وہ اسی طرح صبر اور اعراض کا طریقہ اختیار کریں گے جیسا کہ رسول (ﷺ) اور اصحابِ رسول (ﷺ) نے اختیار کیا"۔

مندرجہ بالا تمام گفتگو دراصل داعیانہ مصلحت اور مبلغانہ حکمت کے نام پر ناموسِ رسالت کے اساسی مسئلہ کو پسِ پشت ڈالنے کی ناپاک و مذموم جسارت ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ اہل ایمان کے نازک آبگینوں میں موجزن غیرت و حمیت کے عکس کامل کو عمومی جذبہ اور "مسلمانوں کا لغو مزاج" تک کہہ دیا گیا ہے۔ اپنے اپنے ظرف، ذوق

اور مقدر کی بات ہے۔ اقبالؒ نے تو کہا تھا' ل

مغزِ قرآں، روحِ

ہست حُبِّ رحمتؐ

یہ اسلام

محبتِ رسول (ﷺ) دین ہے۔ اہانتِ رسول ایک ناقابلِ معافی جرم سیرتِ ہادئ عالم ﷺ اور اُسوۂ صحابہؓ اوراق بھی گواہ ہیں کہ غیور و جسور مسلمان ذلت بار ہلاکت میں ارتکابِ گستاخی کرنے وا اتارا۔ مگر اس کے باوجود کچھ نام نہاد مفکر رکھتے اور کہتے ہیں: ”موجودہ دنیا میں ا ہے۔ چنانچہ اس قسم (توہین) کے واقعات کہ پیغمبر اسلام (ﷺ) بہ نفسِ نفیس آپ ﷺ نے جب عربوں کے سا آپ ﷺ کے ساتھ نہایت بُرا سلوک طور پر ستانے کے علاوہ آپ ﷺ جب ہم اس اعتبار سے دورِ اول (عہدِ نبویؐ ہوتا ہے کہ مذکورہ قسم کی گستاخی کرنے طرح کی کارروائی نہیں کی گئی، جو موجودہ ز معترضین کہتے ہیں کہ —

میاں اس لیے جاری رہا کہ دعوتی شعور سے محرومی کی بناء پر دی تھی جس پر جانچ کر وہ معلوم کر سکیں کہ ان کی کون سی ہے، اور کون سی روش اسلام کے مطابق نہیں۔

پر اپنے عقیدہ کے اعتبار سے لازم ہے کہ وہ داعی اور مدعو کی وہ اپنی انفرادی اور قومی سرگرمیوں کی تشکیل میں دعوت کو دعوت کی مصلحت کو تمام مصلحتوں پر مقدم رکھیں۔ وہ ہر کر دعوت کا نقصان کسی قیمت پر گوارا نہ کریں۔ اگر مسلمانوں طور پر وہ خدا کے یہاں مجرم قرار پائیں گے ــ ناگوار باتوں اس فہرست میں سب سے زیادہ نمایاں چیز وہ ہے جس کو پر حملہ"، "رسول (ﷺ) کی شان میں گستاخی" جیسے جذباتی ہے۔ مسلمانوں کا یہ لغو مزاج صرف اس لیئے ہے کہ انہوں نے ہے۔ دوسری اقوام کو وہ صرف اپنا قومی رقیب اور دنیوی حریف بات کو وہ فوراً "قومی وقار کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ اگر ان کے اندر وہ دوسری اقوام کو اپنا مدعو سمجھیں گے۔ اس کے بعد دوسری کے بجائے خیر خواہی پیدا ہو جائے گی۔ دوسروں کی طرف سے پر وہ اسی طرح صبر اور اعراض کا طریقہ اختیار کریں گے جیسا صحابہؓ، رسول (ﷺ) نے اختیار کیا"۔

م گفتگو دراصل داعیانہ مصلحت اور مبلغانہ حکمت کے نام پر سی مسئلہ کو پس پشت ڈالنے کی ناپاک و مذموم جسارت ہے۔ نہ کے نازک آبگینوں میں موجزن غیرت و حمیت کے عکس کامل مسلمانوں کا لغو مزاج" تک کہہ دیا گیا ہے۔ اپنے اپنے ظرف، ذوق

اور مقدر کی بات ہے۔ اقبالؒ نے تو کہا تھا، اور کیا ہی خوب کہا تھا:

مغز قرآں، روحِ ایماں، جانِ دیں

ہست حُبِّ رحمۃٌ للعالمیں (ﷺ)

یہ اسلام ہے

محبتِ رسول (ﷺ) دین حق کی شرطِ اوّل اور عقیدہ و ایمان کی اساس ہے۔ اہانتِ رسول ایک ناقابلِ معافی جرم اور ناقابلِ تلافی ظلم ہے۔ قرآن و حدیث، سیرتِ ہادئ عالم ﷺ اور اسوۂ صحابہؓ اس پر گواہ ہیں۔ پوری تاریخِ اسلام کے اوراق بھی گواہ ہیں کہ غیور و جسور مسلمانوں نے اپنے آقا و مولا (ﷺ) کی ذاتِ بابرکات میں ارتکابِ گستاخی کرنے والوں کو ہمیشہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر فنا کے گھاٹ اتارا۔ مگر اس کے باوجود کچھ نام نہاد مفکر اور مغرب گزیدہ دانشور ایک عجیب موقف رکھتے اور کہتے ہیں: "موجودہ دنیا میں اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو امتحان کی آزادی عطا کی ہے۔ چنانچہ اس قسم (توہین) کے واقعات عین اس وقت سے پیش آ رہے ہیں جب کہ پیغمبر اسلام (ﷺ) بہ نفسِ نفیس دنیا میں موجود تھے۔ واقعات بتاتے ہیں کہ آپ ﷺ نے جب عربوں کے سامنے اپنی پیغمبرانہ دعوت پیش کی تو انہوں نے آپ ﷺ کے ساتھ نہایت بُرا سلوک کیا۔ انہوں نے آپ ﷺ کو عملی طور پر ستانے کے علاوہ آپ ﷺ پر طرح طرح کے بُرے القاب چسپاں کیئے۔

جب ہم اس اعتبار سے دورِ اول (عہدِ نبوت و خلافتِ راشدہ) کا جائزہ لیتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ قسم کی گستاخی کرنے والے غیر مسلموں کے خلاف کبھی بھی اس طرح کی کارروائی نہیں کی گئی، جو موجودہ زمانہ کے مسلمان کیا کر رہے ہیں"۔

معترضین کہتے ہیں کہ — "یہ اسلام نہیں" — جسے جہاد کہا جا رہا

ہے، وہ در حقیقت سرکشی ہے۔ سیرتِ رسول ﷺ اور اُسوۂ صحابہؓ سے بے نیاز ہو کر موجودہ قسم کی اشتعال انگیز کارروائی (تحریکِ گستاخئ رسول (ﷺ) کے خلاف غم و غصّہ کا اظہار) اپنے نفس کا اِتّباع ہے نہ کہ خدا اور رسول (ﷺ) کا اِتّباع۔ گستاخِ رسول ﷺ کی سزا کے مخالفین ملّتِ اسلامیہ کو یاد دلاتے ہیں کہ اس قسم کی صورتِ حال میں ہمیں سب سے پہلے قرآن، حدیث اور سیرت کو دیکھ کر معلوم کرنا چاہیے کہ اس طرح کا کوئی معاملہ جب دورِ اول میں پیش آیا تو خود رسولِ پاک (ﷺ) اور آپ ﷺ کے اصحاب نے اس پر کس قسم کا ردّ عمل پیش کیا۔ اور پھر وہ وہی کریں جو رسول (ﷺ) اور اصحابِ رسول ﷺ کے نمونہ سے ثابت ہو رہا ہو۔ بقول ان کے، اس طرح کے معاملات میں ہمیں صرف یہ کرنا چاہئے کہ ایسے لوگوں کے حق میں اصلاح اور ہدایت کی دعا کریں۔ ان سے ملاقات کر کے پُر وقار طریقہ سے ان کی غلط فہمی کو دور کریں۔ سنجیدہ اور علمی انداز میں وضاحتی مضامین لکھ کر اخبارات میں شائع کرائیں۔ یہی واحد کام ہے جو مسلمانوں کو کرنا ہے۔ اس کے سوا مسلمان جو کچھ کر رہے ہیں، وہ خدا کے غضب کو دعوت دینے والا ہے نہ کہ خدا کی رحمت کو کھینچنے والا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو رحمت بنا کر بھیجا ہے، نہ کہ جلانے اور پھونکنے والا بنا کر۔

روحِ قرآنی کے مطابق، اللہ کے رسول (ﷺ) سے جنگ کرنا ایسا ہے جیسا کہ خود اللہ سے جنگ کرنا۔ بلکہ رسول ﷺ سے جنگ کرنے کو ہی اللہ نے خود اپنے سے جنگ قرار دیا ہے۔ مزید برآں یہ کہ اللہ اور اللہ کے رسول سے جنگ کرنے کا نتیجہ، زمین پر فساد کا بپا ہو جانا ہے۔ کیونکہ اگر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا قانون نافذ ہو تو خطۂ ارض، امن کا گہوارہ بن جائے۔ فساد تو اس وقت پیدا ہوتا ہے جب حکم خداوندی سے روگردانی و حکم عدولی یا بغاوت کا اظہار کیا جائے گا۔ اس دائرے میں جو جرم بھی آئے، اس اب سوال یہ ہے کہ دنیا میں توہین یا ذریعۂ فساد ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ اس سے بڑا فتنہ پرور ہے اور اس سنگین جرم سزا دی جائے گی اور وہ سزائے قتل ہے۔ کرنے یا نہ کرنے کا حق

حاصل تھا مگر معافی نہیں کر سکتا۔ کئی مواقع پر رسولِ خدا (موت بتانے کا حکم فرمایا تھا اور اس کی بہت یہ ہے کہ اگر امام القبلتین (ﷺ) کسی ایک مجرم کو کوئی سزا دی ہوتی تو تب بھی واجب التعمیل قانون کے درجہ پر ہوتی۔ چہ اور صفحۂ تاریخ پر متعدّد نظائر موجود ہیں۔ یہ جرم میں اکثر خود رسالت مآب (ﷺ قتل قرار دیا گیا۔

• ◯ نضر بن حارث: تاریخی اعتبار سے پہلی

سال بعد سے ہے، جبکہ غزوۂ بدر کی شکل آقائے نامدار (ﷺ) کو اس رزم گاہ بدر سے مدینہ طیبہ لوٹتے ہوئے اس سفر میں گردن مارنے کا حکم فرمایا۔ تعمیل ارشاد میں ک سے اس کا کام تمام کر دیا۔

• ◯ عقبہ بن ابی معیط: ازاں بعد اسی سفر کے

بلکہ اس دائرے میں جو جرم بھی آئے، اس کی سزا معین ہے اور وہ "موت" ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ دنیا میں توہین رسول (ﷺ) سے بڑا کوئی اور جرم یا ذریعۂ فساد ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ شاتم نبی، کائنات کا سب سے بڑا فتنہ پرور ہے اور اس سنگین جرم کے ارتکاب کی وجہ سے اسے سنگین ترین سزا دی جائے گی اور وہ سزائے قتل ہے۔ رسول اللہ (ﷺ) کو انہیں معاف کرنے یا نہ کرنے کا حق حاصل تھا مگر معافی کے حق کا استعمال امت میں سے کوئی فرد نہیں کر سکتا۔ کئی مواقع پر رسول خدا (ﷺ) نے گستاخان و شاتمان کو لقمۂ موت بنانے کا حکم فرمایا تھا اور اس کی بہت سی مثالیں موجود و محفوظ ہیں۔ اصول دین یہ ہے کہ اگر امام القبلتین (ﷺ) نے اپنی حیات طیبہ میں اہانت کے مرتکب کسی ایک مجرم کو کوئی سزا دی ہوتی تو تب بھی یہ واحد نظیر، امت مسلمہ کے لئے ایک واجب التعمیل قانون کے درجہ پر ہوتی۔ چہ جائیکہ اس معاملے میں کتب سیر و احادیث اور صفحۂ تاریخ پر متعدّد نظائر موجود ہیں۔ یہ وہ واقعات ہیں جن میں توہین رسالت کے جرم میں اکثر خود رسالت مآب (ﷺ) کی زبان مبارک سے شاتمان کو مستوجب قتل قرار دیا گیا۔

• نضر بن حارث: تاریخی اعتبار سے پہلی نظیر کا باقاعدہ تعلق، ہجرت کے صرف ایک

سال بعد سے ہے، جبکہ غزوۂ بدر کی شکل میں حق و باطل کا ابتدائی معرکہ پیش آیا۔ آقائے نامدار (ﷺ) کو اس رزم گاہ اوّل میں شاندار فتح نصیب ہوئی تو میدانِ بدر سے مدینۂ طیبہ لوٹتے ہوئے اس سفر میں وادی صفراء پہنچے تو نضر بن حارث کی گردن مارنے کا حکم فرمایا۔ تعمیل ارشاد میں سیّدنا حضرت علی المرتضیٰ نے ایک ہی وار سے اس کا کام تمام کر دیا۔

• عقبہ بن ابی معیط: ازاں بعد اسی سفر کے دوران جب عرق الظبیہ کے مقام پر پہنچے

تو اسیرانِ جنگ میں عقبہ بن ابی معیط کو تہہ تیغ کر دیا گیا۔ اسی بدطینت نے ایک بار مکۃ المکرمہ میں سرورِ کائنات فخرِ موجودات (ﷺ) پر حالتِ نماز میں اونٹ کی اوجھ لا کر ڈال دی تھی۔ نیز ایک اور موقع پر آپ ﷺ کی گردن مبارک کے گرد کپڑا کس کر شدید اذیت پہنچائی تھی۔ اسے بھی آقا و مولا (ﷺ) کا اشارہ پا کر حضرت علی المرتضیٰ نے ہی موت کے گھاٹ اتارا۔ اس بارے میں ابنِ خلدون تک یہ خبر لائے ہیں کہ دونوں قیدی نبی کریم رؤف الرحیم (ﷺ) سے نہایت دشمنی رکھتے تھے۔ ان کے ساتھ دیگر قیدیوں کے برعکس انفرادی معاملہ محض اِس لئے کیا گیا کہ یہ تاجدارِ مدینہ (ﷺ) کو مکی زندگی کے دوران اہانت و ایذاء رسانی کا نشانہ بنایا کرتے تھے۔ وگرنہ دوسرے جنگی قیدیوں کے ساتھ جو حُسنِ سلوک روا رکھا گیا، اس کی مثال تاریخ میں ڈھونڈے سے بھی نہیں مل سکتی۔ اس بارے میں بعض مزید معلومات و تفصیلات بھی میسر آتی ہیں۔

"عقبہ بن ابی معیط جب کبھی سفر سے واپس آتا تو دعوتِ عام کرتا جس میں اہلِ مکہ شریک ہوتے۔ یہ اکثر حضور (ﷺ) کی خدمت میں حاضر ہوتا۔ حضور ﷺ کی باتیں سنتا اور انہیں پسند کرتا۔ ایک دفعہ وہ سفر سے واپس آیا تو اس نے حسبِ دستور دعوتِ عام کا اہتمام کیا اور حضور پاک (ﷺ) کو بھی دعوت دی۔ حضور (ﷺ) نے فرمایا جب تک تو مشرف باسلام نہ ہو، میں تیری دعوت قبول نہیں کروں گا۔ چنانچہ اس نے کلمۂ شہادت پڑھا اور اپنے اسلام کا اعلان کر دیا۔ ابی خلف سے عقبہ کا بڑا یارانہ تھا۔ اس نے سنا تو آ کر کہا۔ "اے عقبہ! سنا ہے تو مرتد ہو گیا ہے"۔ اس نے کہا، ہرگز نہیں۔ میں نے محض ایک غرض کے لئے اسلام کا اظہار کیا ہے۔ ابی کہنے لگا۔ میں تم سے اس وقت تک راضی نہیں ہوں گا، جب تک تو اس کے پاس جا کر ایسی گستاخیاں نہ کرے۔ عقبہ اپنے یار کو خوش کرنے کے لئے

حضور اقدس ﷺ کے پاس گیا اور وہ ساری گستاخیاں کیں' جن کی فرمائش اس کے یار نے کی تھی۔ یہاں تک کہ اس نے رخ انور پر تھوک دیا۔ (لیکن اللہ تعالیٰ نے اسی تھوک کو آگ کا انگارہ بنا کر لوٹایا اور اس کے منہ پر دے مارا' جس سے اس کا منہ جل گیا اور مرتے دم تک گالوں پر یہ داغ باقی رہا) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: "جب سرزمین مکہ سے باہر تیری میری ملاقات ہو گی تو تیرا سر تلوار سے اڑا دوں گا۔" یہ بات اس کے دل میں تیر کی طرح پیوست ہو گئی۔ کئی سال بعد جب اہل مکہ بدر کی طرف جانے لگے تو اس نے پہلو تہی کرنا چاہی۔ اور کہا کہ تم کو معلوم ہے کہ اس شخص نے مجھے دھمکی دی تھی اور جو بات ان کے منہ سے نکلتی ہے' پوری ہو کر رہتی ہے۔ مجھے یہیں رہنے دو۔ انہوں نے کہا' تم بھی عجیب آدمی ہو' پہلے تو اس کے غالب آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اور اگر بالفرض محال کوئی ایسی صورت پیش آ گئی تو تمہارے پاس تیز رفتار سرخ اونٹ ہے' اس پر سوار ہو جانا۔ چنانچہ اسے اپنی بد بختی لے گئی۔ کفر کو شکست ہوئی۔ یہ اپنے اونٹ کو لے کر بھاگا۔ لیکن وادی کے پیچ و خم میں الجھ کر رہ گیا اور گرفتار ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ جب عقبہ بن ابی معیط قتل کیا جانے لگا تو اس نے پکار کر کہا۔ "قبیلہ قریش کے لوگو! آج میں تمہارے سامنے قتل کیا جا رہا ہوں اور تم خاموش ہو"۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تو اپنے کفر اور رسول اللہ ﷺ پر افتراء پردازی کے باعث قتل ہو رہا ہے"

آئندہ برس یعنی ۳ ہجری میں اہانتِ رسول ﷺ کے چار مجرموں کو یکے بعد دیگرے قتل کیا گیا۔ روایات میں ہے کہ عصماءِ نامی ایک یہودی شاعرہ' جو محبوبِ خدا ﷺ کی ذاتِ بابرکات کو نشانۂ طنز و تضحیک بناتی اور آپ ﷺ کی ارفع و اعلیٰ شانِ مبارک میں ہجویہ اشعار بکا کرتی تھی۔ ایک صحابی عمیرؓ بن عدی (جو نابینا تھے) کے ہاتھوں قتل ہوئی۔ اس پر اظہار مسرت کرتے ہوئے

رسول کریم (ﷺ) نے اس صحابی کو بطور تحسین و آفرین "بصیر اور بینا" کے القاب و خطاب سے سرفراز فرمایا۔ کتب سیر و تواریخ میں اس واقعہ سے متعلق کئی مزید معلومات بھی مرقوم ہیں۔

• ○ عصماء بنت مروان: یہ یزید بن خطمی کی زوجہ، مذہباً و نسلاً یہودی اور زبان دراز

تھی۔ اس کا مشغلہ تھا کہ اسلام اور اہل اسلام سے بُرائیاں منسوب کرتی، تمسخر اڑاتی اور مذمت کرتی رہتی۔ رسول اللہ ﷺ کو برابر اذیت پہنچانا اس کا معمول تھا۔ آپ ﷺ نے حضرت عُمیرؓ بن عدیؓ کو اس کے قتل کے لئے بھیجا۔ حضرت عُمیرؓ رات کے وقت عصماء کے گھر پہنچے، جو مدینہ سے باہر تھا۔ اپنی تلوار اس کے سینے پر رکھ کر پشت سے گزار دی اور لوٹ آئے۔

• ○ دیگر واقعات: دوسری روایت یوں ہے کہ ایک نابینا صحابی کی لونڈی تھی، جو حضور

پاک (ﷺ) کی شان میں بے ادبی و گستاخی کا ارتکاب کرتی۔ ہجو و ہرزہ اور سبّ و شتم میں بے باک تھی۔ نابینا صحابی، اپنی اس لونڈی کو منع کرتے، ڈانٹتے اور جھڑکتے کہ حضور آقا و مولا (ﷺ) کے ساتھ خباثتوں سے باز رہے۔ مگر وہ باز نہ آئی۔ ایک روز حسبِ معمول اس نے یاوہ گوئی کی۔ صحابیِ رسول (ﷺ) کی غیرت و حمیت یہ معاملہ برداشت نہ کر سکی۔ انہوں نے چھرا اٹھایا اور اس کے پیٹ میں جھونک دیا۔ صبح بارگاہِ نبوی (ﷺ) میں اس کے قتل کا ذکر ہوا۔ سرورِ ہر جہاں (ﷺ) نے لوگوں کو جمع ہونے کا حکم فرمایا اور ارشاد فرمایا: "جس شخص نے یہ کام کیا ہے، میں اسے خدا کی قسم دیتا ہوں اور اپنے حق کی جو میرا اس پر ہے وہ کھڑا ہو جائے ۔ (یعنی وہ اقرار کرے کہ میں نے یہ کام کیا ہے) یہ سن کر وہی نابینا صحابی کھڑے ہوئے۔ لوگوں کو پھاندتے اور لڑتے ہوئے آئے۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ کے سامنے آ کر بیٹھ گئے۔ عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ) میں اس

لونڈی کا قاتل ہوں، کیونکہ وہ آپ ﷺ اسے منع کرتا لیکن وہ باز نہ آتی۔ میرے اس دو موتیوں جیسے بیٹے ہیں۔ گزشتہ رات اس تو میں نے چھرا اس کے پیٹ پر رکھ دیا اور نے فرمایا۔ "گواہ رہو کہ اس کا خون رائیگاں ہ

سُنن ابی داؤد اور ترمذی میں ا ہے کہ ایک صحابی نے اپنی لونڈی کو ق رسول (ﷺ) کی شانِ اقدس میں گستاخی ک آپ (ﷺ) نے قرار دیا کہ لونڈی کا خون

یہ امر مسلّمہ ہے کہ جو حد ا دیّت لازم آتی ہے نہ قصاص۔ بلکہ یہ ک ہے کہ شاتم و گستاخ کا خون رائیگاں ہوتا

امام ابنِ تیمیہ مذکورہ حد حدیث، شاتمِ رسول (ﷺ) کے طرح حضرت عمیرؓ بن امیہ نے اپنی ایک لونڈی جو نبی (ﷺ) کی شانِ اقدس میں کرتی تھی۔ آپ (ﷺ) نے فرمایا کہ اس کا خون رائیگاں

حدیثِ مبارکہ میں ہے: "جس رسول (ﷺ) کی بے ادب و گستاخ تھی ا کرتی۔ بایں سبب ایک شخص نے اس آپ (ﷺ) نے اس کا خون رائیگاں ق

لونڈی کا قاتل ہوں، کیونکہ وہ آپ ﷺ کو اچھا نہ کہتی اور ہجو کرتی تھی۔ میں اسے منع کرتا لیکن وہ باز نہ آتی۔ جھڑکتا تھا پھر بھی نہ مانتی۔ اس کے بطن سے میرے دو موتیوں جیسے بیٹے ہیں۔ گزشتہ رات وہ آپ ﷺ کی تنقیص و ہجو کرنے لگی تو میں نے چھرا اس کے پیٹ پر رکھ دیا۔ یہاں تک کہ وہ مر گئی۔ حضور (ﷺ) نے فرمایا۔ ”گواہ رہو کہ اس کا خون رائیگاں گیا“۔

سُنن ابی داؤد اور ترمذی میں یہ روایت حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مروی ہے کہ ایک صحابی نے اپنی لونڈی کو جس سے اس کی اولاد بھی تھی، نبئ اکرم (ﷺ) کی شانِ اقدس میں اہانت کرتے سنا تو اسے ہلاک کر دیا۔ رسول پاک (ﷺ) نے قرار دیا کہ لونڈی کا خون ساقط ہے۔

یہ امر مسلّمہ ہے کہ جو حدّ الٰہی کے قیام میں مارا گیا، اس کے خون پر نہ تو دیت لازم آتی ہے نہ قصاص۔ بلکہ یہ کہ حد کو تعزیر میں بھی نہیں بدلا جا سکتا۔ ظاہر ہے کہ شاتم و گستاخ کا خون رائیگاں ہو گا۔

امام ابن تیمیہ مذکورہ حدیث و واقعہ کو نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”یہ حدیث، شاتم رسول (ﷺ) کے قتل کے جواز پر نص کا درجہ رکھتی ہے“۔ اسی طرح حضرت عمیرؓ بن امیہ نے اپنی ایک بہن کو قتل کر دیا، جو مشرکہ تھی اور آقائے تا جدار (ﷺ) کی شانِ زیبا و اقدس میں بدزبانی کا ارتکاب کرتی تھی۔ رسول اکرم (ﷺ) نے فرمایا کہ اس کا خون ساقط ہے۔

حدیثِ مبارکہ میں ہے: ”حضرت علیؓ راوی ہیں کہ ایک یہودیہ، حضور اکرم (ﷺ) کی بے ادب و گستاخ تھی اور آپ ﷺ کی شان میں طعن اور ہجو کرتی۔ بایں سبب ایک شخص نے اس کا گلا گھونٹا، یہاں تک کہ وہ مر گئی۔ رسولؐ اللہ (ﷺ) نے اس کا خون رائیگاں قرار دے دیا“۔

• غزوۂ احد سے واپسی کے سفر میں ایک شخص ابو عزہ جمحی دکھائی دیا تو خواجۂ کائنات

(ﷺ) کے حکم سے حضرت عاصمؓ بن ثابت نے اس کو تہ تیغ کر دیا' کیونکہ یہ بدکردار و بدگفتار اپنے اشعار کے زور سے رسولِ معظم (ﷺ) کے خلاف لوگوں کے جذبات برانگیختہ کیا کرتا تھا۔ اسی وجہ سے جہنم میں پہنچا دیا گیا۔

• ایک شخص ابی عَفَک تھا' بوڑھا یہودی تھا۔ اس کی عمر ایک سو بیس سال کو پہنچ چکی

تھی۔ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف لوگوں کو ورغلاتا' ابھارتا اور ایسے شعر پڑھتا تھا' جن میں لوگوں کے لیے رسولِ خدا (ﷺ) سے نفرت کی ترغیب ہوتی تھی۔ حضرت سالمؓ بن عمیرؓ کو اس کے قتل کے لیے بھیجا گیا۔ انہوں نے اپنی تلوار اس کے جگر کے نیچے گھونپی اور اسے چیر کر رکھ دیا اور یوں وہ دشمنِ خدا' نیست و نابود ہوا۔

• کعب بن اشرف ایک نہایت مالدار یہودی اور فتنہ پرور شخص تھا (مدینہ المنورہ کے

مضافات میں اس کے قلعہ کے کسی حد تک اب بھی شاید آثار پائے جاتے ہیں (اس کا قلعہ بڑا مضبوط اور شاندار تھا۔ اپنی دولت و ثروت کے گھمنڈ میں یہ انتہائی مکروہ انداز میں' شافعِ محشر ساقیِ کوثر (ﷺ) کے بارے میں بدکلامی کرتا۔ اس کی بدزبانی ناقابلِ برداشت تھی۔ تاجدارِ مدینہ (ﷺ) کے حکمِ خاص کے تحت ایک صحابی حضرت ابو نائلہؓ نے اپنے چند احباب کے ہمراہ قلعہ میں جا کر اس ملیچھ کو موت کی نیند سلا دیا اور یوں اس نامراد دشمن کا خاتمہ ہوا۔ یہ یہودیوں کے ایک مشہور قبیلہ بنو قریظہ کی شاخ سے تعلق رکھتا تھا۔ اس واقعۂ قتل کو عہدِ رسالت میں شاتمانِ کے تذکرہ کی رعایت سے بوجوہ خاص شہرت حاصل ہوئی ہے۔ اکثر و بیشتر سیرت نگار اور مورخین اس کی تمام جزئیات و تفصیلات بیان میں لائے ہیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کعب بن اشرف ایک رئیس اور شاعر تھا۔ ہمہ وقت شر انگیزیوں میں مشغول رہتا اور کفارِ مکہ کو جنگ کی ترغیب دیا کرتا تھا۔ شاہِ کون و مکاں‘

نبی آخر الزماں (ﷺ) نے دعا فرمائی۔ محفوظ رکھ۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے ’’کون ہے جو کعب بن اشرف کو قتل کرنے اس کے رسول ﷺ کو تکلیف پہنچا کھڑے ہو کر عرض کیا۔ ’’یا رسول اللّٰہ (ﷺ) اسے ہلاک کروں‘‘۔ فرمایا۔ ’’ہاں‘‘۔ ان کے نے اسے قتل کیا اور اس کا سر کاٹ کر اپنے کر ڈال دیا۔ المفضل نے اپنی کتاب (معانی ا اور ان کے ساتھی شاتمِ مذکور کا سر کاٹ ک لولاک (ﷺ) کی خدمت میں پیش کی

دراصل کعب بن اشرف یہودیو کی ہجو کرتا اور آپ ﷺ کے دشمن شرارت حد سے بڑھ گئی تو ایک دن آپ خدا (ﷺ) کے دشمن کو ٹھکانے ل میں حضرت محمدؓ بن مسلمہ بھی تھے۔ محمدؓ بن اس بات کی اجازت لی کہ اگر سیاست و ﷺ کی کچھ شکایت کرنی پڑے تو دیں۔ آپ ﷺ نے اجازت دے پاس گئے اور کہا: اس نبی (ﷺ) دیا ہے۔ لہٰذا ہمیں کچھ قرض دو‘‘۔ ان نے کہا کہ تم اپنی عورتوں یا بچوں میں س

ں ایک شخص ابو عزہ جمحی دکھائی دیا تو خواجہ کائنات عاصم بن ثابت نے اس کو تہ تیغ کر دیا' کیونکہ یہ ے رسول معظم (ﷺ) کے خلاف لوگوں ی وجہ سے جہنم میں پہنچا دیا گیا۔ یہودی تھا۔ اس کی عمر ایک سو بیس سال کو پہنچ چکی کے خلاف لوگوں کو ورغلانا' ابھارنا اور ایسے شعر اہل خدا (ﷺ) سے نفرت کی ترغیب ہوتی کے قتل کے لئے بھیجا گیا۔ انہوں نے اپنی تلوار اس کر رکھ دیا اور یوں وہ دشمن خدا نیست و نابود ہوا۔ اور یہودی اور فتنہ پرور شخص تھا (مدینہ المنورہ کے عہد تک اب بھی شاید آثار پائے جاتے ہیں (اس کا دولت و ثروت کے گھمنڈ میں یہ انتہائی مکروہ انداز) کے بارے میں بد کلامی کرتا۔ اس کی بد زبانی (ﷺ) کے حکم خاص کے تحت ایک صحابی شب کے ہمراہ قلعہ میں جا کر اس خبیث کو موت کی نیند کا خاتمہ ہوا۔ یہ یہودیوں کے ایک مشہور قبیلہ بنو تھا۔ اس واقعہ قتل کو عہد رسالت میں شاتمان کے شہرت حاصل ہوئی ہے۔ اکثر و بیشتر سیرت نگار اور تفصیلات بیان میں لائے ہیں۔ بن اشرف ایک رئیس اور شاعر تھا۔ ہمہ وقت شر یونکہ وہ جنگ کی ترغیب دیا کرتا تھا۔ شقاوت و مکاری

نبی آخر الزماں (ﷺ) نے دعا فرمائی۔ "اے اللہ! ہمیں ابن اشرف کے شر سے محفوظ رکھ۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا۔ "کون ہے جو کعب بن اشرف کو قتل کرنے کے لئے تیار ہے؟ اس لئے کہ وہ خدا اور اس کے رسول ﷺ کو تکلیف پہنچاتا ہے۔ چنانچہ حضرت محمد بن مسلمہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا۔ "یا رسول اللہ (ﷺ)! کیا آپ پسند فرماتے ہیں کہ میں اسے ہلاک کروں"۔ فرمایا۔ "ہاں"۔ ان کے ساتھ حارث بن اوس بھی گئے۔ انہوں نے اسے قتل کیا اور اس کا سر کاٹ کر اپنے آقا و مولا (ﷺ) کے قدموں میں لا کر ڈال دیا۔ المفضل نے اپنی کتاب (معانی القرآن) میں درج کیا ہے کہ محمد بن مسلمہ اور ان کے ساتھی' شاتم مذکور کا سر کاٹ کر ایک ٹوکری میں رکھ کر لائے اور صاحبِ لولاک (ﷺ) کی خدمت میں پیش کیا تھا۔

دراصل کعب بن اشرف یہودیوں کا سردار تھا‘ جو حضور پرنور (ﷺ) کی ہجو کرتا اور آپ ﷺ کے دشمنوں کو ایذا رسانی پر بھڑکاتا تھا۔ جب اس کی شرارت حد سے بڑھ گئی تو ایک دن آپ ﷺ نے فرمایا: ”کون ہے جو رسولِ خدا (ﷺ) کے دشمن کو ٹھکانے لگائے گا“۔ پانچ انصاری کھڑے ہوئے۔ ان میں حضرت محمد بن مسلمہ بھی تھے۔ محمد بن مسلمہ نے آقا و مولا (ﷺ) سے اس بات کی اجازت لی کہ اگر سیاست و حکمت کے طور پر اس کے سامنے آپ ﷺ کی کچھ شکایت کرنی پڑے تو آپ ﷺ پہلے ہی اسے معاف فرما دیں۔ آپ ﷺ نے اجازت دے دی تو وہ اپنے ساتھیوں کو لے کر کعب کے پاس گئے اور کہا: اس نبی (ﷺ) نے ہم پر زکوٰۃ عائد کر کے مصیبت میں مبتلا کر دیا ہے۔ لہٰذا ہمیں کچھ قرض دو“۔ ان کی شکایت سے وہ بہت خوش ہوا۔ تاہم اس نے کہا کہ تم اپنی عورتوں یا بچوں میں سے کوئی چیز ہمارے پاس رہن کر دو۔ آخر کار

اس پر معاملہ طے ہوا کہ ہتھیار رہن رکھے جائیں گے۔ دوسرے دن انصار اپنے ہتھیار لے کر گئے۔

رات کا وقت تھا۔ چنانچہ محمد بن مسلمہ اس کے پاس آئے۔ ان کے ساتھ حضرت ابو نائلہؓ بھی تھے جو کعب بن اشرف کے رضاعی بھائی بیان کئے جاتے ہیں۔ غرضیکہ مردودِ مذکور نے انہیں اپنے قلعہ میں بلا لیا۔ کہا جاتا ہے کہ جب وہ ان کی طرف نیچے اترنے لگا تو اس کی بیوی بولی، اس وقت کہاں جاتے ہو؟ میں ایک ایسی آواز سن رہی ہوں کہ گویا اس سے خون ٹپکتا ہے۔ کعب نے کہا، فکر کی کوئی بات نہیں۔ ادھر محمد بن مسلمہ اپنے ساتھیوں سے کہہ رہا تھا کہ میں اس کے سر کے بال پکڑ کر سونگھوں گا۔ جب تم دیکھو کہ میں نے اس کا سر مضبوطی سے اپنی گرفت میں لے لیا ہے تو تم قریب آ کر اسے قتل کر دینا۔ چنانچہ جب یہ گستاخ کپڑا اوڑھے ان کے پاس آیا تو خوشبو مہک رہی تھی۔ محمد بن مسلمہ نے کہا، میں نے آج کے دن کی طرح خوشبو پہلے کبھی محسوس نہیں کی۔ کیا میں یہ سونگھ سکتا ہوں؟ اس نے کہا، ہاں سونگھ لیجیے۔ وہ دھوکے میں آگیا تھا اور جب اپنے سر کی خوشبو سونگھانے کے لئے اس نے سر جھکایا تو محمد بن مسلمہ نے اپنے ساتھیوں کی مدد سے اس کا سر قلم کر دیا"۔

علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں: "کعب بن اشرف، طے کا ایک یہودی تھا۔ اس کی ماں بنو نضیر سے تھی۔ جس وقت سے آپ ﷺ مدینہ میں تشریف لائے تھے، اسی وقت سے اس کو ایک ذاتی خصومت تھی۔ لیکن واقعہ بدر کے بعد یہ رسول اللہ (ﷺ) کے تصور و فکر سے اور زیادہ جلنے لگا۔ چنانچہ زید بن حارثہ یا (عبداللہ بن رواحہؓ) جب مدینہ میں فتح بدر کی خوشخبری لے کر آئے اور اس نے بھی سنا تو بے ساختہ یہ کہہ اٹھا، "تف ہو تم پر۔ کیا یہ بات سچی ہے۔ قریش تو عرب کے شرفاء اور عوام کے بادشاہ تھے۔ اگر انہیں محمد ﷺ نے ختم کر دیا ہے تو پھر

زندگی سے موت بہتر ہے۔

جب اس کو اس واقعہ کا یقین ہو گیا تو وہ مکہ کسی کے پاس جا کر اترا (اس کی زوجیت میں عاتکہ تھی)۔ ان لوگوں کو رسول خدا (ﷺ) کی مخا اور مقتولین و مشرکین بدر پر روتا تھا۔ چند دنوں کے اُسید (مکہ میں اس کے میزبان کی اہلیہ) کی نسبت س ازاں مسلمانوں کی عورتوں کا اپنی غزلیات و قصائ تشبیب کرنے لگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ”ک کی گردن مارے؟“۔ محمد بن مسلمہ، ابو نائلہ (کعب نے اور کچھ دوسروں نے عرض کیا، ہم لوگ اس آپ نے ان لوگوں کو اجازت دی اور ان کے حق میں دعائ

تاریخ ابن خلدون میں ”یہود کا مدینہ میں ہے۔ لکھتے ہیں: ”یہودیوں پر اس واقعہ سے خوف سے ڈرنے لگا۔ آپ ﷺ نے بھی بالہام الہٰ دیا، کہ تم لوگ جہاں کہیں یہودیوں پر قابو پاؤ، ان کو

اہل یہود کا تاریخ پس منظر بھی ازحد دلچسپ بعد جب اللہ کے آخری رسول (ﷺ) مد یہاں عملاً ”تسلط یہودیوں کا ہی تھا۔ عرب قبائل تو مدت ہائے دراز کے باہمی کشت و خون کی وجہ سے

اوراق تاریخ بتاتے ہیں کہ خطۂ عرب میں مسیح میں بخت نصر کے زمانہ میں ہوا تھا۔ جب انہو

ہتھیار رہن رکھے جائیں گے۔ دوسرے دن انصار اپنے - چنانچہ محمد بن مسلمہ اس کے پاس آئے۔ ان کے ساتھ و کعب بن اشرف کے رضاعی بھائی بیان کیئے جاتے ہیں۔ میں اپنے قلعہ میں بلا لیا۔ کہا جاتا ہے کہ جب وہ ان کی کی بیوی بولی' اس وقت کہاں جاتے ہو؟ میں ایک ایسی آواز سے خون ٹپکتا ہے۔ کعب نے کہا' فکر کی کوئی بات نہیں۔ ساتھیوں سے کہہ رہا تھا کہ میں اس کے سر کے بال پکڑ کر کہ میں نے اس کا سر مضبوطی سے اپنی گرفت میں لے لیا قتل کر دینا۔ چنانچہ جب یہ گستاخ کپڑا اوڑھے ان کے پاس محمد بن مسلمہ نے کہا' میں نے آج کے دن کی طرح خوشبو کیا میں یہ سونگھ سکتا ہوں؟ اس نے کہا' ہاں سونگھ لیجیئے۔ وہ جب اپنے سر کی خوشبو سونگھانے کے لیئے اس نے سر جھکایا تو ساتھیوں کی مدد سے اس کا سر قلم کر دیا“۔

لکھتے ہیں: ”کعب بن اشرف' طے کا ایک یہودی تھا۔ اس جس وقت سے آپ ﷺ مدینہ میں تشریف لائے ایک ذاتی خصومت تھی۔ لیکن واقعہ بدر کے بعد سے رسولؐ غور و فکر سے اور زیادہ جلنے لگا۔ چنانچہ زیدؓ بن حارثہ یا مدینہ میں فتح بدر کی خوشخبری لے کر آئے اور اس نے بھی ”تف ہو تم پر۔ کیا یہ بات سچی ہے۔ قریش تو عرب کے تھے۔ اگر انہیں محمد ﷺ نے ختم کر دیا ہے تو پھر

زندگی سے موت بہتر ہے۔

جب اس کو اس واقعہ کا یقین ہو گیا تو وہ مکہ چلا آیا۔ اور مطلب بن ابی وداعہ سہمی کے پاس جا کر اترا (اس کی زوجیت میں عاتکہ بنتِ اُسید بن ابی العیص بن امیہ تھی)۔ ان لوگوں کو رسول خدا (ﷺ) کی مخالفت پر ابھارنے لگا۔ اشعار پڑھتا اور مقتولین و مشرکینِ بدر پر روتا تھا۔ چند دنوں کے بعد مدینہ لوٹ آیا۔ پہلے عاتکہ بن اُسید (مکہ میں اس کے میزبان کی اہلیہ) کی نسبت عشقیہ مضامین و اشعار کہے۔ بعد ازاں مسلمانوں کی عورتوں کا اپنی غزلیات و قصائد میں ذکر کرتا اور ان کے ساتھ تشبیب کرنے لگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ”کون شخص ہے جو کعب بن اشرف کی گردن مارے؟“۔ محمد بن مسلمہ ابو نائلہ (کعب کے رضاعی بھائی' بنو عبدالاشہل سے) اور کچھ دوسروں نے عرض

کیا۔ ہم لوگ اس کو ماریں گے۔ آپ ﷺ نے ان لوگوں کو اجازت دی اور ان کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔

تاریخ ابن خلدون میں "یہودِ مدینہ میں خوف و ہراس" کا تذکرہ بھی موجود ہے۔ لکھتے ہیں: "یہودیوں پر اس واقعہ سے خوف طاری ہو گیا۔ ہر یہودی مسلمانوں سے ڈرنے لگا۔ آپ ﷺ نے بھی بالہامِ الٰہی، یہودیوں کو قتل کرنے کا حکم دے دیا، کہ تم لوگ جہاں کہیں یہودیوں پر قابو پاؤ، ان کو قتل کر دو"۔

اہلِ یہود کا تاریخی پس منظر بھی از حد دلچسپ اور لائقِ مطالعہ ہے۔ ہجرت کے بعد جب اللہ کے آخری رسول (ﷺ) مدینۃ المنورہ میں جلوہ افروز ہوئے تو یہاں عملاً تسلط یہودیوں کا ہی تھا۔ عرب قبائل میں اوس و خزرج بھی آباد تھے مگر وہ مدت ہائے دراز کے باہمی کشت و خون کی وجہ سے خاصے کمزور ہو چکے تھے۔

اوراقِ تاریخ بتاتے ہیں کہ خطۂ عرب میں یہودیت کا فروغ پانچویں صدی قبل مسیح میں بخت نصر کے زمانہ میں ہوا تھا۔ جب اس نے یہودیوں کو نیست و نابود کرنا چاہا

تو یہ یہاں چلے آئے۔ بنو حارث بن کعب، حمیر، کندہ یہودی قبیلے تھے اور یہ کہ خیبر کے لوگ بھی مذہباً یہودیت میں داخل ہو گئے تھے۔ مگر یثرب میں ان سے بنو قینقاع، بنو نضیر اور بنو قریظہ، اہم یہودی قبائل موجود تھے۔ اور حضور اکرم (ﷺ) نے ہجرت کے بعد ان سے ایک معاہدہ طے فرمایا تھا جو ''میثاق مدینہ'' کے نام سے مشہور ہے۔ الغرض یہ کہ بنو قینقاع اور بنو نضیر کو اپنی سازشوں اور وعدہ خلافیوں کے سبب نقل مکانی اختیار کرنا پڑی لیکن غزوۂ الاحزاب (غزوۂ خندق) کے موقع پر قریش مکہ سے ساز باز کی وجہ سے بنو قریظہ کو نقض عہد اور سخت شر کی وجہ سے معافی نہ مل سکی۔

غزوۂ خندق سے فراغت کے بعد رسول اکرم (ﷺ) نے صحابہ کرام کو حکم فرمایا کہ کوئی بھی سوائے بنو قریظہ کے اور کہیں نماز عصر نہ پڑھے۔ ابن اسحاق نے یہ بھی لکھا کہ بعض اصحاب جو کسی ضرورت سے باہر چلے گئے تھے، انہوں نے عشاء کے وقت، حکم نبوی ﷺ کی تعمیل و اطاعت میں بنو قریظہ میں آکر نماز پڑھی تھی۔ اور یہ کہ ان کا پچیس یوم تک محاصرہ کئے رکھا۔ ازاں بعد خود ان کی خواہش پر حضرت سعد بن معاذ کو فیصل مقرر کیا گیا۔ انہوں نے قرار دیا کہ بنو قریظہ کے کل مرد قتل کیئے جائیں۔ آپ ﷺ نے یہ سن کر فرمایا کہ بے شک تم نے اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ دیا۔ لہٰذا بنو قریظہ کے جنگجو افراد، بازار مدینہ کی طرف لائے گئے اور خندقیں کھود کر ان کی گردنیں ماری گئیں۔ ان کی تعداد چھ اور سات سو کے درمیان تھی۔

• ○ ابو رافع کا قتل: المختصر یہ کہ اسلام دشمنی اور دریدہ دہنی میں کعب بن اشرف کا

ایک یارِ غار و مددگار، ابو رافع بھی بہت بڑھا ہوا تھا۔ نہایت امیر تاجر تھا۔ اس کی رہائش ایک محل نما گڑھی میں واقع تھی۔ اسے بھی محبوبِ کردگار سید الابرار (ﷺ) کی رضا و ایماء سے ایک صحابی، حضرت عبداللہ نے موت سے ہمکنار کیا۔

ابو رافع عبداللہ بن ابی الحقیق ایک تھا۔ بڑا مالدار اور تونگر تھا۔ یہ تاجدارِ مدینہ ناپاک زبان وا کیا کرتا۔ سازشوں میں مصروف اور کافروں کا معاون ہوتا تھا۔ اہلِ اسلام کی معاونت کی تھی۔ لیکن اس کی گستاخی و بد زبانی

حضرت براء بن عازبؓ روایت ابو رافع یہودی کی طرف انصار کے چند مقرر کیا۔ ابو رافع، رسول اللہ (ﷺ) کے مقابلے میں کفار کو مدد دیتا تھا“۔

حضرت عبداللہ بن عتیک نے رات کو اس کے قلعہ میں جاکر تلوار کی پشت سے باہر نکل گئی، یہاں تک کہ کے قتل کا یقین ہو جانے کے بعد حصار لگائی، جس سے ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ گئی خدمت اقدس میں پہنچایا۔ حضور اقدس ص ﷺ نے ان پر اپنا دست مبارک حالت میں آگئی۔

اس واقعہ کی مزید تفصیلات ساتھیوں کے ہمراہ اس قلعے کے قریب مویشی ہانک لائے تھے۔ عبداللہ بن عتیق

رکھا۔

ابو رافع عبداللہ بن ابی الحقیق ایک بدفطرت، بدطینت اور بدخصلت شخص تھا۔ بڑا مالدار اور تونگر تھا۔ یہ تاجدارِ حرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شانِ مبارک میں اپنی ناپاک زبان وا کیا کرتا۔ سازشوں میں مصروف رہتا اور معرکۂ حق و باطل میں مشرکوں اور کافروں کا معاون ہوتا تھا۔ اہل اسلام کے خلاف اس نے قبیلہ بنی غطفان کی بھرپور معاونت کی تھی۔ لیکن اس کی گستاخی و اہانت کا جرم بہت بڑھا ہوا تھا۔

حضرت براء بن عازبؓ روایت کرتے ہیں: "رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے ابو رافع یہودی کی طرف انصار کے چند آدمی بھیجے۔ عبداللہؓ بن عتیک کو ان کا امیر مقرر کیا۔ ابو رافع، رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اذیت پہنچایا کرتا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقابلے میں کفار کو مدد دیتا تھا"۔

حضرت عبداللہ بن عتیکؓ نے آمنہ کے لال (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے فرمان پر رات کو اس کے قلعہ میں جاکر تلوار کی نوک اس کے پیٹ میں گھونپ دی، جو اس کی پشت سے باہر نکل گئی، یہاں تک کہ ہڈیوں کے ٹوٹنے کی پٹاخ آواز سنائی دی۔ اس کے قتل کا یقین ہو جانے کے بعد حضرت عبداللہؓ بن عتیک نے قلعہ سے چھلانگ لگائی، جس سے ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ رفقاء نے سرورِ کونین (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمتِ ناز میں پہنچایا۔ حضور اقدس (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان سے خوش ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر اپنا دستِ مبارک پھیرا، جس سے ٹوٹی ہوئی ٹانگ اپنی اصل حالت میں آگئی۔

اس واقعہ کی مزید تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں: ”جب عبداللہ بن عتیکؓ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اس قلعے کے قریب آئے تو سورج غروب ہو رہا تھا۔ لوگ اپنے مویشی ہانک لائے تھے۔ عبداللہؓ بن عتیک نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ تم اپنی جگہ

بیٹھے رہو، میں چلتا ہوں۔ چوکیدار سے کوئی حیلہ بہانہ کرتا ہوں، شاید یوں قلعے میں داخل ہو جاؤں۔ وہ آئے اور قلعہ کے دروازے کے قریب بیٹھ گئے۔ گویا رفع حاجت کر رہے ہوں۔ جب لوگ قلعہ میں داخل ہو چکے تو دربان نے انہیں آواز دی۔ بندۂ خدا! اگر قلعے میں داخل ہونا ہے تو جلدی اندر آ جاؤ، دروازہ بند ہونے لگا ہے۔ عبداللہ بن عتیک کہتے ہیں کہ میں قلعے میں داخل ہو کر رُوپوش ہو گیا۔ جب سب لوگ اوپر آگئے تو دربان نے دروازہ بند کر کے کنجیاں ایک لوہے کی کیل میں لٹکا دیں۔ میں نے چابیوں تک رسائی حاصل کی اور یوں دروازہ کھول دیا۔ ابو رافع کے پاس رات گئے تک باتیں ہوتی رہیں۔ وہ اپنے بالا خانے میں محوِ استراحت ہو کر حکایات سنا کرتا تھا۔ حسبِ معمول آج جب قصہ گو چلے گئے تو میں نے اس کے بالا خانے کا قصد کیا۔ جب بھی کوئی دروازہ کھولتا، اسے اندر سے اس خیال سے بند کر دیتا کہ اگر لوگوں کو میرا پتا بھی چل جائے تو وہ مجھ تک نہ پہنچ سکیں۔ حتیٰ کہ میں اسے قتل کر دوں۔ یوں میں ابو رافع کے پاس پہنچا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ وہ اپنے اہل و عیال کے درمیان تاریک کمرے میں سو رہا ہے۔ پتا نہیں چل رہا تھا کہ وہ کس جگہ ہے۔ میں نے آواز دی۔ کہنے لگا کون ہے؟ میں نے اس کی آواز پر آگے بڑھ کر تلوار کی ضرب لگائی۔ در آنحالیکہ میرا دل دھڑک رہا تھا کہ شاید مجھ سے کچھ نہیں ہو سکا اور وار خالی گیا ہے۔ اس اثنا میں اُس نے چیخ و پکار کی۔ میں کمرے سے باہر آیا۔ تھوڑے سے توقف کے بعد پھر اندر آ گیا۔ آواز بدل کر کہا اے ابو رافع! یہ آواز کیسی ہے۔ اس نے کہا، تیری ماں تجھے روئے۔ ابھی کوئی آدمی اندر آیا ہے، اس نے مجھے اپنی تلوار کا نشانہ بنایا ہے۔ عبداللہ بن عتیک نے بتایا، میں نے پھر اسے زور سے تلوار ماری، شدید زخمی ہو گیا مگر ہلاک نہ ہو سکا۔ پھر میں نے اس کے پیٹ پر تلوار کی دھار رکھی۔ زور سے اسے دبایا حتیٰ کہ وہ اسے چیرتی ہوئی اس کی پیٹھ تک پہنچ گئی۔ اب مجھے یقین ہو گیا کہ میں نے اسے قتل کر دیا ہے۔

بعد ازاں ایک ایک دروازہ کھول رات میں یہ خیال کرتے ہوئے کہ زمین گر گیا۔ پنڈلی ٹوٹ گئی۔ عمامے سے باندھ دل میں کہا‘ جب تک اس کے قتل کا صبح جب مرغ نے اذان دی تو منادی ن ابو رافع قتل ہو گیا ہے۔ یہ سن کر میں چلو۔ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ (صل ہے“۔

• ◯ ابی خلف کا واقعہ: ایک مرتبہ غزو

کہ تو میرے ہاتھ سے قتل ہو گا‘ یہ س لہٰذا قریش کے مکہ سے اخراج کے وق نہ جائے۔ ابوسفیان اسے اصرار کر ک اسیرانِ بدر میں شامل تھا۔ جب اس ک لی تاکہ وہ فدیہ ادا کر سکے۔ اس ا (ﷺ) کے روبرو بکواس کی ک اسے خوب دانہ پانی دوں گا کہ ف ﷺ سے جنگ کروں گا تو الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ نہیں بلک تجھے قتل کروں گا۔

روزِ اُحد‘ حضورِ اکرم (ص

کر دیا ہے۔

بعد ازاں ایک ایک دروازہ کھول کر سیڑھی تک آیا۔ نیچے اترنے لگا۔ چاندنی رات میں یہ خیال کرتے ہوئے کہ زمین تک پہنچ گیا ہوں، قدم ہوا میں رکھا، سو نیچے گر گیا۔ پنڈلی ٹوٹ گئی۔ عمامے سے باندھ کر چلنے لگا۔ دروازے کے پاس آکر بیٹھ گیا۔ دل میں کہا، جب تک اس کے قتل کا یقین نہ ہو جائے، رات بھر باہر نہیں نکلوں گا۔ صبح جب مرغ نے اذان دی تو منادی نے دیوار پر کھڑے ہو کر اعلان کیا، اہل حجاز کا تاجر ابو رافع قتل ہو گیا ہے۔ یہ سن کر میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا، انہیں کہا جلدی چلو۔ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ (ﷺ) کو ایذا دینے والے ابو رافع کا خاتمہ کر دیا ہے"۔

• ابی خلف کا واقعہ: ایک مرتبہ فخر دو جہاں (ﷺ) نے ابی خلف سے فرمایا تھا

کہ تو میرے ہاتھ سے قتل ہو گا، یہ خوف اس کے دل میں یقین کے ساتھ بیٹھ گیا تھا۔ لہٰذا قریش کے مکہ سے اخراج کے وقت، اُحد کی جانب وہ آنا نہیں چاہتا تھا کہ کہیں مارا نہ جائے۔ ابو سفیان اسے اصرار کر کے لایا تھا۔ اس کا قصہ یوں بیان کرتے ہیں کہ وہ اسیرانِ بدر میں شامل تھا۔ جب اس کا فدیہ قبول کیا گیا تو اس نے مکہ جانے کی اجازت پا لی تاکہ وہ فدیہ ادا کر سکے۔ اس کم بخت و مردود ازلی نے لوٹتے وقت حضور آقا (ﷺ) کے روبرو بکواس کی کہ اے محمد (ﷺ)! میرا ایک گھوڑا ہے۔ میں اسے خوب دانہ پانی دوں گا کہ فربہ ہو جائے، پھر اس گھوڑے پر سوار ہو کر آپ ﷺ سے جنگ کروں گا اور آپ ﷺ کو قتل کروں گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ نہیں بلکہ اس گھوڑے پر سوار ہونے کی حالت ہی میں مَیں تجھے قتل کروں گا۔

روزِ اُحد، حضور اکرم (ﷺ) نے فرمایا کہ ابی خلف سے ہوشیار رہنا کہ

یہ ناخلف بے خبری میں پیچھے سے نہ آ جائے۔ اگر کسی کو وہ نظر آئے تو مجھے بتا دیں۔ اچانک جنگ کے آخر میں وہ اپنے گھوڑے پر سوار نمودار ہوا۔ جب اس کی نگاہ، حضور سرور کائنات (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر پڑی تو اس نے نالائقی کی باتیں کہنی شروع کر دیں۔ اس نے کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ، میرے ہاتھ سے بچ نہ سکیں گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہمیں اشارۂ حکم فرمائیے۔ ہم اس پر حملہ کر دیں، اور اسے دوزخ تک پہنچائیں۔ جب یہ ملعون قریب آگیا تو آپ نے حضرت زبیرؓ بن العوام (جو پاس ہی کھڑے تھے) سے نیزہ لیا (ایک روایت میں ہے کہ حارث بن الصمہ سے نیزہ لیا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ نیزہ بھی اس کا ہی چھینا گیا تھا) اور اس پر پھینک دیا۔ یہ شقی کی گردن پر پڑا۔ اس وقت اس نے اپنے گھوڑے کی لگام پھیری اور اپنی قوم سے جا ملا اور خود کو گھوڑے سے گرا دیا۔ اور گائے بیلوں کی مانند ڈکرانے لگا۔ وہ یونہی چیختا چلاتا رہا۔ پھر وہ ملعون، مشرکوں کے مکۃ المکرمہ پہنچنے سے قبل ہی مَرّ الظہران میں جو مکہ سے ایک منزل پر ہے، واصلِ جہنم ہو گیا۔

فتح مکہ اور گستاخِ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

حضور سرکارِ دو عالم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فتح مکہ کے وقت اہل مکہ کو امان دی تھی۔ یہ کوئی عام فتح نہیں بلکہ رب العزت کی طرف سے فتح مبین تھی۔ تاریخ انسانیت میں آٹھویں ہجری کا سال ہمیشہ یادگار و باوقار رہے گا۔ دشمنانِ اسلام پوری طرح بے بس و بے کس اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رحم و کرم پر تھے۔ اس موقع پر حضور خاتم المرسلین رحمتہ للعالمین (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے ابد الاباد تک کے لیئے حُسنِ سلوک کی ایک بے نظیر مثال قائم فرما دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کے حضور میں اپنا جھکا ہوا سر اوپر اٹھایا اور فرمایا۔ ”آج تم پر کچھ ملامت نہیں، جاؤ! تم سب آزاد ہو“۔

تاہم ایک جماعت کے لئے خاص جہاں بھی پائے جائیں، قتل کر دیئے جائیں اللہ تعالیٰ کی اجازت سے آج کے دن ح تھی جو اہانت و تحقیر اور تنقیص و تعریض نے اہل ایمان کو ان گستاخوں کا خون مبا "انہیں قتل کر دو، چاہے کعبہ کے پردوں سرکار اقدس (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے عکرمہ بن ابو جہل، مقیس بن صبابہ، عب لونڈیاں شامل ہیں۔ دوسری روایت کے تعمیلی ارشاد میں چار مرد قتل کئے گئیں اور دو کو پناہ دے دی گئی۔ سائلوں کا رخ نبی آخر الزماں (صلی اللہ

ابن خطل

فتح مکہ سے پہلے مدینہ م نے وصولئ زکوٰۃ کے لیئے اسے انصاری تھا، اور اس کے ساتھ ا مسلمان سے کہا کہ ایک بکری ذبح اس خزاعی سے کوتاہی سرزد ہوئی جب دیکھا کہ کھانا تیار نہیں ہوا لے کر اہل مکہ (کفار) سے جا م (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے دین سے

تاہم ایک جماعت کے لئے خاص طور پر حکم فرمایا تھا کہ وہ حِلّ و حرم میں جہاں بھی پائے جائیں، قتل کر دیئے جائیں۔ اگرچہ غلاف کعبہ میں لپٹے ہوئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے آج کے دن، حرم بھی میرے لئے حلال ہے۔ یہ وہ جماعت تھی جو اہانت و تحقیر اور تنقیص و تعریض کی مرتکب ہو چکی تھی۔ آپ ﷺ نے اہل ایمان کو ان گستاخوں کا خون مباح قرار دیتے ہوئے بالصراحت ارشاد فرمایا تھا: ''انہیں قتل کر دو، چاہے کعبہ کے پردوں سے ہی چمٹے پاؤ''۔

سرکارِ اقدس (ﷺ) کے خلاف زبان دراز کرنے والے اس گروہ میں عکرمہ بن ابو جہل، مقیس بن صبابہ، عبداللہ بن خطل، عبداللہ بن السرح اور اس کی دو لونڈیاں شامل ہیں۔ دوسری روایت کے مطابق یہ کل سترہ افراد تھے۔ اور اس موقع پر تعمیل ارشاد میں چار مرد قتل کئے گئے۔ سات نے پناہ مانگ لی اور چار عورتیں مار دی گئیں اور دو کو پناہ دے دی گئی۔ یہ تمام وہ لوگ تھے جن کی یاوہ گوئیوں اور ہرزہ سرائیوں کا رُخ نبیّ آخر الزماں (ﷺ) کی طرف رہا تھا۔

ابن خطل

فتح مکہ سے پہلے مدینہ آکر مسلمان ہو گیا تھا۔ اس کے بعد حضور علیہ السلام نے وصولیٔ زکوٰۃ کے لئے اسے بعض قبائل کی طرف بھیجا۔ اس کے ساتھ ایک انصاری تھا، اور اس کے ساتھ ایک خزانچی مسلمان۔ وہ ایک منزل پر اترا اور خزانچی مسلمان سے کہا کہ ایک بکری ذبح کر کے اس کے لئے کھانا تیار کرے اور وہ خود سو گیا۔ اس خزانچی سے کوتاہی سرزد ہوئی۔ وہ بھی سو گیا اور کھانا تیار نہ کر سکا۔ ابن خطل نے جب دیکھا کہ کھانا تیار نہیں ہوا تو غصے میں آکر خزانچی کو قتل کر دیا اور صدقہ کے جانور لے کر اہل مکہ (کفار) سے جا ملا، اور ان سے کہا کہ تمہارے دین کو میں نے محمد (ﷺ) کے دین سے بہتر پایا۔ اور وہ اپنی باندیوں سے آقائے مدنی

(صلی اللہ علیہ وسلم) کی ہجو سنا کرتا۔ جب مکہ فتح ہوا تو اس نے خانہ کعبہ میں پناہ لی اور غلافِ کعبہ سے لپٹ گیا۔ جس وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام طواف فرما رہے تھے تو کسی صحابی نے اسے دیکھ لیا اور عرض کیا 'یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ ابن خطل ہے اور غلافِ کعبہ سے لپٹا ہوا ہے۔ فرمایا۔ جہاں ہو، قتل کر دو۔ لہٰذا اسے ہلاک کر دیا گیا۔ سعید بن حارث نے بروایت ابو عثمان مہدی ابن ابی شیبہ سے نقل کیا ہے کہ اسے ابو برزہ نے قتل کیا تھا۔

چنانچہ حدیث پاک میں مذکور و مسطور ہے: ”عبداللہ بن خطل، کعبہ شریف کے پردوں سے چمٹا ہوا پایا گیا، اسے قتل کرنے کے لیے حضرت سعید بن حارث اور حضرت عمار بن یاسر دوڑے، لیکن حضرت سعید حضرت عمار سے زیادہ نوجوان تھے۔ آپ نے آگے بڑھ کر اسے قتل کر دیا۔ اس سلسلے میں حضور نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے تشریعی اختیارات اور ارشادات سے واضح طور پر ظاہر ہے کہ گستاخ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لیے کعبہ میں بھی امان نہیں ہے۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا باغی و سرکش ہو، وہ ہر جگہ، ہر وقت اور ہر حالت میں واجب القتل ہے۔

اس واقعہ میں ایک خاص بات یہ ہے کہ نہ صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پورے گروہ کو قتل کرنے کا حکم جاری فرمایا تھا بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ سے قبل اور فتح کے وقت اپنے صحابہ سے ان کے قتل کا عہد بھی لیا تھا۔

• O حویرث بن نقیذ (بنو عبد قصی): یہ بھی قبل ہجرت، مکہ میں حضور (صلی اللہ علیہ وسلم)

کو بہت ایذائیں دیتا تھا۔ اس کو حضرت علی نے فتح کے دن مکہ قتل کیا۔ یہ ایک غلیظ و شقی شاعر تھا، اور دربار رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ہجو بیان کرتا۔ فتح مکہ کے روز جب اس نے اپنا مباح الدم ہونا سنا تو گھر میں بیٹھ گیا اور گھر کا دروازہ بند کر لیا۔ حویرث کو جب معلوم ہوا کہ حضرت علی المرتضیٰ اس کی تلاش میں ہیں تو وہ اپنے گھر سے نکل کر

کسی دوسرے گھر میں چھپنا چاہتا تھا انہوں نے دیکھتے ہی اس کم بخت کو

• O حارث بن طلاطل : یہ فتح مکہ کے

کردار کو پہنچا۔ کیونکہ یہ بدنہاد ہر میں کوئی کسر باقی نہ اٹھا رکھتا تھا۔

• O مقیس بن صبابہ : روایت ہے کہ

میں پایا تو اسے وہیں ڈھیر کر دیا۔

• O قریبہ اور ارنب : ابن خطل کی

(صلی اللہ علیہ وسلم) کی ہجو گایا کرتی اور تیسری فرتنا تھی جو موقع سے فائدہ امان حاصل کر کے مسلمان ہو گئیں پر قتل کر دی گئیں۔ اُمّ سعد بھی اسی قماش کی المطلب کی ایک باندی بھی اس میں ہے کہ قتل ہونے والی کنیزوں بن ابی بلتعہ نے قریش کے نام خط مکہ میں آگئی اور فتح مکہ کے دن

• O متفرقات : ابن قانع نے روایت

سرورِ کونین (صلی اللہ علیہ وسلم) کی خدمات (صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے اپنے باپ کہتے ہوئے سنا تو مجھ سے برداشت نہ

کسی دوسرے گھر میں چھپنا چاہتا تھا کہ ایک کوچے میں حضرت علیؓ کو دکھائی دیا۔ چنانچہ انہوں نے دیکھتے ہی اس کم بخت کی گردن اڑا دی۔

• O حارث بن طلا طلا : یہ فتح مکہ کے دن سیّدنا حضرت علی المرتضیٰ کی تلوار سے کیفرِ

کردار کو پہنچا۔ کیونکہ یہ بدنہاد ہر طرح سے حضور آقا و مولا (ﷺ) کو ایذا دینے میں کوئی کسر باقی نہ اٹھا رکھتا تھا۔

• O مقیس بن صبابہ : روایت ہے کہ مقیس بن صبابہ کو لوگوں (صحابہ کرام) نے بازار

میں پایا تو اسے وہیں ڈھیر کر دیا۔

• O قریبہ اور ارنب : ابن خطل کی یہ دو گانے والی باندیاں تھیں، جو سرکارِ مدینہ

(ﷺ) کی ہجو گایا کرتی اور دل سے بھی آپ ﷺ کی پکی دشمن تھیں۔ تیسری قرتنا تھی جو موقع سے فائدہ اٹھا کر بھاگ نکلی اور پھر سیّد عالم (ﷺ) کی امان حاصل کر کے مسلمان ہو گئی۔ لیکن مذکورہ بالا دونوں باندیاں اپنے اس جرم کی بناء پر قتل کر دی گئیں۔

اُمِّ سعد بھی اسی قماش کی تھی، جو کہ قتل کی سزا سے دوچار ہوئی۔ سارہ بنی المطلب کی ایک باندی بھی اس قبیح فعل کی پاداش میں ماری گئی تھی۔ بعض روایات میں ہے کہ قتل ہونے والی عَمْرو بن ہشام کی باندی تھی۔ اسی عورت کے ہاتھ حاطب بن ابی بلتعہ نے قریش کے نام خط لکھ کر بھیجا تھا۔ اولاً "یہ مسلمان تھی، پھر مرتد ہو کر مکہ میں آگئی اور فتح مکہ کے دن حضرت علیؓ کی تلوار کے وار سے ہلاک ہوئی۔

• O متفرقات : ابن قانعؒ نے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضور

سرورِ کونین (ﷺ) کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ) میں نے اپنے باپ کو آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کے کلمات کہتے ہوئے سنا تو مجھ سے برداشت نہیں ہو سکا اور میں نے اسے قتل کر دیا ہے۔ اس

کی یہ بات حضور پاک (ﷺ) کو ناگوار نہ گزری۔

• حدیث پاک میں ہے کہ ایک شخص ہادئ عالم (ﷺ) کے لئے نازیبا و ناروا

الفاظ کہتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ "کون ہے میرے اس دشمن کو ٹھکانے لگائے گا؟"۔ تب حضرت خالد بن ولید نے اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ انہوں نے جا کر اس مردود و گستاخ کو واصلِ فی النار کیا۔

• عبدالرزاق نے ذکر کیا ہے کہ ایک شخص نے حضور (ﷺ) کو گالی دی تو

آپ ﷺ نے فرمایا کہ کون اس سے نمٹے گا؟ حضرت زبیرؓ نے عرض کیا۔ "میں"۔ پھر انہوں نے اس کو ٹھکانے لگا دیا۔

• یہ بھی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضورِ مکرم ہادئ اعظم

(ﷺ) پر جھوٹ باندھا تو آپ ﷺ نے حضرت علیؓ اور حضرت زبیرؓ کو بھیجا کہ اس شخص کو قتل کر ڈالیں۔

متفرقات روایات

• کعب ابن زُبیر نے حالتِ کفر میں حضور پاک (ﷺ) کی ہجو کی تو آپ

ﷺ نے اس کے قتل کا حکم صادر فرما دیا تھا۔ تاہم پھر وہ نادم و تائب ہو کر بارگاہِ نُبوت میں حاضر ہوا اور اپنا مشہور قصیدہ "بانت سعاد" پیش کیا۔ جس پر معاف فرما دیا گیا۔

• عکرمہ بن ابی جہل کے قبولِ اسلام کا ذکر متفرق انداز میں آیا ہے۔ عموماً بیان ہوتا

ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر اس نے راہِ فرار اختیار کر لیا تھا۔ جب یہ ایک کشتی میں سوار ہوا تو وہ طوفان میں پھنس گئی۔ کشتی والوں نے کہا اب خدائے وحدہٗ لا شریک کو پکارو، اس منجدھار میں

وہی مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ بتوں پر سے عکرمہ کا اعتماد پہلے ہی متزلزل ہو چکا تھا۔ اور اس کے اندر کی روشنی مالکِ حقیقی کی معرفت کا راستہ دکھا

ﷺ) کو ناگوار نہ گزری۔

کہ ایک شخص ہادئ عالم (ﷺ) کے لیئے نازیبا و ناروا ﷺ نے فرمایا۔ "کون ہے میرے اس دشمن کو ٹھکانے خالد بن ولید نے اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ انہوں نے جا کر اس فی النار کیا۔

کیا ہے کہ ایک شخص نے حضور (ﷺ) کو گالی دی تو فرمایا کہ کون اس سے نمٹے گا؟ حضرت زبیر نے عرض کیا۔ اس کو ٹھکانے لگا دیا۔

ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضور مکرم ہادئ اعظم باندھا تو آپ ﷺ نے حضرت علی اور حضرت زبیر کو کر ڈالیں۔

حالت کفر میں حضور پاک (ﷺ) کی ہجو کی تو آپ کے قتل کا حکم صادر فرما دیا تھا۔ تاہم پھر وہ نادم و تائب ہو کر بارگاہ اپنا مشہور قصیدہ "بانت سعاد" پیش کیا۔ جس پر معاف فرما دیا

کے قبول اسلام کا ذکر متفرق انداز میں آیا ہے۔ عموماً بیان ہوتا فتح پر اس نے راہ فرار اختیار کر لیا تھا۔ جب یہ ایک کشتی میں میں پھنس گئی۔ کشتی والوں نے کہا، اب خدائے وحدہ لا شریک کو وہی مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ بتوں پر سے عکرمہ کا اعتماد پہلے اور اس کے اندر کی روشنی مالکِ حقیقی کی معرفت کا راستہ دکھا

رہی تھی۔ عکرمہ نے کہا' اللہ کی قسم! اگر دریا میں مجھے اس کے سوا کوئی نہیں بچا سکتا تو خشکی میں بھی اس کے سوا کوئی میرا محافظ یا نگہبان نہیں ہے۔ اے میرے پروردگار! میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں کہ اس بلا سے نجات ملتے ہی تیرے محبوب (ﷺ) کی خدمت ناز میں حاضر ہو کر بیعت کر لوں گا۔ مجھے امید ہے کہ آپ ﷺ ضرور میرے ساتھ رحمت و شفقت اور لطف و کرم کا سلوک فرمائیں گے۔ لہٰذا وہ بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے اور قبول اسلام کر کے سرکارِ اقدس (ﷺ) کے دامنِ کرم میں آگئے۔

• عبداللہ بن ابی السرح نے پہلے اسلام قبول کیا اور پھر شیطان کے بہلاوے اور

پھسلاوے میں آکر واپس تاریکیوں میں لوٹ گیا تھا۔ عرصۂ ایمان میں کاتبِ وحی بھی رہا۔ نہ صرف یہ کہ اس نے ارتداد کو قبول کیا بلکہ سرکارِ رحمت و رافت (ﷺ) کی شانِ نبوت میں زبان بھی دراز کرتا۔ فتح مکہ کے روز اس کا خون بھی مباح قرار دے دیا گیا تھا۔ یہ اہل ایمان کو قرآن سے بدظن کرنے اور قبولِ اسلام کی فضا کو مکدر کرنے کے لیئے کہتا کہ وحی الٰہی کی کتابت کے وقت میں جیسے چاہتا ویسے ہی تصرف کیا کرتا تھا۔ چنانچہ تائب ہو کر بارگاہِ مصطفوی (ﷺ) میں حاضر ہوا تو متعدد بار بیعت کے ارادہ سے آگے بڑھا لیکن پذیرائی نہ ہوئی۔ اس نے کئی بار کوشش کی مگر اس کے ساتھ مسلسل اعراض برتا گیا۔ حدیث مبارکہ میں اس واقعہ کی تفصیل بالفاظ ذیل مندرج ہے: ”عبداللہ بن سرح، حضرت عثمان بن عفان کے پاس چھپ گیا۔ جب حضور ﷺ نے لوگوں کو بیعت کے لیئے یاد کیا تو حضرت عثمان نے اسے بارگاہِ رسالت میں پیش کر دیا اور عرض کیا، یا رسول اللہ (ﷺ)! اس کی بیعت قبول فرمائیے۔ آپ نے اپنا رُخِ انور اوپر اٹھایا، تین دفعہ عبداللہ کی طرف دیکھا۔ ہر دفعہ بیعت سے انکار کیا۔ آخر تین دفعہ کے بعد اسے بیعت کیا۔ بعد ازاں

آپ صحابہ کرامؓ سے مخاطب ہوئے۔ ارشاد فرمایا۔ "تم میں سے کوئی ایسا معاملہ فہم نہ تھا جو اس کی طرف اٹھ کھڑا ہوتا۔ جب میں نے بیعت سے ہاتھ روک لیا تھا تو اسے قتل کر دیتا"۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔ "یا رسول اللہ! آپ نے ہمیں آنکھ سے اشارہ کیوں نہ فرمایا"۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ "نبی کی یہ شان نہیں کہ وہ ظاہر میں چپ رہے اور آنکھ سے اس کے خلاف اشارہ کرے"۔

• ◯ بشر منافق کا انجام: خلیفۂ اسلام سیّدنا حضرت عمر فاروقؓ نے تو اس نام نہاد مسلمان

کی گردن بھی اپنی تلوار سے اڑا دی تھی جو ایک یہودی کے ساتھ اپنے قضیہ پر آقائے مدنی (ﷺ) کے فیصلے پر مطمئن و رضامند نہیں ہوا تھا۔ امیر المؤمنین حضرت عمرؓ کا یہ عمل گستاخ رسول (ﷺ) کے مباح الدم ہونے پر دال ہے۔ بناء بریں اس کی تائید میں آیاتِ قرآنی کا نزول اور سرکارِ اقدس و افضل (ﷺ) کا اس سے ناخوش ہونا بھی ثابت ہے۔ حالانکہ اگر سطحی نگاہ سے دیکھا جائے تو بظاہر منافق کی کوئی گستاخی سامنے نہیں آتی۔ مطلب یہ کہ دربارِ رسالت مآب (ﷺ) میں خاموش بے ادبی و بے حیائی کا ایک انداز بھی واجب القتل ٹھہرا دینے کے لئے کافی ہے۔ آپ نے اس معاملے میں حضور پاک (ﷺ) سے اجازت نہیں لی، اور نہ ہی توبہ و معافی کا کوئی موقع دیا تھا۔ بلکہ صورتِ حال سے آگاہ ہوتے ہی اسے فی الفور موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

عہدِ رسالت مآب (ﷺ) میں وقوع پذیر اس نظیر کا پس منظر یوں قلمبند ہوا ہے : "بے شک یہ آیات کریمہ (سورۃ النساء : ۶۰-۶۳) اس وقت نازل ہوئیں جب دو آدمی اپنا جھگڑا لے کر حضورِ اکرم (ﷺ) کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور نبی پاک (ﷺ) نے ان کے درمیان فیصلہ فرمایا تو جس کے خلاف فیصلہ ہوا تھا، اس نے کہا ہمیں اپنا یہ جھگڑا لے کر حضرت عمرؓ کے پاس جانا چاہیے۔ پس

وہ دونوں حضرت عمرؓ کے پاس چلے گئے۔ جس نے حضرت عمرؓ کے پاس جانے کا مطالبہ کیا تھا، حضرت عمرؓ نے اس کو قتل کر دیا اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے اس کے خون کو رائیگاں قرار دیا۔

سورۃ النساء کی اسی آیہ کے تحت حاشیہ صدر الافاضل میں درج ہے کہ بشر نامی ایک منافق کا کسی یہودی سے جھگڑا تھا۔ یہودی نے کہا، چلو سیّد ہر عالم ﷺ سے معاملہ طے کرا لیں۔ منافق نے خیال کیا کہ حضورِ پاک ﷺ تو بے رو رعایت حق فیصلہ دے دیں گے اور اس کا مطلب حاصل نہ ہو گا۔ اس لیے اس نے باوجود مدعیٰ ایمان ہونے کے کہا کہ کعب بن اشرف یہودی کو پنچ بناؤ۔ یہودی جانتا تھا کہ کعب رشوت خور ہے۔ اس لیے اس نے باوجود ہم مذہب ہونے کے اس کو پنچ تسلیم نہ کیا۔ ناچار منافق کو فیصلہ کے لیے امام الحرمین ﷺ کے حضور آنا پڑا۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے جو فیصلہ دیا، وہ یہودی کے موافق ہوا۔ یہاں سے فیصلہ سننے کے بعد منافق پھر یہودی کے دَر پے ہوا اور اسے مجبور کر کے حضرت عمرؓ کے پاس لایا۔ یہودی نے آپ سے عرض کیا کہ میرا اور اس کا معاملہ سیّد الصلوات فخرِ کائنات ﷺ طے فرما چکے ہیں، لیکن یہ حضور ﷺ کے فیصلہ سے راضی نہیں اور آپ سے فیصلہ چاہتا ہے۔ فرمایا، ہاں میں ابھی آکر اس کا فیصلہ کرتا ہوں۔ یہ فرما کر مکان میں تشریف لے گئے اور تلوار لا کر اس کا سر اڑا دیا۔ اور فرمایا جو رسولُ اللہ ﷺ کے فیصلہ سے راضی نہ ہو، میرے پاس اس کا یہی فیصلہ ہے۔

بعض بیان کرتے ہیں کہ محسنِ انسانیت ﷺ سے فیصلہ سننے کے بعد منافق اس مقدمے کو لے کر حضرت ابو بکر صدیقؓ کے پاس بھی لے گیا تھا اور وہاں سے یہودی کے حق ہی میں فیصلہ صادر ہوا۔ تاہم سیدنا حضرت ابو بکر صدیقؓ ساری

صورتِ حال سے آگاہ نہ تھے۔ روایت کے مطابق حضرت عمر فاروقؓ نے حقیقتِ حال معلوم ہونے کے بعد منافق سے تصدیق کے لیے پوچھا، کیا واقعی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فیصلہ فرما چکے ہیں؟ اس نے کہا ہاں ایسا ہو چکا ہے۔ چنانچہ راوی کہتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے دونوں سے فرمایا۔ "تم میرے واپس آنے تک یہیں ٹھہرے رہو۔ یہاں تک کہ میں تمہاری طرف نکل آؤں"۔ حضرت عمرؓ گھر تشریف لے گئے، تلوار اٹھائی، چادر اوڑھی اور باہر نکلے۔ اس منافق کی گردن مار دی۔ یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا پڑ گیا۔ ازاں بعد فرمایا: میں اسی طرح فیصلہ کرتا ہوں، اس شخص کے بارے میں، جو اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کے فیصلے سے راضی نہ ہو"۔

معروف ہے کہ یہ خبر چہار سُو پھیل گئی۔ حضور نبی کریم (ﷺ) کی خدمتِ عالیہ بھی اس کی اطلاع پہنچی، کہا گیا کہ حضرت عمرؓ نے ایک کلمہ گو کو ناحق ہلاک کر دیا ہے۔ اس موقع پر شہنشاہِ ہر عالم (ﷺ) نے ارشاد فرمایا: "میں گمان نہیں کرتا کہ عمرؓ کسی مومن کے قتل کی جرأت (اقدام) کرے"۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "کیا نہیں دیکھا آپ نے ان کی طرف جو دعویٰ تو کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے۔ اس (کتاب) کے ساتھ جو اتاری گئی آپ کی طرف اور جو اتارا گیا آپ سے پہلے (اس کے باوجود) چاہتے ہیں کہ فیصلہ کرانے کے لئے (اپنے مقدمات) طاغوت کے پاس لے جائیں۔ حالانکہ انہیں حکم دیا جا چکا ہے کہ اس کی بات نہ مانیں"۔ (النساء ' ۴:۶۰)

ان آیات و احکام کی شانِ نزول کے متعلق علماءِ تفسیر و حدیث نے یہودی و منافق کا یہ واقعہ ذکر کیا ہے۔ یہاں طاغوت سے مراد وہ فیصل ہے جو احکامِ الٰہی کے خلاف مقدمات نپٹاتا ہو۔ یعنی شیطان کا نمائندہ۔ یہ کعب بن اشرف کی طرف اشارہ ہے۔

الغرض جب اس کے ورثا حضورؐ ختمی مرتبت (ﷺ) کی خدمتِ

نہ تھے۔ روایت کے مطابق حضرت عمر فاروق نے حقیقت حال د منافق سے تصدیق کے لئے پوچھا کیا واقعی حضور علیہ الصلوٰۃ لے ہیں؟ اس نے کہا ہاں ایسا ہو چکا ہے۔ چنانچہ راوی کہتا ہے کہ وں سے فرمایا۔ "تم میرے واپس آنے تک یہیں ٹھہرے رہو۔ تمہاری طرف نکل آؤں"۔ حضرت عمرؓ گھر تشریف لے گئے، تلوار اور باہر نکلے۔ اس منافق کی گردن مار دی۔ یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا پڑ مایا: میں اسی طرح فیصلہ کرتا ہوں، اس شخص کے بارے میں، جو اللہ (ﷺ) کے فیصلے سے راضی نہ ہو"۔ ہے کہ یہ خبر چہار سُو پھیل گئی۔ حضور نبی کریم (ﷺ) کی اس کی اطلاع پہنچی، کہا گیا کہ حضرت عمرؓ نے ایک کلمہ گو کو ناحق

اس موقع پر شہنشاہ ہر عالم (ﷺ) نے ارشاد فرمایا: "میں گمان کسی مومن کے قتل کی جرأت (اقدام) کرے"۔ ارشاد باری تعالیٰ دیکھا آپ نے ان کی طرف جو دعویٰ تو کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے۔ ساتھ جو اتاری گئی آپ کی طرف اور جو اتارا گیا آپ سے پہلے (اس تے ہیں کہ فیصلہ کرانے کے لئے (اپنے مقدمات) طاغوت کے پاس لے انہیں حکم دیا جا چکا ہے کہ اس کی بات نہ مانیں"۔ (النساء: ۶۰، ۶۴)

یات واکملت کی شانِ نزول کے متعلق علماء تفسیر و حدیث نے یہودی قعہ ذکر کیا ہے۔ یہاں طاغوت سے مراد وہ فیصل ہے جو احکامِ الٰہی کے پہنچاتا ہو۔ یعنی شیطان کا نمائندہ۔ یہ کعب بن اشرف کی طرف اشارہ

ں جب اس کے ورثا حضور ختمی مرتبت (ﷺ) کی خدمت

اقدس میں مطالبۂ قصاص لے کر آئے تو یہ آیات نازل ہوئیں: "پس کیسی ہوگی پہنچے گی۔ انہیں بڑی آفت، اس کی وجہ سے جو آگے بھیجے ان کے ہاتھوں نے۔ پھر وہ آئیں گے آپ ﷺ کے پاس، قسم کھائیں گے اللہ کی کہ نہیں ارادہ کیا ہم نے مگر بھلائی کا اور اتفاق کرنے کا۔ یہی ہیں وہ کہ جانتا ہے

اللہ‘ وہ جو دلوں میں ہے ان کے۔ پس منہ پھیر لو ان سے اور نصیحت کرو انہیں‘ اور کہو ان سے ان کے دل میں پہنچنے والی (مؤثر) بات“۔ (النساء: ۶۳‘۶۴)

مفسرین کے نزدیک فاعرض عنھم کے الفاظ میں اسی طرف اشارہ ہے کہ آپ ﷺ ان کے قصاص کے مطالبہ کو مسترد فرما دیں۔ اس لئے کہ وہ شخص فی الواقع قتل کا مستحق تھا۔ قاضی ثناء اللہ (پانی پتی) ان آیات (۶۰ تا ۶۴) کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ ”آپ ﷺ ان کے عذر اور مطالبہ قصاص کو ہرگز قبول نہ فرماویں‘ کیونکہ وہ شخص مباح الدم تھا“۔ (جو کہ قابل قصاص نہیں ہے)

مختصر یہ کہ سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کے اس درست اقدام کی تائید و توثیق میں جبریل امین بارگاہِ نبوی (ﷺ) میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ”بے شک حضرت عمرؓ نے حق و باطل کے مابین امتیاز (فرق) کر دیا ہے“۔ نیز اس تاریخی موقع پر نبیؐ آخر الزماں (ﷺ) نے مسرت کا اظہار فرمایا اور حضرت عمرؓ کو وہ بے مثال لقب عطا فرمایا جو ہمیشہ کے لیے آپ کے نام کا حصہ اور پہچان ہو گیا۔ پس نبیؐ پاک (ﷺ) نے ارشاد فرمایا: ”اے عمر! آج سے تم فاروق (حق و باطل میں فرق ظاہر کرنے والے) ہو گئے“۔

بیہقی کی روایت کے مطابق حکم بن ابی العاص ایک دفعہ حضور نبیؐ کریم (ﷺ) کی مجلس میں بیٹھا تھا‘ اور جب آپ ﷺ کلام فرماتے تو یہ اپنا منہ بنا کر‘ نتھنے پھلا کر اور منہ کو پھڑکا کر منافقوں سے آنکھ کا اشارہ کرتا‘ جس کا مطلب

حضور اکرم (ﷺ) کے کلام کا مذاق اڑانا یا اس کی تکذیب کرنا تھا۔ حضور پُر نور شافع یوم النشور (ﷺ) نے اس کی یہ حرکت دیکھ کر فرمایا کہ تو ایسا ہی ہو جا۔ آپ ﷺ کی بددعا کا اثر یہ ہوا کہ وہ مرتے دم تک ایسا ہی رہا کہ منہ پھڑکایا کرتا تھا۔

یہ دین اسلام کی حقیقی تعبیر اور واقعی چہرہ ہے۔ مگر ان دلائل کے باوجود معترضین و مخالفین غیرت مند مسلمانان عالم کو اکثر و بیشتر یہ پٹی پڑھانے کی کوشش کرتے ہیں کہ اگر وہ واقعہ ”اسلامی جہاد“ کرنا چاہتے ہیں تو ان کا فرض ہے کہ وہ سب سے پہلے قرآن اور احادیث اور سیرت کو دیکھ کر معلوم کریں کہ اس طرح کی صورت حال جب دور اول میں پیش آئی تو خود رسول (ﷺ) اور آپ ﷺ کے اصحاب نے اس معاملہ میں کس قسم کا ردّ عمل پیش کیا۔ بالآخر ان کی تان اس بات پر ٹوٹتی ہے: ”جب ہم اس اعتبار سے دور اول کا جائزہ لیتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ قسم کی گستاخی کرنے والے غیر مسلموں کے خلاف کبھی بھی اس طرح کی کاروائی نہیں کی گئی جو موجودہ زمانہ کے مسلمانوں نے کی یا کر رہے ہیں ۔ اس کے بجائے جو کچھ کیا گیا، وہ صرف یہ تھا کہ ایسے لوگوں کے حق میں دعائیں کی گئیں۔ اور دلیل کے ذریعہ ان کی بات کی تردید کی گئی۔ اس سے آگے ان کا سارا معاملہ اللہ تعالیٰ کے اوپر چھوڑ دیا گیا۔

حالانکہ ”شتم رسولؐ کا مسئلہ“ قرآن و حدیث اور فقہ و تاریخ کی روشنی میں اس سے قطعاً مختلف صورت حال رکھتا ہے۔ بلکہ دور اول (اللہ کی سنت) میں اس کی فرضیت و ناگزیریت قرآن مجید کی رو سے ثابت کر دی گئی ہے، جب کہ زیر نگاہ باب میں احادیث مبارکہ کے حوالے اور عمل رسول (ﷺ) کے اجالے سے اس کی واقعیت و اہمیت مسلم ہے۔ یہ نظائر کتب احادیث و سیر میں امر واقعی کے طور پر موجود

(ﷺ) کے کلام کا مذاق اڑانا یا اس کی تکذیب کرنا تھا۔ حضور پر نور (ﷺ) نے اس کی یہ حرکت دیکھ کر فرمایا کہ تو ایسا ہی ہو جا۔ بددعا کا اثر یہ ہوا کہ وہ مرتے دم تک ایسا ہی رہا کہ منہ پھڑکایا کرتا

اسلام کی حقیقی تعبیر اور واقعی چہرہ ہے۔ مگر ان دلائل کے باوجود غیرت مند مسلمانانِ عالم کو اکثر و بیشتر یہ پٹی پڑھانے کی کوشش جو واقعی "اسلامی جہاد" کرنا چاہتے ہیں تو ان کا فرض ہے کہ وہ ان کو احادیث اور سیرت کو دیکھ کر معلوم کریں کہ اس طرح کی صورتحال پیش آئی تو خود رسول (ﷺ) اور آپ کے صحابہ نے اس معاملہ میں کس قسم کا ردّعمل پیش کیا۔ بالآخر ان کی ہوتی ہے: "جب ہم اس اعتبار سے دورِ اول کا جائزہ لیتے ہیں تو معلوم قسم کی گستاخی کرنے والے غیر مسلموں کے خلاف کبھی بھی اس نہیں کی گئی جو موجودہ زمانہ کے مسلمانوں نے کی یا کر رہے ہیں بجائے جو کچھ کیا گیا' وہ صرف یہ تھا کہ ایسے لوگوں کے حق میں اور دلیل کے ذریعہ ان کی بات کی تردید کی گئی۔ اس سے آگے ان کا ہی کے اوپر چھوڑ دیا گیا۔

"شتم رسولؐ کا مسئلہ" قرآن و حدیث اور فقہ و تاریخ کی روشنی میں مختلف صورتحال رکھتا ہے۔ بابِ اول (اللہ کی سنت) میں اس کی ہے جو قرآن مجید کی رو سے ثابت کر دی گئی ہے' جب کہ زیرِ نگاہ باب کے حوالے اور عملِ رسول (ﷺ) کے اجالے سے اس کی مسلم ہے۔ یہ بظاہر کتبِ احادیث و سیر میں امرِ واقعی کے طور پر موجود

و محفوظ ہیں۔ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ ایسے لوگوں کے لئے صرف دعائیں کی گئی ہوں یا پھر دلائل و براہین کی زبان ہی میں ان سے بات کی گئی ہو۔ حرفِ دعا ان کے لئے کاری ہے جو دعوتِ حق کے ادراک و شعور سے فی الواقع عاری ہوں۔ استدلال کا جمال و کمال فقط ان لوگوں کے کام آتا ہے جن کا نام متلاشیانِ حق کی فہرست میں لکھا جا چکا ہو۔ دعا اور دلیل کے ہتھیار تو تلاشِ صداقت کے مسافروں کے لئے ہیں۔ مگر وہ لوگ جو خرمنِ اسلام کو جلانا اور چراغِ مصطفوی ﷺ کو بجھانا

چاہتے ہوں۔ وہ لوگ جو دشمنی میں بہت آگے نکل چکے ہیں۔ وہ لوگ جن کے کان سچائی کی آواز سننا ہی نہیں چاہتے۔ وہ لوگ جن کی آنکھیں حقانیت کے نقوش کو دیکھنا پسند نہیں کرتیں۔ وہ لوگ جن کے دماغ سمجھ کر بھی کچھ نہیں سمجھنا چاہتے۔ وہ لوگ جن کے دل' حسنِ فطرت کو دیکھ کر مچلنا ہی نہیں جانتے۔ وہ لوگ جو کتمانِ حق کی حدود سے بھی بہت دور جا چکے ہیں۔ وہ لوگ جن کا دستورِ زندگی ہی حق دشمنی اور باطل پروری بن چکا ہو۔ وہ لوگ جن کے جسم اور جان کے امراض ناقابلِ علاج ٹھہر چکے ہیں اور وہ لوگ جن کے بارے میں خداوندِ قدوس کا یہ حکم صادق آتا ہو کہ ان کے دلوں' کانوں اور آنکھوں پر مُہر لگا دی گئی ہے۔ ان کو سمجھانا یا نہ سمجھانا برابر ہے۔ ان لوگوں کے سلسلے میں قوتِ دعا اور قوتِ دلیل کیسے اور کیونکر مؤثر ہو سکتی ہے؟ اور وہ لوگ جن کا موذی و متعدی مرض ہر لحاظ سے معاشرے میں حفظانِ صحت کے تقاضوں کا قاتل ہو' کیا ایسے اشخاص کا قلع قمع حکمت و مصلحت کے خلاف ہے؟ اسلام دشمنی میں متوارث امراض اس پر مستزاد ہیں۔ انسانی بدن کے کسی حصے میں جب ناسُور پڑ جائے اور کوئی طبیبِ حاذق اسے ناقابلِ اصلاح قرار دے دے تو پھر اس کا ایک یہی علاج باقی رہ جاتا ہے کہ متأثرہ عضو کو کاٹ کر رکھ دیں۔ کسی خبیث الفطرت اور کمینہ خصلت شخص کا جو محسنِ انسانیت (ﷺ) کو سبّ و شتم کا نشانہ بنا کر سلطنتِ اسلام میں انتشار و

بدامنی پھیلائے، فرزندان اسلام کا دل دُکھائے اور مزید یہ کہ بنی نوع انسان کو ہلاکت و بربادی کے راستہ پر لگائے، اس کا موت کے سوا اور کیا علاج ہو سکتا ہے؟

قاضی عیاضؒ منافقین کے حوالے سے پیش آنے والے بعض واقعات و احکامات کی تطبیق میں لکھتے ہیں: ”نیز یہ بات بھی پیش نظر رکھنی چاہیے کہ وہ لوگ ابھی نئے نئے (بظاہر) مسلمان ہوئے تھے (لوگوں پر) واضح نہیں تھا کہ ان میں کتنے لوگ کفر کی آلودگیوں سے بالکل پاک ہو چکے ہیں اور کتنے ہنوز ملوث ہیں۔ پھر یہ بھی کہ سارے عرب میں یہ بات مشہور ہو چکی تھی کہ وہ مسلمان ہو گئے ہیں۔ اور بظاہر وہ (منافق / شاتم) حضور اکرم (ﷺ) کے صحابی اور دین اسلام کے اعوان و انصار سمجھے جاتے تھے۔ ایسی صورت میں اگر حضور پاک (ﷺ) ان کے نفاق اور ان باتوں کی وجہ سے جو کبھی کبھار ان سے ظاہر ہوتیں یا اس علم کی بناء پر جو حضور اقدس (ﷺ) کو ان کے دلی خیالات پر واقفیت حاصل ہونے سے ہوتا تھا، انہیں قتل کر دیتے تو لازماً ”اسلام سے نفرت کرنے والوں کو موقع مل جاتا، اور ان کے منہ میں جو آتا کہتے۔ اس سے جاہل لوگ شک میں پڑ جاتے۔ دشمن جھوٹی باتیں بناتا اور بہت سے لوگ اسلام قبول کرنے اور آپ ﷺ کی صحبت اختیار کرنے سے گھبراتے۔ بدگمانی کرنے والا، بدگمانی کرتا اور ظالم دشمن یہ خیال کرتا کہ شاید آپ ﷺ نے انہیں کسی عداوت کی بناء پر یا بدلہ لینے کے لئے قتل کرایا ہے۔ میں نے جو باتیں کی ہیں (اپنی طرف سے نہیں بلکہ) حضرت امام مالکؒ بن انس کی طرف اس قسم کی باتیں منسوب ہیں“۔

غرضیکہ اس باب سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

• ○ یہ کہ احادیث مبارکہ سے گستاخانِ نبی (ﷺ) کے لئے سزائے موت کا نافذ

کیا جانا ثابت ہے۔ اور فی الواقع بہت سی نظائر موجود ہیں۔

• ○ یہ کہ رسولِ پاک (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کو ایذا پہنچانے والوں کو خود آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے

حکمِ خاص سے ٹھکانے لگایا جاتا رہا۔

• ○ یہ کہ گستاخان و شاتمان کو جن اصحابؓ نے کیفرِ کردار تک پہنچایا، آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

نے ان کی تحسین فرمائی اور اظہارِ مسرت کیا۔

• ○ یہ کہ بنو قریظہ کے چھ سات سو کے قریب جنگجو افراد کا قتل کیا جانا، اس پر دلالت

کرتا ہے کہ اللہ کا حکم قائم کرنے کے لئے باطل کی سازشوں، فتنہ پروریوں اور فتنہ انگیزیوں کو بزورِ طاقت بھی مٹایا جا سکتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات تو ایسا کرنا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ اور اس سے غفلت پورے ملی وجود کو ہلاکت سے دوچار کر سکتی ہے۔

• ○ یہ کہ عملِ رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی رو سے یہ نظائر اسلام کی مبادیات و اساسات کا

لازمی حصہ قرار پاتے ہیں۔

• ○ یہ کہ ایسے واقعات میں فقط بدعہدی کی وجہ سے سزائے قتل قائم نہیں کی گئی

تھی۔ بلکہ ان افراد کو مجرد گستاخیِ رسالت کی پاداش میں فنا کے گھاٹ اتارا گیا۔ وگرنہ نقضِ عہد کا قانون وہاں لاگو ہوتا ہے، جہاں کوئی عہد موجود بھی ہو۔ تاریخی شواہد بتاتے ہیں کہ غزوۂ بدر سے واپسی پر گردن مار دیئے جانے والے متذکرہ قیدیوں سے انفرادی طور پر کوئی عہد نہیں بندھا ہوا تھا۔ اور اگر کوئی عہد ہی موجود نہ ہو تو پاسِ عہد کے کیا معنی؟

• ○ یہ کہ سُنّتِ رسول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ثبوت کے بعد اس سے انکار، پورے دین کا

انکار ہے۔ نیز یہ کہ اس کو دل پسند معانی پہنانا، کھینچ تان کر اپنی فکرِ خام کے قریب لانا یا مقراضِ باطل سے پیوست کر کے کوئی حسبِ ضرورت خاکہ بنانا، دراصل شرک فی النبوت ہے اور اس جرم کی سزا بجائے خود موت ہے۔

عہدِ صحابہؓ کی مثالیں

ناموسِ رسالت ﷺ کا موضوع آبگینے سے نازک اور اساسی ہے۔ دراصل یہ مسئلہ ایمان کا معیار ہے۔ عہدِ صحابہؓ کرام میں بھی ارتکابِ توہینِ رسول ﷺ پر موت کی سزا مقرر تھی۔ منافقین کے ارتکابِ گستاخی کے موقع پر صحابہؓ کرامؓ کا حضورِ پُرنور شفیع یوم النشور احمدِ مجتبیٰ، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے ان کے قتل کی اجازت طلب کرنا اس بات کی ایک دلیل ہے کہ صحابہؓ کرامؓ جانتے تھے کہ شاتمِ رسول ﷺ کی سزا قتل ہے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے اپنے صحابہ کو گستاخانِ شانِ رسالت (ابو رافع یہودی اور کعب بن اشرف وغیرہم) کی گردن مارنے کا حکم دیا تھا، اور اس بناء پر وہ علم رکھتے تھے کہ آقا و مولا ﷺ کی شانِ پاک میں زبان درازی کرنے والا لازمی طور پر ہلاکت کا مستحق ہے۔ دوسرا سبب یہ کہ صحابہؓ کرام جانتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے بعض مواقع پر خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر قبولیتِ اسلام کے ساتھ معافی مانگنے والے کی جان بخشی اپنے ذاتی حق و اختیار سے فرمائی تھی۔ آپ ﷺ کو یہ اختیار و حق حاصل تھا کہ کسی کو معاف فرما دیں جیسا کہ بعض احکامِ شرع کے متعلق سند سے ثابت ہے مثلاً ایک صحابی حضرت براء بن عازب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو بردہؓ کو بکری کے ایک بچے کی قربانی کرنے کا حکم دیا اور اجازت مرحمت فرمائی۔ نیز ارشاد فرمایا: ولن تجزی عن احد بعدک تمہارے علاوہ (یہ قربانی) کسی دوسرے پر ہرگز جائز نہیں ہے۔ بناء بریں بعض کا مذہب یہ بھی ہے کہ حلال و حرام اور عذر خواہی کے

قبول و عدم قبول کے امور شرعیہ ، حضور لہٰذا یہ اختیار آپ ﷺ کو تو حاصل منافقین پر حد جاری فرمائیں یا نہ فرمائیں کوئی اور استعمال نہیں کر سکتا۔

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ پر کسی بات سے ناراض ہوئے تو اس نے مجھے اجازت ہو تو اس کا سر قلم کر دوں۔ و غصہ کو ختم کر دیا ہے۔ پھر آپ نے کہا ۔ ’’آپ نے ابھی کیا کہا تھا؟‘‘ کی گردن اڑا دیتا ہوں۔ فرمایا! اگر تم گرے؟ میں نے عرض کی کہ ہاں! (ﷺ) کے بعد یہ کسی کے لئے

بعض علماء جن میں ابو داؤد ابو یعلیٰ وغیرہ بھی شامل ہیں ، نے جواز کی سند پکڑی ہے۔ استدلال صدیقؓ کو گالی دی گئی ہے تو آپؓ کی اجازت طلب کی۔ اگر سیدنا وہ ضرور اسے مار دیتے لیکن صدیقؓ یہ کسی کے لئے جائز نہیں ہے۔

• ○ یہ کہ اگر کوئی نبی کریم ﷺ

تو وہ واجب القتل ہے۔ نیز

قبول و عدم قبول کے امور شرعیہ ، حضور (ﷺ) کے سپرد فرما دیئے گئے تھے۔ لہٰذا یہ اختیار آپ (ﷺ) کو تو حاصل ہے کہ کسی مصلحت یا حکمت کے تحت ان منافقین پر حد جاری فرمائیں یا نہ فرمائیں مگر حضور اقدس (ﷺ) کے علاوہ اسے کوئی اور استعمال نہیں کر سکتا۔

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکرؓ کے پاس تھا۔ آپ ایک آدمی پر کسی بات سے ناراض ہوئے تو اس نے زیادتی کی۔ میں نے کہا اے خلیفۃ الرسول! مجھے اجازت ہو تو اس کا سر قلم کر دوں۔ انہوں نے کہا: میری بات نے اس کے غضب و غصہ کو ختم کر دیا ہے۔ پھر آپ اٹھے، اندر گئے اور بعد ازاں مجھے بلا بھیجا۔ میں گیا تو کہا۔ "آپ نے ابھی کیا کہا تھا؟"۔ میں نے عرض کی کہ مجھے اجازت دیں تو میں اس کی گردن اڑا دیتا ہوں۔ فرمایا 'اگر میں آپ کو حکم یا اجازت دے دوں تو ایسا کر گزرو گے؟ میں نے عرض کی کہ ہاں۔ آپ نے کہا۔ "نہیں! قسم بخدا، رسول اللہ (ﷺ) کے بعد یہ کسی کے لیئے جائز نہیں"۔

بعض علماء جن میں ابوداؤد، اسماعیل، اسحاق القاضی، ابوبکر، عبدالعزیز اور قاضی ابو یعلیٰ وغیرہ بھی شامل ہیں، نے اس سے شاتم رسول (ﷺ) کے قتل کے جواز کی سند پکڑی ہے۔ استدلال یہ ہے کہ ابوہریرہ نے جب دیکھا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو گالی دی گئی ہے تو آپ کو غصہ آیا۔ انہوں نے آپ سے اس آدمی کے قتل کی اجازت طلب کی۔ اگر سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ انہیں حکم یا اجازت دے دیتے تو وہ ضرور اسے مار دیتے لیکن صدیق اکبرؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ (ﷺ) کے بعد یہ کسی کے لیئے جائز نہیں ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل نکات خاصے غور طلب ہیں:

• یہ کہ اگر کوئی نبی کریم (ﷺ) کی بارگاہ اقدس میں زبان درازی کا مرتکب ہو

تو وہ واجب القتل ہے۔ نیز یہ کہ شاتم رسول (ﷺ) کی گردن مار دیا جانا

دراصل اطاعت رسول (ﷺ) ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ نے بعض مواقع پر تعمیل ارشاد خداوندی میں ایسا ہی کیا تھا۔

• یہ کہ محبوب خدا (ﷺ) کے علاوہ کسی اور شخصیت کے بارے میں بدزبانی

کی جسارت کرنے والے کو قتل کی سزا نہیں دی جاسکتی۔ اس لئے کہ یہ سزا توہین رسول (ﷺ) کے جرم میں مختص ہے۔

• یہ کہ جس کسی نے بھی آپ (ﷺ) کی شان میں گستاخی کی، اس کا قتل جائز

اور لازم ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ اس حدیث کے عموم سے مسلمان اور کافر دونوں کے لئے قتل کی سزا کے نافذ العمل ہونے کا استدلال کیا جائے گا۔

• یہ کہ رسول پاک (ﷺ) کی شان بابرکت میں گستاخی کے مرتکبین کے لئے

سزائے قتل کا معاملہ تو حق الیقین کے درجہ تک پہنچا ہوا ہے۔ لیکن بعض صحابہ آپ (ﷺ) کے خلیفہ کے متعلق یاوہ گوئی پر بھی گردن مار دینے کا جذبہ رکھتے تھے۔

• یہ کہ آقا و مولا (ﷺ) کو از روئے حکم الٰہی اپنے شاتمان کو کیفر کردار تک

پہنچا دینے کا اختیار حاصل تھا مگر آپ کے بعد کسی دوسرے شخص کے لئے یہ روا نہیں ہے کہ وہ اپنے کسی دشمن و گستاخ پر یہ حد لاگو کر سکے۔

امام ابن تیمیہ نے "الصارم المسلول علیٰ شاتم الرسول (ﷺ)" میں لکھا ہے کہ حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ ایک عورت حضور نبی کریم (ﷺ) کو گالی دیا کرتی تھی۔ ایک آدمی نے اس کا گلا گھونٹ دیا۔ یہاں تک کہ وہ مر گئی لیکن آقائے نامدار حبیب کردگار (ﷺ) نے ان کا خون رائیگاں فرمایا تو اس سے یہ بات بخوبی واضح ہو جاتی ہے کہ شاتمان نبی کے لئے اللہ و رسول ﷺ کا یہی فیصلہ ہے۔

نہیں تو قاتل سے باز پرس کی جاتی اور قصاص یا دیت کا اجراء ہوتا۔ لہٰذا یہ حدیث شاتم رسول (ﷺ) کے قتل کے جواز پر نص ہے۔

اس واقعاتی حدیث سے یہ نتائج اخذ ہوتے ہیں:

• یہ کہ عہدِ رسالت مآب (ﷺ) میں آپ ﷺ کے دشمن و گستاخ کو

واصل فی النار کیا گیا تو مولائے کائنات (علیہ السلام) نے گویا کہ اس کی تائید فرمادی۔

• یہ کہ صحابہ کرام کا رویّہ گستاخان رسول (ﷺ) کو قتل کر دینے کا تھا اور

موقع ملتے ہی وہ اس پر عمل بھی کر گزرے۔

• یہ کہ گستاخ رسول (ﷺ) کو عدالت کے کٹھرے تک لے جانا یا اس سلسلے

میں قانون کے تقاضے پورے کرتے رہنا لازم نہیں ہے۔ اگر گستاخی کا ٹھوس ثبوت میسّر آجائے تو کوئی بھی مسلمان اس کو ہلاک کر سکتا ہے۔

• یہ کہ اگر حکومت و ریاست اسلامی نوعیت کی ہو اور یقین کیا جائے کہ حاکم و

عدالت گستاخ رسول (ﷺ) کو قرار واقعی سزا دیں گے تو پھر مجرم کو ازخود انجام تک پہنچانے کی بجائے قانون و انتظامیہ کے سپرد کر دینا موزوں ہے۔

• یہ کہ رسول خدا (ﷺ) کی اہانت و تنقیص پر چپ رہنا بے غیرتی و بے

حمیتی ہے۔ دینِ فطرت کی رُو سے بے غیرت کا کوئی دین نہیں ہوتا۔ اور یہ اس درجہ کی بے غیرتی ہے کہ سرکارِ اقدس (ﷺ) کی توہین برداشت ہو جانا بے ایمان ہونے کا اعلان ہے۔

سیدنا حضرت ابو بکر صدیقؓ کو اپنے زمانۂ خلافت میں اطلاع ملی کہ فلاں والی نے ایک عورت کے دانت اکھڑوا دیئے ہیں، کیونکہ اس عورت نے حضور علیہ السلام کی شانِ عالی میں بعض ناروا کلمات بکے تھے۔ اس پر آپ نے فرمایا: "اب سزا دی جا چکی ہے۔ ورنہ میں حکم دیتا کہ عورت کو قتل کر

دیا جائے۔ اس لیے کہ جو رسول اللہ (ﷺ) کی شان مبارک میں ارتکاب گستاخی کرے' اس کی سزا قتل ہے"۔ نہ صرف یہ بلکہ ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے فرطِ عقیدت میں کہا تھا:

"مجھے محبوب خدا ﷺ خود خدا سے بھی زیادہ محبوب ہیں"۔ وجہ یہ قرار پائی کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت بھی تو آپ کے وسیلۂ جلیلہ سے ہی حاصل ہوئی۔ ورنہ لوگ گمراہی کی وادیوں میں بھٹک رہے ہوتے اور توحید پرستی کی بجائے مظاہر پرستی میں مر کھپ جاتے۔ حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ اس مضمون کو یوں باندھتے ہیں:

معنیٰ حرفم کنی تحقیق اگر

بنگری با دیدۂ صدیق اگر

قوتِ قلب و جگر گردد نبیؐ

از خدا محبوب تر گردد نبیؐ

حضرت سہل بن سعد سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ بنی عمرو بن عوف کے ہاں' ان کے درمیان صلح کرانے کی غرض سے تشریف لے گئے۔ اس اثناء میں نماز کا وقت ہو گیا۔ مؤذن رسولؐ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خدمت میں آ کر عرض کیا کہ کیا آپ نماز پڑھائیں گے اور میں تکبیر کہوں؟ آپ نے جواب دیا' ہاں! حضرت ابوبکر صدیقؓ نماز پڑھانے لگے۔ اتنے میں حضور ﷺ تشریف لے آئے اور صحابۂ کرام حالتِ نماز میں تھے۔ آپ ﷺ پر لوگوں کی نگاہ پڑی تو انہوں نے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیاں' بائیں ہاتھ کی پشت پر مارنا شروع کیں تاکہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو سرکارِ اقدس ﷺ کی آمد کی خبر ہو جائے۔ ادھر سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ کا نماز میں انہماک دیدنی ہوتا تھا۔ لہٰذا صحابۂ کرامؓ نے تصفیق (ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز پیدا کرنا) میں زیادتی کی تو متوجہ ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اپنی جگہ ہی ٹھہرے رہو۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور رسول اللہ ﷺ کے اس حکم پر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی' پھر پیچھے ہٹ کر صف میں مل گئے۔ حضور پاک ﷺ آگے بڑھے' نماز پڑھائی اور

خود خدا سے بھی زیادہ محبوب ہیں"۔ وجہ یہ قرار پائی گئی تو آپ کے وسیلۂ جلیلہ سے ہی حاصل ہوئی۔ ورنہ لوگ بھٹک رہے ہوتے اور توحید پرستی کی بجائے مظاہر پرستی میں مر گئے۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ اس مضمون کو یوں باندھتے ہیں:

عینِ تحقیق اگر قلب و جگر گردد نبیؐ

دیدۂ صدّیقؓ اگر خدا محبوب تر گردد نبیؐ

سعدؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بنی عمرو بن عوف کے درمیان صلح کرانے کی غرض سے تشریف لے گئے۔ اس اثناء میں مؤذن رسولؐ نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کی خدمت میں آکر کہا، کیا آپ نماز پڑھائیں گے اور میں تکبیر کہوں؟ آپ نے جواب دیا، ہاں! وہ نماز پڑھانے لگے۔ اتنے میں حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آئے۔ لوگ جو نماز میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لوگوں کی نگاہ پڑی تو دائیں ہاتھ کی انگلیاں، بائیں ہاتھ کی پشت پر مارنا شروع کیں تاکہ ابوبکرؓ کو حضور اقدس (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی آمد کی خبر ہو جائے۔ ادھر سیدنا ابوبکر صدیقؓ کا نماز میں انہماک دیدنی ہوتا تھا۔ لہٰذا صحابہ کرامؓ نے تصفیق (ہاتھ پر مارنے) میں زیادتی کی تو متوجہ ہوئے تو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آتے دکھائی دیئے، آپؐ نے اشارہ کیا ٹھہرے رہو۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے اس حکم پر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی، پھر پیچھے ہٹ گئے۔ حضور پاک (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آگے بڑھے، نماز پڑھائی اور

جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلام پھیرا تو حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا۔ "اے ابوبکرؓ! تجھے کس چیز نے روکا کہ تو اپنی جگہ (امامت) پر ثابت قدم رہتا۔ جبکہ میں نے تجھے حکم دیا تھا۔ انہوں

نے عرض کیا کہ ابو قحافہ کے بیٹے کو یہ حق نہیں کہ وہ حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے آگے ہو کر نماز پڑھائے“۔

اس سے مترشح ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے عقیدہ و نظریہ کی رو سے حضور اکرم شفیع معظم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا ادب و احترام نماز میں بھی مقدم ہے۔ یہی سبب ہے کہ انہوں نے آقا و مولا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے حکم کے باوجود طریق ادب اختیار کیا اور حضور پاک (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے بھی یہ عذر رد نہ فرمایا، بلکہ اسے شرفِ قبولیت بخشا۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کا دوران نماز پیچھے ہٹ آنا اس امر کی دلیل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ادب و لحاظ، عبادت سے بھی بڑھ کر اور فوقیت کے درجہ میں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ غزوہ بدر میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ایک بیٹے ابو جہل کی قیادت میں تھے۔ ازاں بعد انہیں قبولیتِ اسلام کا شرف حاصل ہوا۔ ایک دن عرض کیا: ”ابا جان! آپ غزوہ بدر میں کئی مرتبہ میری زد میں آئے مگر میں اپنی تلوار کو پیچھے ہٹا لیتا۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے یہ سن کر فرمایا: بیٹا! ربّ کعبہ کی قسم! اگر تو ایک مرتبہ بھی میری تلوار کی زد میں آجاتا تو تیری گردن اڑا دیتا۔ اس لئے کہ میرے آقا و مولا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے مقابل کھڑا ہونے سے تیرا میرا کوئی رشتہ باقی نہیں رہ گیا تھا۔

روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے اہل کوفہ کو لکھا کہ کسی شخص کا نام، نبی پاک (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے نام پہ مت رکھو۔ اس کو ابو جعفر طبری نے بیان کیا ہے اور محمد بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے بھتیجے، محمد بن زید بن خطاب سے فرمایا کہ میں اس بات کو جائز نہیں سمجھتا کہ تمہاری وجہ سے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اہانت ہو۔ واللہ! جب تک میں زندہ ہوں، تمہارا نام ”محمد“ نہ پکارنے دوں گا۔ اور ان کا نام

"عبداللّٰہ" رکھ دیا۔ پھر حضرت عمرؓ نے ارادہ کیا کہ اس بات کی عام ممانعت کر دیں کہ عزت و برکت کے لئے ہی سہی، کوئی شخص انبیاء علیہم السلام کے نام پر نام نہ رکھے۔ لیکن بعد میں اس خیال سے اس لیئے باز رہے، چونکہ رسول اللّٰہ (ﷺ) کے وصال کے بعد آپ (ﷺ) کے نام پر نام اور کنیت پر کنیت جائز ہیں۔ مطلب یہ کہ اگر سید کائنات فخر موجودات (ﷺ) نے تبرکاً اور "سبباً" اس کی اجازت (بعد از وصال) نہ فرمائی ہوتی تو فاروق اعظمؓ لازمی طور پر اس کا حکماً امتناع فرما دیتے۔

"الصارم المسلول علی شاتم الرسول ﷺ" میں ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ کے پاس قبیلہ بنی تمیم سے ایک شخص آگیا اور الذاریات والمرسلات والنازعات کے بارے میں سوال کیا یا ان میں سے کسی ایک کے متعلق کچھ پوچھا۔ سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کی بصیرت نے اس کے قلبی مرض کا اندازہ کر لیا کہ یہ آدمی اپنے دل و دماغ میں رسول اللّٰہ (ﷺ) سے بغض و عناد اور عداوت و کدورت رکھتا ہے۔ اسے گستاخی و بے ادبی کی بیماری لاحق ہے۔ لہٰذا آپ نے اسے حکم دیا: "اپنے سر سے کپڑا ہٹا" جب اس نے کپڑا ہٹایا تو اس کے سر پر بال موجود تھے۔ آپ نے اس سے فرمایا۔ بخدا! اگر میں تیرے سر کو مونڈا ہوا پاتا تو میں تیرے سر کو قلم کر دیتا، جس میں تیری دونوں آنکھیں دھنسی ہوئی ہیں"۔

در حقیقت حضرت عمر فاروقؓ کے ذہن و شعور میں اپنے آقا و مولا (ﷺ) کی بیان فرمائی ہوئی وہ علامات محفوظ تھیں۔ ان نشانیوں میں سے ایک سر کا منڈا ہوا ہونا بھی تھا۔

روح البیان میں علامہ اسماعیل حقیؒ درج فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کو پتا چلا کہ ایک امام مسجد نماز میں ہمیشہ سورہ عبس کی قراءت کرتا ہے تو آپ نے اسے موت کا ذائقہ چکھا دیا، اس لیئے کہ وہ حضور اقدس (ﷺ) کے مقامات جلیلہ و درجات عالیہ کی تنقیص کے ارادے سے کہ مقتدیوں کے دل میں سے قدر و منز عظمت کا احساس کم ہو۔ یہی سبب ہے کہ واقعہ کی مناسبت سے درج ذیل امور مستن

• ○ یہ کہ قرآن مجید فرقان حمید کی ک

(ﷺ) کی تنقیص کرے ارادہ و نیت جرم اور ناقابل تلافی گناہ ہے کہ اس پر کرے حضور اشارہ و کنایہ سے گستاخی بھی کفر

• ○ یہ کہ شاتم رسول (ﷺ) سے

قابل قبول ہو گی، اور نہ ہی الفاظ کے پیچ قرآنی و عمل نبوی ﷺ کے فلسفہ و

حضرت عثمان ذوالنورینؓ کرے بار سے سرور کائنات (ﷺ) سے بیع اور مبارک جانا، اور یہ کہ اپنے آقا و مولا گوارا نہیں ہوا تھا۔ باوجود اس کرے کہ تھی۔ بات دراصل یوں ہے کہ سیدنا عث (ﷺ) کی نسبت و تعلق ہی سے باقی نہ رہی تھی۔ لہٰذا وفور شوق میں بیع تعلق اور روحانی و وجدانی نسبت ہی تو ب ہے۔

سیدنا حضرت علی المرتضیٰؓ تاز

عمرؓ نے ارادہ کیا کہ اس بات کی عام ممانعت کر دیں کہ کوئی شخص انبیاء علیہم السلام کے نام پر نام نہ رکھے۔ اس لیے باز رہے، چونکہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے کے نام پر نام اور کنیت پر کنیت جائز ہیں۔ مطلب ذات (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تبرکاً و نسبتاً اس کی اجازت تو فاروق اعظمؓ لازمی طور پر اس کا حکماً امتناع فرما دیتے۔ علی شاتم الرسول صلی اللہ علیہ وسلم" میں ہے کہ حضرت عمر نے ایک شخص آ گیا اور الذاریات والمرسلات والنازعات میں سے کسی ایک کے متعلق کچھ پوچھا۔ سیدنا حضرت نے قلبی مرض کا اندازہ کر لیا کہ یہ آدمی اپنے دل و دماغ سے بغض و عناد اور عداوت و کدورت رکھتا ہے۔ اسے ہے۔ لہٰذا آپ نے اسے حکم دیا: "اپنے سر سے کپڑا ہٹا" کے سر پر بال موجود تھے۔ آپ نے اس سے فرمایا۔ بخدا! پاتا تو میں تیرے سر کو قلم کر دیتا، جس میں تیری دونوں

عمر فاروقؓ کے ذہن و شعور میں اپنے آقا و مولا ہو گئی وہ علامات محفوظ تھیں۔ ان نشانیوں میں سے ایک

علامہ اسماعیل حقیؒ درج فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کو پتا چلا ہمیشہ سورہ عبس کی قراءت کرتا ہے تو آپ نے اسے اس لیے کہ وہ حضور اقدس (صلی اللہ علیہ وسلم) کے مقامات جلیلہ و

درجات عالیہ کی تنقیص کے ارادے سے اس کی قرائت کیا کرتا تھا۔ مقصد اس کا یہ تھا کہ مقتدیوں کے دل میں سے قدر و منزلت جاتی رہے اور قدر و منزلت و رفعت و عظمت کا احساس کم ہو۔ یہی سبب ہے کہ وہ نگاہِ فاروقی میں واجب القتل ٹھہرا۔ اس واقعہ کی مناسبت سے درج ذیل امور مستنبط ہوتے ہیں:

- یہ کہ قرآن مجید فرقان حمید کی کوئی سورۃ یا آیہ بھی اگر صاحب الکتاب

(صلی اللہ علیہ وسلم) کی تنقیص کے ارادہ و نیت سے پڑھی جائے تو ایک ایسا ناقابلِ معافی جرم اور ناقابلِ تلافی گناہ ہے کہ اس پر لازماً ”حد“ جاری ہو گی۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور اشارہ و کنایہ سے گستاخی بھی گردن زدنی ٹھہرا دیتی ہے۔

• یہ کہ شاتم رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے نہ تو توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا، نہ کوئی توجیہ

قابلِ قبول ہو گی، اور نہ ہی الفاظ کے پیچوں میں الجھا جائے گا، بلکہ سادہ طریق سے حکم قرآنی و عمل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے فلسفہ و روح پہ نظر رکھ کر فیصلہ صادر ہو گا۔

حضرت عثمان ذوالنورینؓ کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ انہوں نے جس ہاتھ سے سرورِ کائنات (صلی اللہ علیہ وسلم) سے بیعت کی تھی، ہمیشہ اس کی تقدیس محفوظ رکھی اور مبارک جانا، اور یہ کہ اپنے آقا و مولا (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بغیر طواف کعبہ بھی انہیں گوارا نہیں ہوا تھا۔ باوجود اس کے کہ کفار مکہ نے انہیں بخوشی اجازت دے دی تھی۔ بات دراصل یوں ہے کہ سیدنا حضرت عثمان غنیؓ نے کعبہ کو بھی حضور پُرنور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نسبت و تعلق ہی سے جانا اور پہچانا ہوا تھا۔ وگرنہ ان پر کوئی پابندی باقی نہ رہی تھی۔ لہٰذا وفور شوق میں بیت اللہ کا طواف فرما لیتے۔ یہ قلبی و جذباتی تعلق اور روحانی و وجدانی نسبت ہی تو ایمان کی حقیقت ہے اور حقیقت میں ایمان ہے۔

سیدنا حضرت علی المرتضیٰؓ ”تاریخ اسلام کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ روشنی کا

مینارِ معرفت کی بہار، طریقت و وفا، علم اور حلم اور کردار و عمل کا ایک چراغِ نور۔ ہجرت کی رات شدید ترین خطرے کے باوجود، پورے اطمینانِ قلبی کے ساتھ، رسول اللہ (ﷺ) کے بستر پر لیٹے رہنا انہی کے حصہ میں آیا تھا۔ کہاں کا خوف؟ آج تو وہ عرش نشیں تھے۔ معاہدۂ حدیبیہ (۶ ہجری) کے موقع پر ان کے عرفان و وجدان کا ایک اور منفرد حوالہ سامنے آتا ہے۔ طے پایا تھا کہ معاہدے کا متن حضرت علیؓ تیار کریں گے۔ انہوں نے عبارت کے آغاز میں لکھا کہ یہ معاہدہ محمدٌ رَّسُولُ اللہ (ﷺ) اور اہل مکہ کے مابین ہے۔ اس پر کفار مکہ کی نمائندگی کرتے ہوئے سہیل بن عمرو نے اعتراض کیا۔ اس کا مؤقف تھا کہ اصل جھگڑا تو یہی ہے۔ جب ہم آپ ﷺ کو اللہ کا رسول مان لیں گے تو پھر کوئی اختلاف باقی نہیں رہ جاتا۔ لہٰذا یہ جملہ کاٹ دیا جائے۔ نبی کریم (ﷺ) نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ محمد رسول اللہ (ﷺ) کی جگہ محمد بن عبداللہ لکھ دیں۔ مگر انہیں اس ارشاد کی تعمیل میں تامل تھا۔ سیّد الثقلین نبی الحرمین (ﷺ) حضرت علیؓ کی جھجک کو فوراً سمجھ گئے کہ ان کا ذوق یہ گوارا نہیں کر رہا۔ آپ ﷺ نے ناراضی و خفگی کا اظہار نہیں فرمایا۔ لیکن چونکہ حکمت خداوندی کے تحت صلح حدیبیہ آگے چل کر فتح مبین ثابت ہونے والی تھی اور اس بات کو آقا و مولا (ﷺ) ہی جانتے تھے۔ لہٰذا رسول پاک (ﷺ) نے معاہدہ کی دستاویز حضرت علیؓ سے لے کر اپنے ہاتھ سے ان الفاظ کو بدل دیا۔

غور طلب امر یہ ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ جیسے عظیم صحابی اور مزاج شناسِ رسول (ﷺ) نے اپنے آقا و مولا (ﷺ) کا یہ حکم کیوں نہیں مانا؟ اور مولائے انبیا (ﷺ) نے اسے حکم عدولی کیونکر نہ جانا؟ درحقیقت حضرت علیؓ کا بے پایاں عشق، اس کی اجازت نہ دیتا تھا اور محبت و عقیدت کے جذبات و احساسات کو

حقیقت و وفا، علم و حلم اور کردار و عمل کا ایک چراغِ نور۔ ہجرت خطرے کے باوجود، پورے اطمینانِ قلبی کے ساتھ، رسولِ اللہ پر لیٹے رہنا انہی کے حصہ میں آیا تھا۔ کہاں کا خوف؟ آج تو وہ حدیبیہ (۶ ہجری) کے موقع پر ان کے عرفان و وجدان کا ایک آتا ہے۔ طے پایا تھا کہ معاہدے کا متن حضرت علیؓ تیار کریں ت کے آغاز میں لکھا کہ یہ معاہدہ محمد رسول اللہ (ﷺ) ہے۔ اس پر کفارِ مکہ کی نمائندگی کرتے ہوئے سہیل بن عمرو نے قف تھا کہ اصل جھگڑا تو یہی ہے۔ جب ہم آپ ﷺ کو گے تو پھر کوئی اختلاف باقی نہیں رہ جاتا۔ لہٰذا یہ جملہ کاٹ دیا (ﷺ) نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ محمد رسول اللہ بن عبداللہ لکھ دیں۔ مگر انہیں اس ارشاد کی تعمیل میں تامل بین (ﷺ) حضرت علیؓ کی جھجک کو فوراً سمجھ گئے کہ ان رہا۔ آپ ﷺ نے ناراضی و خفگی کا اظہار نہیں فرمایا۔ بندی کے تحت صلحِ حدیبیہ آگے چل کر فتحِ مبین ثابت ہونے کو آقا و مولا (ﷺ) ہی جانتے تھے۔ لہٰذا رسولِ پاک دہ کی دستاویز حضرت علیؓ نے لے کر اپنے ہاتھ سے ان الفاظ کو ریہ ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ جیسے عظیم صحابی اور مزاج شناس نے اپنے آقا و مولا (ﷺ) کا یہ حکم کیوں نہیں مانا؟ اور (ﷺ) نے اسے حکم عدولی کیونکر نہ جانا؟ درحقیقت حضرت علیؓ کا اجازت نہ دیتا تھا اور محبت و عقیدت کے جذبات و احساسات کو

سرکار مدینہ (ﷺ) سے بہتر کون سمجھ سکتا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ آپ (ﷺ) نے حضرت علی المرتضیٰ کے قرینہ کی قدر فرمائی۔ اس سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ بارگاہِ نبوی (ﷺ) میں ادب و احترام اور الفت و ارادت کے انداز بالکل نرالے ہیں۔

حضرت خالد بن ولیدؓ نے مالک بن نویرہ کو محض اس لئے قتل کر دیا تھا کہ اس نے حضور اکرم شفیعِ معظم (ﷺ) کو "تمہارے ساتھی" کہا تھا۔ یہ بنو تمیم کا سردار تھا۔ اس نے امام الانبیا (ﷺ) کے وصال کے بعد زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا تو حضرت ابو بکر صدیقؓ نے حضرت خالدؓ کو اس کے پاس بھیجا۔ اس نے کہا کہ میں نماز تو پڑھوں گا، لیکن زکوٰۃ نہیں دوں گا۔ یہ غلط نہیں ہے اس

لئے کہ تمہارے ساتھی (رسول اللہ) ایسا ہی کہتے تھے۔ حضرت خالدؓ نے کہا۔ ”کیا رسول اللہ (ﷺ) ساتھی ہیں؟“ اس نے پھر یہی جملہ کہا تو حضرت خالدؓ نے ضرارؓ بن ازور کو حکم دیا اور انہوں نے اس کی گردن مار دی۔

صاحب الشفاء کہتے ہیں کہ ابراہیم بن حسین بن خالد الفقیہ نے حضرت خالدؓ بن ولید کے اس عمل سے یہ دلیل پکڑی ہے کہ اگر کوئی تحقیر کے الفاظ بھی اپنی زبان سے نکالتا ہے تو وہ واجب القتل ہے۔

الغرض یہ گستاخئ رسالت ایک فتنہ ہے، سب سے بڑا فتنہ۔ گستاخ درحقیقت وطن، قوم اور دین کا قاتل ہوتا ہے۔ سب سے بڑا قاتل۔ اور فطری تقاضا ہے کہ اس نوع کے نشان تک مٹا کر رکھ دیئے جائیں۔ لہٰذا شاتمِ رسول (ﷺ) کا قتل پوری قوم کا فرض ہے۔۔۔۔ فرضِ عین ہے!

”مغزِ قرآں، رُوحِ ایماں، جانِ دیں“

موجودہ دور میں "شتم رسول (ﷺ)" کا مسئلہ بڑی شدّ و مد کے ساتھ زیر بحث آیا ہے اور یہ علماء کی صف سے نکل کر گویا عوام کا موضوع بن گیا۔ اس کا سب سے بڑا سبب سلمان رشدی کی رسوائے زمانہ کتاب شیطانی آیات (The Statanic Verses) کو قرار دیا جا سکتا ہے۔ کذب و افتراء پر مبنی یہ ناپاک فتنہ ۱۹۸۸ میں مرحلۂ اشاعت سے گزرا۔ ایک طرف تو مسلمانان عالم اس کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے اور شدید غم و غصے کا اظہار کیا۔ جبکہ دوسری طرف چند بزعم خود دانشور و مبلغ اپنا ہی راگ الاپ رہے تھے۔ ان کے عجمی فلسفے کا نچوڑ یہ تھا کہ موجودہ زمانے کے مسلمان نہ صرف یہ کہ دعوت کا کام نہیں کر رہے ہیں بلکہ وہ مسلسل طور پر دعوت کو قتل کرنے میں مشغول ہیں۔ انہی دعوت کُش سرگرمیوں میں سے ایک سرگرمی وہ ہے جو "شتم رسول (ﷺ)" کے خلاف مسلمان ہر جگہ جاری کیئے ہوئے ہیں۔ فرزندان اسلام کا اپنے آقا و مولا (ﷺ) کے ساتھ یہ جذباتی تعلق "ناقابل فہم" ہے۔ اس موضوع پر ایک صاحب لکھتے ہیں:

"مسلمانوں میں سے جو لوگ سلمان رُشدی کے قتل کی وکالت کر رہے ہیں وہ شتم رسول (ﷺ) کے مسئلہ کو اس طرح بیان کرتے ہیں گویا کہ یہ کوئی عام اور مطلق حکم ہے۔ یعنی یہ کہ جب بھی کوئی شخص، رسول (ﷺ) پر سبّ و شتم کرے، اس کو فوراً قتل کر دیا جائے۔ از روئے مسئلہ اس میں مسلم اور غیر مسلم کی تخصیص نہیں۔ اسی طرح اس کا تعلق کسی ایک پیغمبر سے بھی نہیں ہے بلکہ تمام پیغمبروں سے ہے۔ قرآن میں جن پیغمبروں کا ذکر ہے ان میں سے کسی ایک پیغمبر پر سبّ و شتم کرنا فوراً آدمی کو گردن زدنی قرار دے دیتا ہے۔ اگر شتم کے اس مسئلہ کو صحیح مان لیا جائے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ صدیوں سے تمام علماء اور تمام مسلمان حکمران

اس معاملہ میں مجرمانہ غلطی کرتے رہے ہیں۔ کیونکہ بار بار سَبّ و شتم کا واقعہ ہونے کے باوجود انہوں نے اس مسئلہ پر عمل نہیں کیا، نہ علماء نے قتل کے فتوے دیے، اور نہ حکمرانوں نے ایسے لوگوں کو قتل کروایا۔ جن علماء اور فقہاء کے یہاں یہ مسئلہ ہے کہ سَبّ و شتم کرنے والا شخص واجب القتل ہے، وہ ان کے نزدیک صرف پیغمبر اسلام (ﷺ) کے لیئے نہیں ہے بلکہ خدا کے تمام پیغمبروں کے لیئے ہے۔ امام ابنِ تیمیہ نے اپنی کتاب میں ایک مستقل باب اس عنوان کے تحت قائم کیا ہے: " فصل فی ان حکم سَبّ سائر الانبیاء کحکم سَبّ نبینا علیہ السلام" اس باب کے تحت ابنِ تیمیہ نے لکھا ہے کہ تمام پیغمبروں کو سَبّ و شتم کرنے کا وہی حکم ہے، جو ہمارے پیغمبر (ﷺ) کو سَبّ و شتم کرنے کا حکم ہے۔ پیغمبروں میں سے جس پیغمبر کو بھی کوئی شخص سَبّ و شتم کرے وہ کافر ہے اور اس کا خون حلال ہے۔ ایک طرف اس مسئلہ کو سامنے رکھیئے۔ دوسری طرف یہ دیکھیئے کہ فقہاء کے یہاں سَبّ و شتم کا دائرہ اس قدر وسیع ہے کہ کسی نبی کا اشارہ سے بھی تحقیر کرنا شتم میں داخل ہے۔ ایک مثال اس کو واضح کرتی ہے۔ امام ابو یوسف نے ایک مرتبہ یہ حدیث بیان کی کہ رسول اللہ (ﷺ) کھانے میں کدّو کو پسند کرتے تھے اور اس کو رغبت سے کھاتے تھے۔ اس پر جماعت میں سے ایک شخص اٹھا اور اونچی آواز سے کہنے لگا کہ مجھے تو کدّو پسند نہیں۔ امام ابو یوسف نے اس کے اس کلام کو شتم قرار دیا اور اس کے قتل کا حکم دے دیا۔ آخر کار اس شخص نے توبہ کی اور (حنفی مسلک کے مطابق) اس کی معافی ہوئی۔ اب اگر وہی مسئلہ ہو جو بظاہر اوپر کے بیان میں نظر آتا ہے تو علماء اسلام کو چاہیئے تھا کہ ایسے تمام شاتمین کے بارہ میں قتل کا فتویٰ دیں۔ اور پھر عام مسلمانوں سے یا مسلم حکومتوں سے یہ کہیں کہ وہ انہیں فوراً قتل کر دیں۔ مگر حال یا ماضی کی تاریخ میں کبھی ایسا نہیں کیا گیا۔ ایک مثال لیجیئے۔ مرزا غلام

احمد قادیانی نے بتکرار حضرت مسیح علیہ السلام کی شان میں واضح گستاخیاں کی ہیں۔ مثلاً اس کا ایک شعر یہ ہے:

ابن مریمؑ کے ذکر کو چھوڑو

اس سے بہتر غلام احمد ہے

رسولؐ پر اس سبّ و شتم کے باوجود مولانا (انور شاہ) کشمیری نے اور نہ دوسرے علماء نے یہ کہا کہ مرزا غلام احمد قادیانی کو قتل کر دو۔ قادیانی اپنے کھلے ہوئے سبّ و شتم کے باوجود زندہ رہا۔ یہاں تک کہ وہ اپنی طبعی موت سے مر کے خدا کے یہاں پہنچ گیا"۔

مرقومہ بالا اقتباس میں کئی بنیادی، معلوماتی اور واقعاتی غلطیاں در آئی ہیں۔ ایک تو یہ کہ شتمِ رسول (ﷺ) پر سزائے موت کو جھٹلانے کی کوشش کی گئی ہے۔ دوسرا یہ کہ پیغمبروں پر سبّ و شتم کے مسئلہ کی روح اور اس کے تناظر کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ مزید برآں اس میں یہ تاثر دینے کی جسارت کی گئی ہے کہ گویا آغازِ اسلام سے لے کر اس صدی کی ابتدا تک علماءِ دین نے اس امر کا کبھی فتویٰ دیا، اور نہ ہی مسلم حکمرانوں نے اس نوع کا کوئی رویہ اختیار کیا ہے۔ اس پر مستزاد، بین السطور کچھ ایسا تاثر اجاگر کیا گیا ہے کہ جس سے معلوم ہو، تاریخ اسلام میں جیسے معدودے چند علماءِ کرام ہی اس نقطۂ نظر کے حامی رہے ہیں۔ علاوہ ازیں کدّو کے حوالے سے امام ابو یوسفؒ کے ایک فتویٰ کا تذکرہ مسطور ہے، جس میں توبہ کو قبول کر لیا گیا تھا۔ اس کے ساتھ ہی حتمی طور پر قرار دے دیا گیا کہ ملتِ اسلامیہ کی پوری تاریخ میں اس امر کی کوئی مثال دستیاب نہیں ہو سکتی۔ آخر مُسَیلِمۂ پنجاب مرزا قادیانی کے بارے میں مولانا انور شاہ کشمیری وغیرہم کا ایسا کوئی فتویٰ نہ دینے کو دلیل ٹھہرایا گیا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر مولانا انور شاہ کشمیری وغیرہم نے اس طرز کا

کوئی فتویٰ صادر کیا ہوتا تو کیا معترض و مخالف، گستاخِ رسول ﷺ کی سزائے قتل کے قائل ہو جاتے؟ حالانکہ دین اسلام کے ہر قابل ذکر فقیہ، محدث، فقیہ، مجتہد، مفتی، مفسر، محدث اور محقق و مصنف نے روحِ دین کے بالکل عین مطابق گستاخِ رسالت کی سزا کے طور پر قتل و ہلاکت کو ہی تسلیم و تجویز کیا ہے۔ آئیے، اسلاف و اخلاف کے افکار و کردار کی روشنی میں "اس جدید گروہ" کے موقف کا تفصیلی جائزہ لیتے ہیں۔

حضرت علی المرتضیٰؓ سے مروی ہے کہ رسول مکرم شفیع معظم ﷺ نے ارشاد فرمایا:۔ "جو شخص کسی نبیؑ کو گالی دے اسے قتل کر دو اور جو میرے کسی صحابیؓ کو گالی دے اسے کوڑے مارو"۔

الشفاء کا پورا نصف بتعریفِ حقوق المصطفیٰ ﷺ قلمبند ہوا ہے۔ ابو الفضل قاضی عیاضؒ نے اس میں موضوع سے متعلق ایک قابل قدر اور مدلل و مستند سرمایہ و ذخیرہ جمع فرما دیا ہے۔ لکھتے ہیں:

"ابو بکر بن منذر نے کہا ہے کہ عامہ اہلِ علم کا اس امر پر اجماع ہے کہ جو شخص سرورِ انبیاء ﷺ کو گالی دے اسے قتل کر دینا چاہیے۔ یہ بات حضرت مالکؒ بن انسؒ، لیثؒ، احمد اور اسحاق وغیرہ ہم نے بھی کہی ہے۔ یہی امام شافعیؒ کا مسلک ہے"۔

"حضرت ابو بکر صدیقؓ کے قول کا بھی تقاضا یہی ہے (کہ اسے قتل کر دیا جائے) اور تمام علماء کے نزدیک اس کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔ امام ابو حنیفہؒ اور ان کے ساتھی سفیان ثوریؒ، اہلِ کوفہ اور اوزاعیؒ کا بھی یہی خیال ہے۔ البتہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ عملِ ارتداد ہے (یعنی آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والا مرتد کے حکم میں ہے)۔ اسی بنا پر ایسے شخص سے توبہ کرانے اور تکفیر کرنے کے مسئلے

میں اختلاف ہے کہ آیا کہ اس کو قتل کرنا حدِّ شرعی ہے یا محض تکفیر کافی ہے۔ البتہ اس معاملے میں ذرا اختلاف نہیں ایسا شخص مباح الدم (جس کا مار ڈالنا جائز ہو) ہے۔ لیکن مشہور بات وہی ہے جو محمد بن سحنون کہتے ہیں کہ تمام علماء امت کا اس امر پر اجماع ہے کہ شاتم النبیؐ یا وہ شخص جو آپ (ﷺ) میں نقص نکالے کافر اور مستوجب وعید و عذاب ہے اور پوری امت کے نزدیک واجب القتل ہے اور جو شخص ایسے شخص کے کافر اور مستحق عذاب ہونے میں کوئی شک کرے وہ خود کافر ہے"۔

"ابو سلیمان خطابی کہتے ہیں کہ میں مسلمان علماء میں سے کسی ایسے شخص کو نہیں جانتا جو آپ ﷺ کو گالی دینے والے کو قتل کرنے کا قائل نہ ہو"۔ (جب کہ وہ مسلمان ہو۔ اگر کافر ہو تو اس کے لیے علیحدہ بحث ہے)

"ابن القاسم نے عتبہ میں لکھا ہے کہ جو نبی اکرم (ﷺ) کو گالی دے یا آپ ﷺ پر عیب لگائے یا آپ ﷺ میں نقص نکالے، اسے قتل کیا جائے اور ساری امت کے نزدیک اس کو قتل کرنے کا حکم اسی طرح ہے جس طرح زندیق کو قتل کرنے کا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور (ﷺ) کی تعظیم و توقیر کو فرض قرار دیا ہے"۔

"مبسوط میں عثمان بن کنانہ سے مروی ہے کہ جو شخص مسلمان ہو کر حضور (ﷺ) کو گالی دے اسے قتل کیا جائے یا زندہ سولی دی جائے۔ اس کی توبہ قبول نہ کی جائے اور حاکم کو اختیار ہے کہ اس کو زندہ سولی دے یا اس کی گردن مار دے"۔

"ابو مصعب اور ابن ابی اویس کی روایت میں ہے کہ ہم نے امام مالکؒ سے سنا ہے۔ وہ فرماتے تھے کہ جو شخص حضور پاک (ﷺ) کو گالی دے یا بُرا کہے یا عیب لگائے یا آپ ﷺ پر کوئی نقص عائد

کرے اسے قتل کیا جائے۔ چاہے وہ مسلمان ہو یا کافر اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔ اور امام احمد بن ابراہیم کی کتاب

میں ہے، امام مالکؒ نے فرمایا کہ جو شخص حضور (ﷺ) کو یا کسی اور نبی کو گالی دے اسے قتل کیا جائے اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے، خواہ وہ مسلمان ہو یا غیر مسلمان"۔

"اصبغ کہتے ہیں کہ ہر صورت میں اسے قتل کیا جائے، چاہے وہ اعلانیہ گالی دے یا خفیہ طور پر، اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے، کیونکہ توبہ کا حال معلوم نہیں"۔

"اشہب نے امام مالکؒ سے اور امام مالکؒ نے وہب سے روایت کی ہے کہ جس شخص نے یہ کہا کہ نبی کریم (ﷺ) کی چادر یا آپ ﷺ کی قمیص کی گھنڈی میلی ہے اور اس سے اس کا ارادہ آپ ﷺ کی تحقیر کا ہو تو اسے قتل کیا جائے"۔

"ابو الحسن قابسی نے اس شخص کے بارے میں جس نے حضور (ﷺ) کے بارے میں یہ کہا کہ آپ ﷺ حمّال (بوجھ ڈھونے والے) تھے۔ سرکارِ اقدس (ﷺ) کی یہ عادتِ مبارکہ تھی کہ آپ بازار سے سودا سلف خریدنے کے بعد خود اٹھا کر لاتے اور کسی کو نہیں پکڑاتے تھے۔ یا یہ کہے کہ آپ ﷺ ابو طالب کے یتیم تھے تو فتویٰ یہ ہے کہ اسے قتل کر دیا جائے"۔ (کیونکہ وہ ایسا آپ ﷺ کی توہین کے ارادہ و نیت سے کہتا ہے)

"قاضی عبداللہ بن مرابط نے کہا ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ حضور (ﷺ) میدانِ جنگ سے فرار ہو گئے تو اس سے توبہ کرائی جائے۔ اگر وہ توبہ کر لے تو ٹھیک ورنہ اسے قتل کر دیا جائے۔ کیونکہ یہ ایک قسم کا عیب لگانا ہے۔ اور آپ ﷺ اس طرح کے عیوب سے مبرّا ہیں۔ آپ ﷺ کا ہر اقدام بصیرت کی بنیاد پر ہوتا تھا۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو معصوم بنایا تھا"۔

"حبیب بن ربیع قروی نے کہا ہے اور یہی امام مالکؒ اور ان کے شاگردوں کا

مسلک ہے کہ جو شخص نبی اکرم (ﷺ) میں کسی قسم کا نقص نکالے اسے توبہ کرائے بغیر قتل کر دینا چاہیے"۔

"ایسے ہی میں (قاضی عیاضؒ) کہتا ہوں کہ جو شخص آپ ﷺ کو حقیر جانے یا آپ ﷺ کو بکریوں کے چرانے، سہو و نسیان اور جادو کے حملے یا آپ ﷺ کو زخم لگنے یا آپ ﷺ کے لشکر کی شکست یا دشمنوں کی ایذا رسانی یا آپ ﷺ پر مصائب و شدائد کے نزول یا عورتوں کی طرف آپ ﷺ کے میلان کے حوالے سے آپ ﷺ کو عار دلائے یا ہدف تنقید بنائے تو ان سب باتوں کا حکم یہ ہے کہ جو ان باتوں سے آپ ﷺ میں نقص نکالنے کا ارادہ کرے وہ قتل کیا جائے"۔

ایک دفعہ حاکم کوفہ نے حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز سے دریافت کیا کہ کیا میں اس شخص کو قتل کر دوں جو حضرت عمرؓ کو گالی دے؟ تو انہوں نے جواباً لکھا تھا کہ گالی دینے کی بناء پر کسی مسلمان کو قتل کرنا جائز نہیں، البتہ جو کوئی رسول اللہ (ﷺ) کو گالی دے اس کا خون حلال ہے۔

کتب میں مرقوم ہے کہ خلیفہ ہارون الرشید نے ایک بار حضرت امام مالکؒ سے پوچھا تھا کہ جو شخص فخر الرسل (ﷺ) کو گالی دے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ اور ساتھ ہی انہیں بتلایا کہ بعض عراقی فقہا کا فتویٰ ہے کہ اسے کوڑے مارے جائیں، تو امام مالکؒ غصہ ہو گئے اور فرمایا کہ اے خلیفۃ المسلمین! جو امت اپنے نبی کو گالی دے، پھر اس کا کیا ٹھکانا ہے۔ اگر ایسا ہے تو ان عراقی حضرات کا فتویٰ بالکل غلط ہے۔ جو انبیاء علیہم السلام کو گالی دے اسے قتل کرنا چاہیے اور جو نبی اکرم (ﷺ) کے صحابہؓ کو گالی دے اسے کوڑے مارنے چاہئیں۔

ابو الفضل حضرت علامہ قاضی عیاضؒ مزید لکھتے ہیں:

"امام مالکؒ اور اوزاعیؒ نے ثوریؒ، امام ابو حنیفہؒ اور علماءِ کوفہ کی را (ﷺ) کی شان میں گستاخی کف کیا جائے گا گو کہ اس پر کفر کا حکم دریدہ دہنی پر اصرار کرے اور اپنے ہے۔ اس کا قول صریح ہے"۔

توہین و تحقیر کی دو صورتیں

ارادی لاشعوری طور پر۔ یہاں آخر جائے تو نتیجہ یہ برآمد ہو گا کہ بغیر سبب ہے کہ علماء دین اور فقہاء ا دروازہ بند کر دیا ہے۔ اس لئے کہ جائے۔ بات پھر وہی ہے کہ تحقیر لہٰذا توہین و بے حیائی کا ارتکاب ک

غیر ارادی طور پر توہین ا

میں بغیر قصد و ارادہ کے پیغمبر ﷺ پر بہتان طرازی ہو طرح بھی کلمۂ کفر کہا جائے۔ (ﷺ کی طرف ایسی بہ ﷺ کی ذات سے ایسی نوع کے تمام افعال اگرچہ بظاہر نیت گستاخی کی نہ ہو۔ یا اس م

"امام مالکؒ اور اوزاعیؒ سے شامی علماء نے یہی روایت کی ہے۔ یہی سفیان ثوریؒ امام ابو حنیفہؒ اور علماء کوفہ کی رائے ہے۔ اور ایک دوسرا قول یہ ہے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی شان میں گستاخی کفر کی دلیل ہے۔ لہٰذا حدِ شرعی کے تحت اسے قتل کیا جائے گا گو کہ اس پر کفر کا حکم نہیں لگایا جائے گا۔ تاہم اگر وہ اپنی اس گستاخی اور دریدہ دہنی پر اصرار کرے اور اپنے فعل کو برا نہ جانے، نہ اس سے باز رہے تو وہ کافر ہے۔ اس کا قول صریح ہے"۔

توہین و تحقیر کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔ پہلی، قصد و ارادہ ہے۔ دوسری، غیر ارادی لاشعوری طور پر۔ یہاں آخر الذکر صورت کا بیان مقصود ہے۔ اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو نتیجہ یہ برآمد ہو گا کہ بغیر نیت و ارادہ کے تحقیر و اہانت ہو ہی نہیں سکتی۔ یہی سبب ہے کہ علماءِ دین اور فقہاءِ امت نے قرآنی احکامات کی روشنی میں اس کا بھی دروازہ بند کر دیا ہے۔ اس لئے کہ یہ حسّاس موضوع کہیں بازیچۂ اطفال بن کر نہ رہ جائے۔ بات پھر وہی ہے کہ تحقیر و اہانت ہوتی ہی اس وقت ہے جب ارادہ شامل ہو۔ لہٰذا توہین و بے حیائی کا ارتکاب کرنے والوں سے کسی طور رعایت نہیں برتی جا سکتی۔

غیر ارادی طور پر توہین کے زُمرے میں رویّہ و عمل کی وہ قسم شامل ہے جس میں بغیر قصد و ارادہ کے پیغمبر اعظم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بے حرمتی کی جائے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بہتان طرازی ہو۔ یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات سے متعلق کسی طرح بھی کلمۂ کفر کہا جائے۔ (نعوذ باللہ) تکذیب یا گالی کی راہ اختیار کی جائے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایسی باتیں منسوب کی جائیں جو جائز نہیں ہیں یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے ایسی باتوں کی نفی کی جائے جن کا پایا جانا ضروری ہے۔ اس نوع کے تمام افعال اگرچہ بقول کسی کے، "قصداً" اور "ارادتاً" نہ کئے جائیں اور چاہے نیت گستاخی کی نہ ہو۔ یا اس نے ذہنی اضطرار و انتشار یا جہالت و لاعلمی کی وجہ سے

کوئی کلمہ کہہ دیا ہو یا لاپرواہی کے سبب ایسا کچھ سرزد ہو گیا ہو یا پھر قصد الکلامی نہ ہونے کی وجہ سے، حافظے کے نقص، دیدہ دلیری یا نشہ کی حالت میں اس طرح کا کوئی کلام صادر ہوا ہو تو ان تمام صورتوں میں وہی حکم ہے جو پہلی قسم کا تھا۔ اور وہ یہ ہے کہ اسے تہہ تیغ کر دیا جائے۔ اس بات میں کسی قسم کی عذر خواہی تسلیم نہیں کی جا سکتی۔

البتہ ایک صورت میں اسے معذور مان لیا جائے گا جب کہ وہ ایسا کرنے پر مجبور کر دیا گیا ہو۔ بشرطیکہ اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو۔ ثبوت اس کا یہ ہو گا کہ مجبوری و معذوری کی حالت سے باہر آتے ہی اس کی زبان سے اظہار ہو اور عمل گواہ بن جائے۔ تاریخ اسلام میں اس کی ایک نظیر علماء اندلس سے میسر ہے۔ انہوں نے ابن حاتم کے بارے میں فتویٰ دیا تھا، جب کہ اس نے حضور پاک (ﷺ) کے زہد کی نفی کی تھی۔

لیکن حالت مجبوری و معذوری میں بھی ایسا کچھ کہنا غیرت انسانی سے فرو ترین ہے۔ موت برحق ہے اور بہرحال آکر رہے گی۔ اس لیئے اگر کوئی شخص اپنی زبان سے بھی ایمان کی شان برقرار رکھے اور جان پر کھیل جائے تو یہ افضل ترین حوالہ ہے۔ تاہم زندگی میں کوئی مشکل ترین مرحلہ درپیش آ جائے جیسا کہ اندلس میں مسلمانوں کو شامتِ اعمال سے اجتماعی طور پر بھگتنا پڑا تھا، اور اس طرح اگر کوئی شخص دشمنوں کی قید میں ہو اور اس سے بالجبر توہین کروائی گئی تھی یا اس کو ارتداد پر مجبور کر دیا گیا تو اس وقت قتل کا حکم جاری نہیں گا۔ لیکن صرف دشمنوں کے ہاتھ میں قید ہونا کوئی جواز نہیں ہے جیسا کہ محمد بن سحنون کا بھی فتویٰ ہے۔

خاکم بدہن، میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ اگر کوئی فرد ایسی پیچیدہ و نازک صورت حال سے دوچار ہو جائے اور پوری نسل کی زندگیاں داؤ پر لگی ہوں تو اس سے قبل

اسے تبدیلی مذہب یعنی عیسائیت سے یہ تقاضا نہ کیا گیا ہو، مگر ا ایک مسلمان کا تصور مجروح نہ اس بات میں قاضی

"ابو محمد بن ابی زید کے ساتھ گستاخی کرنے میں زہ

"ابو الحسن قبسیؒ نے نشہ کی حالت میں سرکار اقدس بارے میں گمان ہے کہ وہ اند ایسا کرے گا۔ دوسری وجہ یہ ہ نشے کی وجہ سے ساقط نہیں ہو

"امام ابو حنیفہؒ اور ا (ﷺ) سے بیزاری ظا اور اس کا خون حلال ہے۔ البتہ

"امام ابن قاسمؒ (اما کہ حضور (ﷺ) نبی بلکہ یہ آپ ﷺ کے ﷺ کی نبوت یا وجود ک قائم مقام ہے۔ اور ایسے ہی ابن سحنون کا قول ہے کہ جو پوری امت کے نزدیک واجب

اسے تبدیلی مذہب یعنی عیسائی یا ہندو وغیرہ ہو جانے کا اعلان کر دینا چاہیے، خواہ اس سے یہ تقاضا نہ کیا گیا ہو، مگر اپنے دل کو ایمان کی حالت پر قائم رکھے۔ یہ اس لیئے کہ ایک مسلمان کا تصور مجروح نہ ہو اور اسلامی انفرادیت کا بانکپن زندہ و تابندہ رہے۔

اس بات میں قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں:

"ابو محمد بن ابی زید سے روایت ہے کہ حضور سرور کائنات (صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ گستاخی کرنے میں زبان کی لغزش کا عذر نہیں سنا جائے گا"۔

"ابو الحسن قابسیؒ نے ایسے شخص کے بارے میں بھی قتل کا فتویٰ دیا ہے جو نشہ کی حالت میں سرکارِ اقدس (صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم) کو گالی وغیرہ دے۔ کیونکہ اس شخص کے بارے میں گمان ہے کہ وہ اپنے قلبی اعتقاد کی بناء پر ایسا کر رہا ہے اور ہوش میں بھی وہ ایسا کرے گا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ایسے شخص کو قتل کرنا حد شرعی ہے اور حدِ شرعی نشے کی وجہ سے ساقط نہیں ہوتی"۔

"امام ابو حنیفہؒ اور ان کے تلامیذ کا مسلک یہ ہے کہ جو کوئی رسول اللّٰہ (صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم) سے بیزاری ظاہر کرے یا آپ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کو جھٹلائے، وہ مرتد ہے۔ اور اس کا خون حلال ہے۔ الا یہ کہ وہ اپنی اس بات سے رجوع کرے"۔

کے علاوہ وہ فوجی اعتبار سے بھی قلعوں کے مالک اور مضبوط تھے۔ رسول کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے جب ہجرتِ مدینہ اختیار فرمائی تو اس ماحول میں اخوت اور بھائی چارے کی فضا پیدا ہونے لگی۔ اس چیز نے جہاں عرب معاشرہ کو بہت زیادہ فائدہ پہنچایا۔ وہاں اس سے یہودی مفادات پر بھی کاری ضرب لگی۔ یہیں سے ان کی باقاعدہ اسلام دشمنی کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ سلسلہ مدینہ المنورہ میں بنو قینقاع، بنو نضیر اور بنو قریظہ کی سازشوں سے شروع ہو کر فتح خیبر تک پہنچتا ہے اور پھر حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت میں ان کی اعلانیہ بغاوت شروع ہوتی ہے جو بظاہر سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کی شہادت پر اختتام پذیر ہوئی۔

مؤرخ بتاتے ہیں کہ فیروز لؤلؤ یہودی تھا۔ بعض نے اسے عیسائی المذہب بھی لکھا ہے۔ مدینہ المنورہ میں غیر مسلموں کے داخلے پر پابندی کے باوجود وہ ایک خاص طریقہ سے شہر میں داخل ہوتا ہے اور نمازِ فجر کے دوران امیر المؤمنین حضرت عمرؓ کو شہید کر دیتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی اپنے خنجر سے ڈرامائی انداز میں خود کو بھی ختم کر لیتا ہے۔ اس واقعہ میں ایک مشتبہ کردار ہرمزان کا تھا۔ عبداللہ ابن عمرؓ اسے طیش میں آ کر قتل کر دیتے ہیں، اور یوں اس کا پس منظر ہمیشہ کے لئے آنکھوں سے اوجھل ہو جاتا ہے۔ تاہم یہ بات واضح ہے کہ فیروز لؤلؤ کا پابندی کے باوجود مدینہ شریف میں آنا، حضرت عمرؓ کو چکی بنانے کے بارے میں اشارتاً دھمکی دینا، شہادت سے تین یوم پہلے احبار کعب کا روزانہ آ کر بتانا کہ ان کی زندگی کے کتنے دن باقی رہ گئے ہیں؟ نیز فیروز لؤلؤ کا اپنے تئیں فوراً ختم کر لینا ایک گہری سازش کا ضرور پتا دیتا ہے۔

پھر یمن کے شہر صنعاء میں ایک یہودی خاندان سے عبداللہ بن سبا نامی فرد اٹھتا ہے۔ مسلمانوں کے حلقے میں دھیرے دھیرے یہ عقیدہ پھیلاتا ہے کہ ہر نبی کا کوئی وزیر یا وصی ضرور ہوتا ہے اور یہ کہ امامت، نبوت سے بھی اونچا مقام ہے۔ یہ سیدنا حضرت علی المرتضیٰؓ کی دوستی کا دم بھرتا ہ جاتا ہے۔ اس کی ذہنیت کے بطن سے پ کر اس سبائی گروہ نے بڑے گل کھلائے۔ الدین زنگی کے

خوف سے لے کر ترک ہ ہوئی ہیں۔ صلیبی جنگوں کا وہ طویل س بانداز دیگر اب بھی جاری ہے۔ تاریخ ا کے خلاف ایک ہیں، اور اس مشترکہ د

تحریکِ شرارت تو عہدِ رسالت (تھی۔ مدینہ کے یہودی قبائل آپ (انتہائی سرگرم رہے۔ ازاں بعد دنیائے والی کرک ریجی نالڈ نے جزیرہ نمائے مدینہ منورہ پر قابض و مسلط ہو کر گ و منہدم کر دے۔ کتبِ تواریخ می آور ہوا تو مسلمان مقابلے کے لیے کو دیکھ کر گھبرا گئی۔ وہ ساحل پر ل مجاہدینِ اسلام نے انہیں پکڑ پکڑ کر کامیاب ہو گیا۔

بتایا جاتا ہے کہ مسلما (صلی اللہ علیہ وسلم) کی شانِ اقدس میں ب تھی۔ ۱۱۸۶ء میں غالباً تیسری بار اس کر لیا۔ جب اسے ان لوگوں کی ب

حضرت علی المرتضیٰؓ کی دوستی کا دم بھرتا اور اس پردے میں دشمنی کے تمام حربے آزما جاتا ہے۔ اس کی ذہنیت کے بطن سے ہی جنگِ جمل و صفین جنم لیتی ہیں۔ آگے چل کر اس سبائی گروہ نے بڑے گل کھلائے ہیں۔ اس پیچ در پیچ سازش کی کڑیاں نور الدین زنگی کے خلاف سے لے کر ترک عثمانیہ سلطان عبدالحمید کے اقدامات تک پھیلی ہوئی ہیں۔ صلیبی جنگوں کا وہ طویل سلسلہ جو آج سے صدیوں پیشتر شروع ہوا تھا، بہ انداز دیگر اب بھی جاری ہے۔ تاریخ نے یہی ثابت کیا ہے کہ یہود و نصاریٰ مسلمانوں کے خلاف ایک ہیں، اور اس مشترکہ دشمنی کا کوئی اصول یا معیار ہرگز نہیں ہے۔

تحریکِ شماتت تو تیرِ رسالت (ﷺ) کے نمودار ہوتے ہی شروع ہو گئی تھی۔ مدینہ کے یہودی قبائل آپ (ﷺ) کو ایذا دینے اور سَبّ کرنے میں انتہائی سرگرم رہے۔ ازاں بعد دنیائے عیسائیت کی ایک معروف شخصیت، پرنس ارناط والی کرک ایجی نالڈ نے جزیرہ نمائے عرب پر لشکر کشی کا جامع منصوبہ تشکیل دیا تاکہ مدینہ منورہ پر قابض و مسلّط ہو کر گنبدِ خضرا کو شہید اور مکہ مکرمہ میں بیت اللہ کو مسمار و منہدم کر دے۔ کتبِ تواریخ میں مرقوم ہے کہ جب وہ سمندری راستے سے حملہ آور ہوا تو مسلمان مقابلے کے لیے میدان میں موجود تھے۔ اس کی افواج، اسلامی لشکر کو دیکھ کر گھبرا گئی۔ وہ ساحل پر اپنے جہازوں کو چھوڑ کر پہاڑوں کی جانب بھاگ نکلے۔ مجاہدینِ اسلام نے انہیں پکڑ پکڑ کر تہِ تیغ کیا لیکن ریجی نالڈ بھاگ کر جان بچانے میں کامیاب ہو گیا۔

بتایا جاتا ہے کہ مسلمانوں کو اذیت پہنچانا اور نورِ مجسم شفیعِ معظم (ﷺ) کی شانِ اقدس میں ارتکابِ گستاخی کرنا اس کی فطرتِ ثانیہ بن چکی تھی۔ ۱۱۸۶ء میں غالباً تیسری بار اس نے مسلم تاجروں کے ایک قافلے کو لوٹا اور گرفتار کر لیا۔ جب اسے ان لوگوں کی رہائی کے لئے کہا گیا تو اس نے طعن آمیز جواب دیتے

ہوئے کہا کہ تم اپنے نبی پر بڑا ایمان رکھتے ہو، ان سے کہو کہ آکر تمہیں چھڑا لے جائیں۔“ ۔ کہتے ہیں کہ جس وقت سلطان صلاح الدین ایوبی تک ریجی نالڈ کی یہ گستاخانہ بات پہنچی تو انہوں نے قسم کھا کر اعلان کیا کہ اگر خداوند قدوس نے چاہا تو اس مردود ازلی کو میں اپنے ہاتھوں سے ہلاک کروں گا۔

صلیبی لڑائیوں کے دوران ایک مرتبہ ریجی نالڈ مذکور اور اس کے بیٹے قید کر کے مجاہد اسلام سلطان صلاح الدین ایوبی کے سامنے لائے گئے تو مرد غازی نے اس کی تمام بداعمالیاں گنوائیں اور کہا کہ اس وقت میں اپنے آقا و مولا احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ (ﷺ) سے مدد چاہتا ہوں۔ اس کے ساتھ ہی اپنے ہاتھ سے اس کا سر قلم کر دیا، اور فرمایا کہ ہمارا یہ دستور نہیں ہے کہ لوگوں کو خواہ مخواہ مارتے رہیں۔ یہ تو اپنی حد سے بڑھی ہوئی بداعمالیوں اور سرکار رسالت مآب (ﷺ) کے حضور گستاخی کی پاداش میں قتل ہوا ہے۔

اسلامی اندلس میں عبدالرحمٰن الاوسط ایک انتہائی رحم دل اور روادار حکمران تھا۔ اسی عہد میں بہ تعداد کثیر نصرانی روز بروز حلقہ بگوش اسلام ہو رہے تھے۔ اس پر پادری سیخ پا ہوئے۔ ان کو سخت غصہ آیا اور رنج ہوا۔ لہٰذا امیر عبدالرحمٰن کی رواداری و نرم دلی سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے عیسائیوں نے منظم طریق سے شتم رسول (ﷺ) کی تحریک کا آغاز کیا۔ اس بارے میں ایک مشہور مورخ و مبصر ”لین پول“ بالوضاحت لکھتا ہے: ”اندلس میں عیسائیوں کو اپنے مذہبی رسوم آزادی سے ادا کرنے کی جو رعایت حاصل تھیں، یہاں ان کی کج رو فطرت کے باعث متضاد نتیجہ برآمد ہوا۔ اندلسی کلیساؤں کے پادری اپنے گزشتہ مذہبی اقتدار کی بحالی کے خواہاں تھے، لیکن دولت اسلامیہ کی فراخدلانہ و روادارانہ روش سے وہ اپنے پیروکاروں کو برانگیختہ و برافروختہ کرنے کے لیے کوئی فعال کردار ادا نہیں کر پا رہے تھے۔ لہٰذا پادریوں نے

اس بارے میں طویل سوچ بچار کے بعد ایک نیا فکر و عقیدہ تخلیق کیا۔ اس کا نچوڑ یہ تھا کہ مذہب کی اصل روح اور یسوع مسیح کی حقیقی منشا تکلیفیں اٹھانے میں مضمر ہے۔ لہٰذا ناگزیر ہے کہ اسلامی حکمرانوں کو مشتعل کر کے گوشت و پوست اور انسانی جسم کو اذیت پہنچائی جائے تاکہ تزکیہ روح ہو سکے"۔

اس انسانیت سوز تحریک کا بانی' قرطبہ کا ایک راہب 'اولو جینس' تھا۔ یہ اپنے راہبانہ طرز زندگی کی وجہ سے اپنے ہم مذہبوں میں نگاہِ عقیدت سے دیکھا جاتا تھا۔ اس کی متواتر کوشش سے چند غالی عیسائیوں اور مسیحی نوجوانوں میں یہ تحریک پنپ اٹھی اور رفتہ رفتہ اس نے خوب زور پکڑا۔ اس عقیدہ کی رو سے طے پایا کہ وہ اپنی روح کو پاک کرنے کے لئے دین اسلام اور پیغمبر اسلام (ﷺ) پر سبّ و شتم کریں۔

اسلامی قانون و حکومت میں شاتم الرسول (ﷺ) کی سزا قتل ہے۔ گویا تصوّر یہ دیا گیا تھا کہ عیسائیت کے پیروکار نوجوان اپنے پیغمبر' حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تتبّع میں اپنی جان کو قربان کریں گے اور خداوند یسوع مسیح کے منظورِ نظر ٹھہر جائیں گے۔

بتایا جاتا ہے کہ شاتمِ رسول (ﷺ) کی یہ تحریک امیر عبدالرحمٰن الاوسط کے عہد ۸۵۰ء میں شروع ہوئی اور اس کے فرزند و جانشین امیر محمد بن عبدالرحمٰن کے دور ۸۶۰ء میں اپنے انجام کو پہنچی۔ دونوں باپ بیٹے نے گستاخِ رسول (ﷺ) کی جسارت کرنے والوں کو ہمیشہ موت کے گھاٹ اتارا۔ دس گیارہ سال کے عرصے میں بہت سے شاتمانِ رسول (ﷺ) کو واصل فی النار کیا گیا۔ ہیرلیور مور اور این میری شمل نے تعداد بتائے بغیر ان واقعات کا تذکرہ کیا ہے' جبکہ انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں شاتمِ رسول (ﷺ) کی پاداش میں ترپن (۵۳) عیسائی افراد کے

قتل کیے جانے کا ذکر مندرج ہے۔ اسٹیفن لین پول کے بقول ۱۸۵۱ء کے موسم گرما کے صرف دو مہینے سے بھی کم مدت کے اندر گیارہ (۱۱) گستاخانِ نبی (ﷺ) کو ہلاک کیا گیا تھا۔ ان میں مندرجہ ذیل بد بخت بھی موجود ہیں:

یولوجیس: اندلس میں چلائی جانے والی تحریک شاتمِ رسول (ﷺ) کا بانی اور عیسائی پادری تھا۔ جس نے ۸۵۰ میں سرکار مدینہ (صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم) کی سرعام بے ادبی کرنے کی تحریک کا آغاز کیا۔ ۸۵۹ میں بالآخر اس کا سر قلم ہوا اور تب کہیں جا کر اس رسوائے عالم تحریک نے دم توڑا۔

فلورا: یہ قرطبہ کی ایک حسین عیسائی دوشیزہ تھی۔ اس نے گستاخی رسالت کی تحریک میں بڑی سرگرمی سے حصہ لیا۔ بتایا جاتا ہے کہ اس کا باپ مسلمان اور ماں عیسائی تھی۔ باپ کے وفات پا جانے پر ماں نے عیسائیت کے اصولوں کے مطابق اسے تعلیم دلائی اور متعصبانہ تربیت کی۔ پادری یولوجیس اس کے عشق میں مبتلا تھا۔ فلورا کو جب ۲۴ نومبر ۸۵۱ کو موت کے گھاٹ اتارا گیا تو اس نے ایک پُر درد مرثیہ بھی کہا۔ میری نامی ایک اور عیسائی لڑکی اس کی ہم مشرب و ہم خیال تھی۔ یہ دونوں، رسول پاک (ﷺ) کی شانِ زیبا میں پے در پے گستاخانہ کلمات بکتی تھیں۔ یہ بھی اپنی انہی بدکاریوں کی وجہ سے جہنم رسید ہوئی۔ یہ آئزک (جس کا آگے ذکر ہوا ہے) کی بہن تھی اور اپنے بھائی کے راستہ پر چل کر انجام کو پہنچی۔

- ○ پرفیکٹس: یہ گرجا گھر کا ایک پادری تھا۔ اس نے بھی آقائے مدنی (ﷺ)

کے حضور بعض بیہودہ کلمات کہے تھے۔ اور از روئے شرع قاضیِ وقت کے حکم سے اپنے منطقی انجام کو پہنچا اور اس کا سر قلم کر دیا گیا۔

- ○ راہب اسحاق: عیسائی النسل اور قرطبہ کا رہنے والا تھا۔ کچھ دیر امیر عبدالرحمٰن کے

دربار میں کاتب کے طور پر نوکری کی۔ ازاں بعد عہد شباب میں ہی دنیا سے کنارہ کش ہو کر حبانوس کی خانقاہ میں گوشہ نشین ہو کے دل میں جوش پیدا ہوا کہ اپنی جان دے اپنے خبیث باطن کا اظہار کیا اور تاجدار انبیا تھی۔ امیر عبدالرحمٰن نے مردود مذکور کی لٹکا دیا جائے اور ایسا طریقہ اختیار کریں کہ اسحاق کو پھانسی دینے کے بعد اس کی لاش یوں کہ سر نیچے اور پاؤں اوپر۔ پھر اس گیا۔ یہ جون ۸۵۱ء کا واقعہ ہے۔

• ○ سانکو: اسحاق کی ہلاکت کے دو دن

ساتھی تھا، نے ارتکاب گستاخی کیا۔ بتا اور یولوجیس کا شاگرد تھا۔ اسے (ﷺ) کی حرمت و ناموس

• ○ جرمیاس اور جانفوس: کتب

راہب (جن میں ایک اسحاق کا میں بھی مقیم رہتا تھا) قاضی کے با اور سانکو وغیرہ سے الفاظ کا اعادہ سبّ و شتم کرنے لگے۔ ان کو بھی گیا۔

• ○ سیسی نند: یہ بھی پرفیکٹس کی

نبی کریم رؤف الرحیم (ﷺ) ہو کر آتش دوزخ کا ایندھن بن

ہو کر حبانوس کی خانقاہ میں گوشہ نشین ہو گیا۔ متعصب پادریوں کے زیرِ اثر آ کر اس کے دل میں جوش پیدا ہوا کہ اپنی جان دے کر بزرگی حاصل کرے۔ اس نے سرِ عام اپنے خُبثِ باطن کا اظہار کیا اور تاجدارِ مدینہ (ﷺ) کی بارگاہِ ناز میں واہیات بکی تھی۔ امیر عبدالرحمٰن نے مردودِ مذکور کی بابت بطورِ خاص حکم جاری کیا کہ اسے سولی پر لٹکا دیا جائے اور ایسا طریقہ اختیار کریں کہ لوگوں کے لئے عبرت ہو۔ قصہ کوتاہ راہب اسحاق کو پھانسی دینے کے بعد اس کی لاش کئی دن تک لٹکتی رہنے دی گئی اور وہ بھی یوں کہ سر نیچے اور پاؤں اوپر۔ پھر اس ازلی بدبخت کی لاش جلا کر راکھ کو دریا میں بہا دیا گیا۔ یہ جون ۸۵۱ء کا واقعہ ہے۔

• ◯ سانکو: اسحاق کی ہلاکت کے دو دن بعد ایک افرنجی عیسائی جس کا نام سانکو سینکو یا

سانچو تھا' نے ارتکابِ گستاخی کیا۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ امیر عبدالرحمٰن کی فوج میں سپاہی اور یولوجیس کا شاگرد تھا۔ اسے بھی اسلامی دستور کے مطابق پیغمبرِ اسلام (ﷺ) کی حرمت و ناموس میں بکواس کرنے پر موت کے گھاٹ اتار دیا گیا تھا۔

• ◯ جرمیاس اور حابنوس: کتبِ تواریخ میں مرقوم ہے کہ ۷ جون ۸۵۱ء بروز اتوار چھ

راہب (جن میں ایک اسحاق کا چچا جرمیاس مذکور اور دوسرا حابنوس جو اپنے حجرے میں تنہا مقیم رہتا تھا) قاضی کے پاس آئے اور کہا کہ ہم بھی اپنے دینی بھائیوں اسحاق اور سانکو وغیرہم کے الفاظ کا اعادہ کرتے ہیں اور پیغمبر حسن و جمال (ﷺ) پر سبّ و شتم کرنے لگے۔ ان کو بھی ان کے پیش روؤں کی طرح وادئ جہنم میں پہنچا دیا گیا۔

• ◯ سیسی نند: یہ بھی پرفیکٹس کی طرح سنت ایکس کلوس کے گرجا کا ایک پادری تھا۔

نبی کریم رؤف الرحیم (ﷺ) کی ذات بابرکات سے متعلق بے ادبی کا مرتکب ہو کر آتش دوزخ کا ایندھن بنا۔ اسے قتل کی سزا دی گئی تھی۔

• پولوس: یہ سیسی مند کے گرجا میں شماس تھا۔ سیسی مند نے اسے بھی ذلت کی

موت مرنے پر اکسا رکھا تھا۔ چنانچہ یہ ملعون و اخبث بھی اپنے مربّی کے قتل کے چار یوم بعد ۲۰۔ جولائی کو حضور سید دوعالم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف زبان دراز کرنے کے باعث قتل کر دیا گیا۔

• تھیودومیر: شہر قرمونہ کا ایک جوان راہب تھا۔ اہانتِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

پاداش میں اسلامی قانون کے تحت ذلت ناک موت سے دوچار ہوا۔

• آئزک: شہید جرمیّاس اور جانبتوس وغیرہم کا ساتھی تھا۔ اس نے پرفیکٹس کی

طرح قاضی کی عدالت میں حاضر ہو کر ارادتاً ارتکابِ توہین کیا اور اسے فنا فی النار کیا گیا۔

یہ تھے وہ بدنصیب و خبیث افراد جو آقائے نامدار (صلی اللہ علیہ وسلم) کی شانِ اقدس میں گستاخی کے مرتکب ہوئے اور انہیں قتل و مصلوب کر دیا جاتا رہا۔ مسلم مؤرخین نے اس دلآزار باب میں بڑے اختصار سے کام لیا ہے لیکن مسیحی مورخین اسے ہمیشہ بڑھا چڑھا کر بیان کرتے رہے ہیں۔ تاہم لین پول نے بڑی حد تک غیر جانب داری اور انصاف کا مظاہرہ کیا اور لکھا ہے کہ ”ہم اقرار و تسلیم کرتے ہیں کہ مذکورہ مسیحی شہداء راہِ راست سے بھٹکے ہوئے تھے۔ بلاشبہ انہوں نے اپنی قیمتی جانوں کو مفت ضائع کیا اور جو کچھ کیا فی الواقع بہت بُرا کیا تھا“۔

حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ تحریکِ شاتمتِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کج فطرت و خود غرض پادریوں نے شروع کی تھی اور عموماً انہی تک محدود رہی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ زیادہ تر پادری وغیرہم ہی اس جرم میں لقمہ اجل بنے۔ عیسائی اس میں من حیث القوم ملوّث نہ تھے، بلکہ عوامی سطح پر ان کی پذیرائی نہ ہو سکی اور انصاف پرور مسلم حکمرانوں کے سبب سے ہی ان کی ایسی حرکت و سکنات کو ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا

جاتا رہا۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ امیر عبدالر لیے عیسائیوں کی ایک کونسل بٹھانے کا فیصلہ کے مجتہد اعظم کی موجودگی میں یہ فیصلہ ہو شخص اتباع کرے گا، وہ خائن، مجرم اور غا مفتری طبائع نے اس حکم کو درخور اعتنا تحریک کے بانی یولوجیس کی اقتدا میں "یولوجیس" سب سے آخر میں امیر محم کے ساتھ ہی شاتمتِ رسول (صلی اللہ ع

یہ بدنام زمانہ تحریک ۸۵۰ء میں شروع ہ میں یولوجیس کو ہلاک کر دیئے جانے کہہ سکتے ہیں کہ حق آیا اور باطل مٹ تحریکِ شاتمتِ رسول (صلی اللہ علیہ و

بعد برصغیر پاک و ہند میں یہ عمل ایک اندلس میں بلاواسطہ توہین رسالت کی احیاء کے نام پر۔ اندلس میں اسلامی ح انجام کو پہنچتے رہے مگر خطہ ہند میں اس مروّجہ قانون کی رو سے فریاد رسی کی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر حملہ آور ہونے والو آریہ سماج تحریک کی بنیاد نے رکھی۔ اسے بعد میں سوامی دیانن مقاصد زہر میں بجھے ہوئے تھے۔ اس

جاتا رہا۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ امیر عبدالرحمٰن نے اس شیطانی تحریک کو ختم کرنے کے لئے عیسائیوں کی ایک کونسل بٹھانے کا فیصلہ کیا۔ جس نے اپنے صدر نشین اور اشبیلہ کے مجتہد اعظم کی موجودگی میں یہ فیصلہ دیا کہ آئندہ اس راستے پر چلنے والوں کی جو شخص اتباع کرے گا، وہ خائن، مجرم اور خارج از مذہب سمجھا جائے گا۔ لیکن مفسد و مفتری طبائع نے اس حکم کو درخور اعتنا نہیں سمجھا تھا اور وہ اپنے سرغنہ اور اس گھٹیا تحریک کے بانی یولوجیس کی اقتدا میں اپنی روش پر ڈٹے رہے۔ اول الذکر "یولوجیس" سب سے آخر میں امیر محمد بن عبدالرحمٰن کے عہد میں قتل ہوا اور اس کے ساتھ ہی شتمتِ رسول (ﷺ) کی یہ مکروہ تحریک ہمیشہ کے لیے دفن ہو گئی۔ یہ بدنام زمانہ تحریک ۸۵۰ء میں شروع ہوئی اور لیور مور کے بیان کے مطابق ۸۵۹ء میں یولوجیس کو ہلاک کر دیئے جانے پر اختتام کو پہنچی۔ قرآنی آہنگ میں اسے یوں کہہ سکتے ہیں کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا۔ بے شک باطل مٹ جانے کے لیئے ہے۔

تحریک شتمتِ رسول (ﷺ) کے اس تجربہ کے قریباً ایک ہزار سال بعد برصغیر پاک و ہند میں یہ عمل ایک اور انداز سے دہرایا گیا۔ فرق صرف یہ تھا کہ اندلس میں بلاواسطہ توہینِ رسالت کی گئی اور ہندوستان میں بالواسطہ یعنی ہندومت کے احیاء کے نام پر۔ اندلس میں اسلامی عدالتوں کے ذریعہ شاتمانِ نبی (ﷺ) اپنے انجام کو پہنچتے رہے مگر خطۂ ہند میں اس وقت مکمل طور پر انگریز کی عملداری تھی۔ لہٰذا مروّجہ قانون کی رو سے فریاد رسی کی توقع عبث تھی اور اس پر مستزاد یہ کہ ناموسِ نبی (ﷺ) پر حملہ آور ہونے والوں کو باقاعدہ فرنگیوں کی اشیرباد حاصل تھی۔

آریہ سماج تحریک کی بنیاد کاٹھیاواڑ (گجرات) کے ایک برہمن "مول شنکر" نے رکھی۔ اسے بعد میں سوامی دیانند سرسوتی کہا جانے لگا۔ شخصِ مذکور کے تمام تحریکی مقاصد زہر میں بجھے ہوئے تھے۔ اس کے بطن سے ہی شُدھی اور سنگٹھن دو اور

تحریکوں نے جنم لیا۔ شُدھی کا مقصد یہ تھا کہ پاک و ہند کے مسلمانوں کو تبلیغ و تحریص سے دوبارہ ہندو بنا کر شدھ (پاک) کیا جائے۔ جہاں یہ ممکن نہ ہو سکے وہاں سنگٹھن کے ذریعہ یعنی بزورِ طاقت تبدیلئ مذہب کو یقینی بنا دیں یا پھر ان کو نیست و نابود کر دیا جائے۔ آریہ سماجی دینِ اسلام پر ناروا حملے کرنا اپنا مذہبی فریضہ سمجھتے تھے۔ توہینِ رسول (ﷺ) ان کا وتیرہ بن گیا تھا۔ ہر صبح نئے فتنے جگا جاتی اور ہر شام اہانت کا کوئی نہ کوئی اندوہناک باب رقم کرتی۔ یہ ایک طویل داستان ہے۔ اس کا حرف حرف دلخراش اور ایک ایک واقعہ زہرہ گداز ہے۔ آریہ سماجی ہندوؤں کی تحریریں اور تقریریں گالی گلوچ اور سبّ و شتم سے بھری ہوئی تھیں۔

دیکھنا یہ ہے کہ جب ہندوستان کے طول و عرض میں آریہ سماجیوں نے سرکارِ ہر عالم (ﷺ) کی شان میں یاوہ گوئیوں کا سلسلہ شروع کیا تو مسلمانانِ ہند کی طرف سے کیا ردِّ عمل سامنے آیا۔ ملتِ اسلامیہ کے پیر و جوان زخم شمار کرتے رہے یا فکر و درماں بھی کیا؟ مصلحت کوشی مصلحت پسندی کی روش اختیار کر لی کہ صداقتوں کے امین بنے؟ قلم کس نے پکڑا اور خنجر کس کس کے ہاتھ میں تھا؟ وہ کون خوش قسمت تھے جن کے مقدس لہو کے قطرے پوری قوم کو اس تلخ امتحان میں سرخرو کر گئے؟ سچ تو یہ ہے کہ نذرانہ جان پیش کرنے والوں کا تعلق دبستانِ علم سے نہیں مکتب جنوں سے تھا۔ چراغِ محبت انہی کے سینوں میں روشن ہوتا ہے جو دیوانے ہوں۔ عشق ہر امتحان میں ہمیشہ غالب رہتا ہے۔ ایمان، عشقِ رسول (ﷺ) ہی کا تو نام ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی تاریخ گواہ ہے کہ گستاخِ مصطفیٰ (ﷺ) اپنی انگلی اٹھا بھی نہ پاتا کہ شمعِ رسالت کا کوئی نہ کوئی پروانہ اس کو کاٹ کر رکھ دیتا۔ سرفروش مجاہد اپنے خنجروں کی پیاس بجھانے کو آگے بڑھتے رہے۔ یہ اسلامی غیرت اور اپنے آقا و مولا (ﷺ) سے بے پایاں عشق و محبت کی خوبصورت روداد ہے۔

• غازی عبد الرشید شہیدؒ: انہوں نے دسمبر

ایک گستاخ ہندو سوامی شردھانند کو دہلی میں نوش فرمایا تھا۔

• غازی علم الدین شہیدؒ: شمع رسالت کے

میں راجپال مردود کا کام تمام کیا جو کہ ایک کے مقام و مرتبہ پر حرف گیری کر کے غازی مذکور ۳۰۔ اکتوبر کی درمیانی رات الاپتے ہوئے تختۂ دار پر جھول گئے تھے۔

• غازی عبد القیوم شہیدؒ: رسول پاک ﷺ

عقیدت کا آغاز ۲۰۔ ستمبر ۱۹۳۴ء کو کر جوڈیشل کمشنر کی عدالت میں نتھو رام کی خود ۱۹۔ مارچ ۱۹۳۵ء کی ایک صبح پھانسی (ﷺ) کے قدوم میمنت لزوم جاودانہ !

• غازی محمد صدیق شہیدؒ: ۱۷۔ ستمبر

حُریت نے ایک دہن دراز ہندو پلہورام موت کا مزہ چکھا دیا۔ مقتول مردود اہانت مارچ ۱۹۳۵ء بروز بدھ یہ اکیس سالہ نو جوان نے اپنے ہونٹوں پر درود سلام رسولِ عربی (ﷺ) کی حرمت

• غازی میاں محمد شہیدؒ: مدراس میں

• ◯ غازی عبدالرشید شہیدؒ: انہوں نے دسمبر ۱۹۲۶ میں تاجدارِ مدینہ (ﷺ) کے

ایک گستاخ ہندو سوامی شردھانند کو دہلی میں کیفرِ کردار تک پہنچایا اور خود جامِ شہادت نوش فرمایا تھا۔

• ◯ غازی علم الدین شہیدؒ: شمع رسالت کے اس نو عمر پروانہ نے ۶۔ اپریل ۱۹۲۹ کو لاہور

میں راجپال مردود کا کام تمام کیا جو کہ ایک مدت سے سرکارِ رسالت مآب (ﷺ) کے مقام و مرتبہ پر حرف گیری کر کے مسلمانوں کے زخموں پر نمک پاشی کر رہا تھا۔ غازی مذکور ۳۰۔ اکتوبر کی درمیانی رات میانوالی جیل میں درود و سلام کا ملکوتی نغمہ الاپتے ہوئے تختہ دار پر جھول گئے تھے۔

• ◯ غازی عبدالقیوم شہیدؒ: رسول پاک (ﷺ) کے اس عاشقِ صادق کے سفر

عقیدت کا آغاز ۲۰۔ ستمبر ۱۹۳۲ کو کراچی سے ہوا تھا۔ جب انہوں نے ایڈیشنل جوڈیشل کمشنر کی عدالت میں نتھو رام کی گندی زبان کو ہمیشہ کے لئے بند کر دیا تھا اور خود ۱۹۔ مارچ ۱۹۳۵ کی ایک صبح پھانسی کے پھندے کو چوم کر اپنے آقا و مولا (ﷺ) کے قدومِ میمنت لزوم سے لپٹ گئے۔ صلۂ شہید کیا ہے؟ تب و تابِ جاودانہ!

• ◯ غازی محمد صدیق شہیدؒ: ۱۷۔ ستمبر ۱۹۳۴ کا واقعہ ہے کہ اس مجسمۂ غیرت و پیکر

حُریت نے ایک دہن دراز ہندو پلھو پلید سنار کو مقبرہ بابا بلھے شاہؒ کے بالکل قریب موت کا مزہ چکھا دیا۔ مقتول مردود اہانتِ رسول (ﷺ) کا مرتکب ہو چکا تھا۔ ۶۔ مارچ ۱۹۳۵ بروز بدھ یہ اکیس سالہ نوجوان آنکھوں میں مقدس چمک، دل میں تصویر جاناں اور اپنے ہونٹوں پر درود سلام کے گلدستے لئے دار و رسن کی رسم نبھا رہا تھا۔ رسولِ عربی (ﷺ) کی حرمت و تقدس کا یہ غیور محافظ قصور میں مدفون ہے۔

• ◯ غازی میاں محمد شہیدؒ: مدراس میں سینٹ تھامس ماؤنٹ چھاؤنی کی کوارٹر گارڈ کی

ڈیوٹی نبھانے والا یہ مسلمان سنتری ایک ہندو ڈوگرے سپاہی چرن داس کو جہنم میں جھونک کر عشق و وفا کے امتحان میں کامیاب ٹھہر گیا اور ۱۲ اپریل ۱۹۳۸ کو شہادت سے سرفراز ہوا۔ مدراس ریلوے اسٹیشن سے تین میل دور واقع ایک بڑے قبرستان میں حضرت دستگیر سوامی کے مقبرہ اور مسجد کے درمیان ذرا بائیں جانب سطح زمین سے کافی اونچے چبوترہ پر ان کی آخری آرام گاہ آج بھی ثبوت وفا کے طور پر موجود ہے۔

• غازی محمد عبداللہ شہیدؒ : خانقاہ ڈوگراں (شیخوپورہ ضلع) سے قریب چک ۱۲۴ خورد

میں ایک نوجوان عاشقِ رسول (ﷺ) قصور سے آیا اور اس نے غازی و شہید کا مقام و مرتبہ پایا تھا۔ انھوں نے ایک بدقسمت و مردود ازلی چنچل سنگھ کو موت کے گھاٹ اتار کر عاشقانِ مصطفیٰ (ﷺ) میں اپنا نام لکھوایا اور بارگاہِ نبوی (ﷺ) سے انعام پایا تھا۔

• غازی مرید حسین شہیدؒ : ۸۔ اگست ۱۹۳۷ء کا سورج ڈوب رہا تھا۔ ضلع حصار

(بھارت) کے قصبہ نارنوند میں شہبازِ عشق اپنے شکار پر جھپٹا۔ وٹنری ڈاکٹر رام گوپال اپنے انجام کو پہنچ چکا تھا۔ ۲۴۔ ستمبر ۱۹۳۷ء بروز جمعتہ المبارک، سرکارِ خیرالانام (ﷺ) کا یہ جانثار بوسۂ نعلینِ پاک سے سرفراز ہوا۔ ڈاکٹر مذکور نے امام الانبیاء (ﷺ) کی حرمت و تقدیس کا تمسخر اڑایا تھا۔

• غازی امیر احمد شہیدؒ اور غازی میاں عبداللہ خاں شہیدؒ کا تعلق لاہور سے تھا۔ پیشہ

کے اعتبار سے دونوں ترکھان، بلحاظِ عمر نوجوان تھے۔ شمعِ رسالت کے یہ پروانے غازی علم الدین شہیدؒ کے عزیز بھی بتائے جاتے ہیں۔ ۷ مئی ۱۹۳۱ء کی دوپہر گستاخِ رسول ہندو پبلشر بھولا ناتھ سین کو موت سے دوچار کیا اور یوں اپنی وفاؤں کا زریں باب رقم کرنے میں کامیاب ہوئے۔ یہ ۹۔ مارچ ۱۹۳۲ کو مرتبہ شہادت پر فائز ہوئے اور کلکتہ میں مدفون ہیں۔

• غازی محمد منیر شہیدؒ (موضع موگر ضلع

شہیدؒ (بھوپال) غازی غلام محمد شہیدؒ (جبلپو وفا کی کتاب ہی کا ایک حسین باب ہیں اندلس و ہند میں مندرجہ بالا واق اور عوام روز اول ہی سے اس بارے می بالخصوص آواز آج کل عامتہ الناس کو س ”یہ مسئلہ (قتلِ گستاخِ رسول) چ قرآن و حدیث میں کوئی صریح نص موجو عمل سے اس کی تصدیق ملتی ہے۔ مزی یہ بھی ماننا پڑے گا کہ پوری اسلامی تاری حکم کی خلاف ورزی کرتے رہے ہیں ست فہرست میں نعوذ باللہ خود رسول (ﷺ) ب شامل ہیں“۔

حقیقت یہ ہے کہ اندلس و (ﷺ) کی سزائے موت پر متواف مصدقہ اسلامی مواد کا ایک ذخیرہ موجود ہ سب علماء دین نے شاتمانِ رسول (ﷺ صادر کیے اور جانثارانِ مصطفیٰ ﷺ ک بنایا۔ حزب الاحناف (لاہور) سے مر شیرانوالہ گیٹ اور دیگر مکاتبِ فکر واب ممکن ہے کہ اس وقت بھی شاید ایسا ہ

• غازی محمد منیر شہیدؒ (موضع موگر ضلع فیروز پور / بھارت پنجاب) غازی محمد حنیف شہیدؒ (بھوپال) غازی غلام محمد شہیدؒ (جہلم) اور غازی اللہ دتہ شہیدؒ (کنجاہ / گجرات) بھی وفا کی کتاب ہی کا ایک حسین باب ہیں۔

اندلس و ہند میں مندرجہ بالا واقعات اس امر پر شاہد ہیں کہ مسلم علماء' سلاطین اور عوام روز اول ہی سے اس بارے میں کس قدر حساس ہیں۔ اس کے باوجود ایک نامانوس آواز آج کل عامۃ الناس کو الجھا اور چونکا رہی ہے:

"یہ مسئلہ (قتل گستاخ رسول) دین میں ایک ایسا اضافہ ہے جس کے لئے نہ قرآن و حدیث میں کوئی صریح نص موجود ہے اور نہ رسول اللہ (ﷺ) کے عمل سے اس کی تصدیق ملتی ہے۔ مزید یہ کہ اس مسئلہ کو بجنسہ ماننے کی صورت میں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ پوری اسلامی تاریخ میں تمام علماء اور سلاطین مسلسل اس شرعی حکم کی خلاف ورزی کرتے رہے ہیں۔ حتیٰ کہ خلاف ورزی کرنے والوں کی اس لمبی فہرست میں نعوذ باللہ خود رسول (ﷺ) اور اصحاب رسول (ﷺ) بھی شامل ہیں"۔

حقیقت یہ ہے کہ اندلس میں قاضیوں کی عدالت سے گستاخ رسول (ﷺ) کی سزائے موت پر متواتر عمل درآمد ہوتا رہا۔ کیونکہ اس بارے میں مصدقہ اسلامی مواد کا ایک ذخیرہ موجود ہے' اور برصغیر پاک و ہند میں انگریزی تسلط کے سبب علماء دین نے شاتمان رسول (ﷺ) کے قتل سے متعلق باقاعدہ فتوے صادر کئے اور جانثاران مصطفیٰ ﷺ نے اپنی جانوں پر کھیل کر اس کا نفوذ یقینی بنایا۔ حزب الاحناف (لاہور) سے موقع بہ موقع ایسے کئی ایک فتاویٰ یادگار ہیں۔ شیرانوالہ گیٹ اور دیگر مکاتب فکر و مسالک کے علماء ان کی تائید میں تھے۔ تاہم یہ ممکن ہے کہ اس وقت بھی شاید ایسا کوئی "مرد وجیہ" موجود ہو' جسے غیرت و حمیت کا

اظہار اور جاں سپاری و فدا کاری کا کردار پسند نہ تھا۔ امرِ صادق یہ ہے کہ امتِ مسلمہ کی پوری تاریخ میں اس شرعی حکم کی کبھی خلاف ورزی نہیں کی گئی۔ یہ تو دانشِ افرنگی کا غبار ہے کہ عہدِ حاضر میں بعض مسلمان بھی دین کے اس اساسی و مطلق حکم کو بدلنے اور کچلنے پر ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔

اس باب میں کئی نظائر ہاتھ لگتے اور وجہِ بصائر ٹھہرتے ہیں۔

• ابو عبداللہ بن عتاب نے اس عشار (وہ شخص جو حکومت کی طرف سے عشر کی

وصولی پر مامور ہو) کے بارے میں قتل کا فتویٰ دیا تھا، جس نے عشر وصول کرتے وقت ایک شخص سے کہا کہ عشر تو پہلے ادا کر دو اس کے بعد شکایت کرنی ہو تو رسول اللہ (ﷺ) سے شکایت کر دینا۔ میں نے اگر عشر طلب کیا ہے تو اس لیئے کہ رسول اللہ (ﷺ) نے طلب کیا۔ اگر میں جاہل ہوں تو (معاذ اللہ) رسول اللہ (ﷺ) بھی جاہل تھے۔ کیونکہ انہوں نے بھی عشر طلب کیا تھا۔

• فقہائے اندلس نے بالاتفاق ابن حاتم طلیطلی کے قتل اور سولی دینے کا فتویٰ دیا تھا،

جس نے ایک مناظرے کے دوران نبی اکرم (ﷺ) کی شان میں گستاخی کرتے ہوئے رسول اللہ (ﷺ) کو یتیم (حقارتاً) حضرت علیؓ کا خسر کہا تھا، اور اس خیال کا اظہار بھی کیا تھا کہ آپ ﷺ کا زہد اختیاری نہیں بلکہ اضطراری تھا۔ اگر آپ ﷺ کو دنیوی نعمتیں میسر ہوتیں تو آپ ﷺ ان کو استعمال کرتے۔ (مطلب یہ کہ پھر اس طرح کا زہد نہ ہوتا (نعوذ باللہ)

• قیروان کے فقہاء اور سحنون کے شاگردوں نے ابراہیم فزاری کے قتل کا فتویٰ دیا

تھا۔ (یہ بہت سے علوم میں ماہر ایک شاعر تھا) اس پر الزام تھا کہ اس نے اپنے بہت سے اشعار میں سرکارِ ہر عالم (ﷺ) اور دیگر انبیاء کی شان میں گستاخی کی ہے۔ اسے قاضی یحییٰ بن عمر کی

عدالت میں پیش کیا گیا۔ اس وقت عدالت میں دوسرے بہت سے نامور فقہا تھے۔ قاضی نے اس کی پھانسی کا پیٹ میں چھری گھونپ کر ہلاک کر دیا گیا۔

• عباسی خلیفہ موسیٰ بن مہدی الملقب بہ ہادی کے

قریش کو برا بھلا کہا۔ یہ رسول اللہ (ﷺ) کی حضور اقدس (ﷺ) کی ذات بابرکات کے سامنے لایا گیا۔ اس نے علماء و فقہاء کو جمع کر اس کے قتل کا فتویٰ صادر کیا۔ اس پر خلیفہ نے کہا کی اہانت ہی کافی تھی۔ اس دشمنِ خدا نے تو رسول لیا ہے۔ چنانچہ اس کا سر قلم کر دیا گیا۔

• سلطان صلاح الدین ایوبیؒ کے عہد میں ایک شخص

اسلام کی تمام تر ترقی محض رسولِ پاک (ﷺ) وگرنہ اس میں ہرگز تائیدِ الٰہی یا دین کی حقانیت الدین ایوبی کے حکم سے اس کی سرعام گردن کاٹ

ان مستند تاریخی مثالوں اور حوالوں سے اللہ (ﷺ) کے زمانہ سے لے کر اب تک عرصہ میں بعض استثنائی افراد ضرور قتل کیئے گئے مثلاً نقضِ عہد (غدر اور بغاوت) کا جرم جس اس قسم کے قتل عام کا نہ کبھی کسی عالم نے پر عملدرآمد کیا"۔

آپ خود فیصلہ کیجئے کہ کیا یہ ہے کہ ایسی باتیں اور گستاخیاں

بہت سے نامور فقہا تھے۔ قاضی نے اس کی پھانسی اور قتل کا حکم دیا۔ چنانچہ اس کے پیٹ میں چھری گھونپ کر ہلاک کر دیا گیا۔

• ○ عباسی خلیفہ موسیٰ بن مہدی الملقب بہ ہادی کے دور میں ایک شخص نے قبیلہ

قریش کو برا بھلا کہا۔ یہ رسول اللہ (ﷺ) کی نسبت سے تھا۔ اور اس سلسلے میں حضور اقدس (ﷺ) کی ذات بابرکات کے متعلق بھی ہرزہ سرائی کی۔ وہ ہادی کے سامنے لایا گیا۔ اس نے علماء و فقہاء کو جمع کر کے ان سے فتویٰ چاہا۔ انہوں نے اس کے قتل کا فتویٰ صادر کیا۔ اس پر خلیفہ نے کہا کہ اس کی سزا کے لئے یوں قریش کی اہانت ہی کافی تھی۔ اس دشمن خدا نے تو رسول پاک (ﷺ) کو بھی شامل کر لیا ہے۔ چنانچہ اس کا سر قلم کر دیا گیا۔

• ○ سلطان صلاح الدین ایوبیؒ کے عہد میں ایک شاعر نے اس مضمون کو باندھا کہ دین

اسلام کی تمام تر ترقی محض رسول پاک (ﷺ) کی ذاتی کوششوں کا ثمر ہے۔ وگرنہ اس میں ہرگز تائید الٰہی یا دین کی حقانیت شامل نہ تھی، تو اس پر سلطان صلاح الدین ایوبی کے حکم سے اس کی سرعام گردن کاٹ دی گئی تھی۔

ان مستند تاریخی مثالوں اور حوالوں کے باوجود ایک شخص یہ کہتا ہے "رسول اللہ (ﷺ) کے زمانہ سے لے کر اب تک کبھی اس پر عمل نہیں کیا گیا۔ اس عرصہ میں بعض استثنائی افراد ضرور قتل کیے گئے ہیں، جن کے ساتھ دوسرے اسباب مثلاً نقضِ عہد (غدر اور بغاوت) کا جرم شامل تھا۔ مگر مجرد لفظی ایذا رسانی کی بنیاد پر اس قسم کے قتلِ عام کا نہ کبھی کسی عالم نے نامزد فتویٰ دیا اور نہ کبھی کسی حاکم نے اس پر عملدرآمد کیا"۔

آپ خود فیصلہ کیجیے کہ کیا اس دعویٰ کی بنیاد مبنی بر صداقت ہے؟ صداقت تو یہ ہے کہ ایسی باتیں اور گھاتیں جھوٹ کا پلندہ اور دجل و فریب کا پھندا ہیں۔ یہ ایک

دام ہمرنگ زمیں ہے جو بظاہر بڑا حسیں ہے۔

رشدی کا پس منظر

عہد حال میں رسول پاک (ﷺ) کی حیات طیبہ اور دین اسلام پر سب سے بڑا حملہ "شیطانی آیات" ہے۔ مجہول النسب سلمان رشدی ۱۹۴۷ء میں بمبئی کے ایک مادیت گزیدہ گھرانے میں پیدا ہوا۔ کچھ عرصہ بعد اپنے والدین کے ہمراہ کراچی آگیا تھا۔ لیکن دوبارہ بمبئی چلا گیا۔ اس کے بہت سے رشتہ دار اب بھی پاکستان میں ہیں۔ ان میں جنرل ضیاء الحق کی کابینہ میں وفاقی وزیر میجر جنرل (ریٹائرڈ) شاہد حامد' بالخصوص قابل ذکر ہے۔

سلمان رشدی کیمرج یونیورسٹی میں بھی زیر تعلیم رہا اور تاریخ کے مضمون میں ڈگری لی۔ اس کا کہنا ہے کہ میں نے اسلام کا مطالعہ کیمرج میں زمانہ طالب علمی کے دوران کیا اور میں نے اسی وقت ارادہ کر لیا تھا کہ اسلامی تاریخ کو سامنے رکھ کر ایک ناول لکھوں گا، جس کے کردار علامتی ہوں گے۔

ملعون رشدی تمام تر کوششوں کے باوجود اپنے تئیں ادبی حلقوں میں نہ منوا سکا تو اس نے لیڈر رائٹنگ کا پیشہ اختیار کر لیا' اور ساتھ ساتھ اخبارات میں بھی لکھنے لگا۔ تاہم اس کے کرائمز' مڈ نائٹ چلڈرن اور شیم کو سنسنی خیزی اور بے ہودہ گوئی کے سبب پڑھا گیا۔ فیض احمد فیض نے کہا تھا کہ مغرب کی اس سے بڑھ کر کیا بدقسمتی ہوگی کہ سلمان رشدی ایسا گنوار' برطانیہ کے معروف ناول نگاروں میں سے ایک ہے۔

شیطان رشدی اب اپنی انگریز بیوی، میریانے وگنس (Marianne Wiggins) کے ساتھ لندن میں رہتا ہے اور روپوشی کی زندگی گزار

رہا ہے۔ ۲۶ ستمبر ۱۹۸۸ء کو برطان اس کی ایک بدنام زمانہ کتاب تھی۔ یہ ۵۴۷ صفحات پر مشتمل
مردود رشدی نے اس پیغمبر اسلام (ﷺ) کے اس میں سید الشہدا حضرت حمز میں درج کر دیئے
گئے ہیں لکھا گیا ہے۔ خاکم بدہن' جو کہ "محمد" کو بگاڑ کر بنایا گیا ہے خبث باطن کے تحت آپ
بھی ان میں سے ایک ہے۔ "شیطان کی شیطانی سازش ہے۔ چونکہ یہ سا ذرائع ابلاغ ابھی تک اس ک
فٹ نے سلمان رشدی کے والے جاہل ہیں۔ اس بارے "ہمارا لکھنے اور بولنے سازش سمجھتا ہے۔ اس
کا ہے، جس نے سلمان رشدی سطحی بات ہے جو سراسر بے مصنف کا ایک انفرادی فعل

رہا ہے۔ ۲۶ ستمبر ۱۹۸۸ء کو برطانوی پبلشر وائکنگ پریس (Viking Press) نے اس کی ایک بدنام زمانہ کتاب شیطانی آیات (The Satanic Verses) ریلیز کی تھی۔ یہ ۵۴۷ صفحات پر مشتمل ایک ناپاک دفتر ہے۔

مردود رشدی نے اس رسالے کا نام ہی گستاخانہ تجویز کیا۔ وہ دین اسلام اور پیغمبر اسلام (ﷺ) کے خلاف ایک انتہائی بے ہودہ اور فحش قسم کا ناول ہے۔ اس میں سید الشہدا حضرت حمزہؓ اور ام المومنین عائشہ صدیقہؓ کے نام تو اصل حالت میں درج کر دیئے گئے ہیں جب کہ ناول میں اساسی کردار کو محانڈ (Mahound) لکھا گیا ہے۔ خاکم بدہن' جو کہ نبی آخر الزماں (ﷺ) کے نام نامی اسم گرامی "محمد" کو بگاڑ کر بنایا گیا ہے۔ قدیم دور میں مستشرقین اور یورپ کے مسیحی علماء نے خبث باطن کے تحت آپ ﷺ کے اسم مبارک کو طرح طرح سے بگاڑا تھا؟ یہ بھی ان میں سے ایک ہے۔

"شیطان کی شیطانی آیات" اسلام اور پیروکاران اسلام کے خلاف ایک واضح سازش ہے۔ چونکہ یہ سازش "بڑی طاقتوں" کے تخیل کا عملی اظہار تھا' اسلیئے مغربی ذرائع ابلاغ ابھی تک اس کی حمایت میں ہیں۔ برطانیہ کی لیبر پارٹی کے ایک لیڈر مائیکل فٹ نے سلمان رشدی کے حق میں بیان دیتے ہوئے کہا تھا کہ اس پر اعتراض کرنے والے جاہل ہیں۔ اس بارے میں ایک صاحب رقم طراز ہیں:

"ہمارا لکھنے اور بولنے والا طبقہ عام طور سلمان رشدی کو "اعداء اسلام" کی سازش سمجھتا ہے۔ اس کا خیال یہ ہے کہ یہ اسلام کے خلاف اہل مغرب کی سازش ہے' جس نے سلمان رشدی کے قصہ کی صورت اختیار کی۔ میرے نزدیک یہ محض سطحی بات ہے جو سراسر بے بنیاد ہے۔ "حقیقت یہ ہے کہ سلمان رشدی کی کتاب' مصنف کا ایک انفرادی فعل ہے نہ کہ مغربی ملکوں کا کوئی اجتماعی منصوبہ۔ موجودہ زمانہ کا

نام نہاد مسلم پریس اس بات کو بہت اچھالتا رہا ہے کہ امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان سرد جنگ کے خاتمہ کے بعد امریکہ اور اہل مغرب نے اسلام کو اپنے دشمن کے طور پر دریافت کیا ہے۔ سوویت یونین کے ٹوٹنے سے پہلے مغرب جس طرح کمیونزم کو اپنا نشانہ بنائے ہوئے تھا' اسی طرح اب اس نے اسلام کو اپنے نشانہ پر رکھ لیا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہ اس کو اپنے وجود کیلئے ایک عدوّ درکار تھا' اشتراکی عدوّ کے خاتمہ کے بعد اس نے اسلامی عدوّ کو ایجاد کر لیا ہے تاکہ عالمی سطح پر وہ اپنے بقا کی جدوجہد جاری رکھ سکے۔ مغربی تہذیب مقابلہ کے اصول پر قائم ہے' اور مقابلہ آرائی کیلئے ایک حریف لازمی طور پر ضروری ہوتا ہے۔ مگر یہ تمام باتیں محض اوہام اور مفروضات کا نتیجہ ہیں۔"

طرفہ تماشہ یہ کہ خود موصوف نے اپنی ایک کتاب کے کئی صفحے یہ ثابت کرنے میں سیاہ کر دیے ہیں کہ اسلام کے خلاف عیسائیوں اور یہودیوں کے یہ ہتھکنڈے بہت پرانے ہیں۔

پروفیسر ہٹی (Philip K. Hitti) پرنسٹن یونیورسٹی میں سامی ادب کے استاد اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کا ایک رسالہ اسلام اور مغرب ۱۹۴۳ء میں امریکہ سے شائع ہوا تھا۔ اپنے موضوع اور اسلوب کے اعتبار سے یہ بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ رسالہ مذکور کے دو حصے اور ۱۹۰ صفحات ہیں۔ پہلے حصہ کے ابتدائی تین ابواب میں اسلام کا بلحاظ مذہب' ریاست اور کلچر تعارف کروایا گیا ہے۔ "اسلام مغربی لٹریچر" اس کا چوتھا باب ہے۔ اس کے مطابق دین اسلام کے خلاف اہل مغرب کی بعض سازشی کڑیاں مندرجہ ذیل ہیں:

قرونِ وسطیٰ کے مغربی لٹریچر میں (نعوذ باللہ) پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کو عام طور پر جعل ساز اور نقلی رسول کی حیثیت سے متعارف کرایا جاتا تھا۔ (ان کے

نزدیک) قرآن ایک بناوٹی کتاب اور اسلام ایک نفس پرستانہ طریق حیات تھا۔ زرتشت، بدھ ازم اور دوسرے کم ترقی یافتہ مذاہب سے کبھی اس طرح نفرت نہیں کی گئی اور نہ تحقیر روا رکھی گئی۔ دراصل وہ قرونِ وسطیٰ کے مغرب کیلئے کوئی خطرہ نہیں تھے۔ اور نہ انہوں نے مقابلہ میں آنے کی کبھی کوشش کی۔ اس لئے یہ بنیادی طور پر خوف، دشمنی اور تعصّب تھا، جس نے اسلام کے بارے میں مغرب کے نقطۂ نظر کو متاثر کیا۔ اسلام کا عقیدہ ایک دشمن عقیدہ تھا۔ اس لئے اگر وہ غلط نہ ہو تو بھی شبہہ کی نگاہ سے دیکھا جانا ضروری تھا۔

قرونِ وسطیٰ اور اس کے بعد کی مسیحیت نے جس تحریری یا زبانی ذریعے سے اسلام کے بارے میں اپنا تصوّر قائم کیا، وہی تھا جو صلیبی جنگوں کے دوران وجود میں آیا یا ان ممالک کی معرفت ملا، جن سے اسلام کی لڑائی پیش آ چکی تھی۔ مسیحی علماء اور پادریوں نے اسی کے ذریعہ سے اسلام کی تصویر بنائی۔ اسلام کی اس یورپی تصویر اور اس کی حقیقی اسلامی تصویر میں کوئی مشابہت محض اتفاقی ہے۔

شام کے مشہور عیسائی عالم، سینٹ جان آف دمشق (۷۴۹ء) کو بازنطینی روایات کا بانی کہا جا سکتا ہے۔ یہ عہدِ جوانی میں بنوامیہ کے دربار میں حاضر ہوا۔ عربی، سریانی اور یونانی زبانیں جانتا تھا۔ اس نے اپنی کتاب میں اسلام کو ایک بت پرستانہ مذہب کے طور پر پیش کیا۔ (نقلِ کفر کفر نباشد، اس نے رسولِ اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو مسلمانوں کا بُت کہا) اس کے بیان کی رو سے، حضرت محمد ﷺ نے ایک آرین راہب کی سرپرستی میں بائبل کی مدد سے اپنے اصولِ دین وضع کیے۔ یہ اسلام کے متعلق عیسائیت کے قدیم اور عام تصور کی ایک جھلک ہے۔

بازنطینیوں میں "تھیوفین" (Theophane) وہ پہلا شخص ہے، جس نے حضرت محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا باقاعدہ ذکر کیا۔ یہ ایک خانقاہ کے بانی

اور مورخ کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ یہ ۷۵۸ء تا ۸۱۸ کے عہد سے تعلق رکھتا ہے۔ اس نے پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مشرقی باشندوں کا حکمران اور (نعوذ باللہ) ایک بناوٹی رسول لکھا ہے۔

عبدالمسیح بن اسحاق الکندی مشرق کا ایک عیسائی تھا۔ اسے سپین میں ایک سید زادہ مسلمان مبلغ نے اسلام قبول کرنے کی دعوت دی۔ اس واقعہ نے عرب سے اس عیسائی کو اکسایا کہ وہ عیسائیت کا دفاع کرے اور اسلام پر حملہ آور ہو۔ الکندی مذکور نے رسول عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ایک قاتل وغیرہ کی حیثیت سے پیش کیا۔ اس کا کہنا تھا کہ قرآن پاک محض مصنوعی مہملات کا مجموعہ ہے اور دین اسلام کو فریب، تشدد اور نفس پرستانہ تعلیمات کی چاٹ دلا کر پھیلایا گیا۔

قرطبہ کے ایک بشپ ایولوگیس (Eulogius) نے اس مواد میں زہر ناک اضافہ کیا۔ بارہویں اور تیرہویں صدی میں صلیبی جنگوں کے ذریعہ اسلام کو مغلوب کرنے کی کوشش جب ناکام ہو گئی تو مسیحی حلقوں میں ایک نیا رجحان ابھرا کہ اسلام کو تبلیغ و تحریص کے ذریعہ تباہ کیا جائے۔ لہٰذا اس کے لئے مشنری تحریک وجود میں آئی۔ اس دور کی سب سے بڑی مشنری تحریک ایک اسپینی تحریک تھی، جو ریمنڈیل نے شروع کی۔ اس کا زمانہ ۱۲۳۵ء - ۱۳۱۵ ہے۔ مگر اس کی مشنری سرگرمیاں بُری طرح ناکام ہو گئیں۔ بالآخر اس نے اسلام پر تابڑ توڑ حملے کرنا شروع کر دیے۔ وہ گلیوں میں نکل کر چلاتا پھرتا تھا کہ عیسائیوں کا عقیدہ صحیح ہے اور مسلمانوں کا غلط۔ تیونس میں ایک مشتعل مجمع نے اس پر حملہ کر دیا اور پتھر مارے، یہاں تک کہ وہ ہلاک ہو گیا۔

عیسائیت اور اسلام میں زبان کا اجنبی پن پہلی بار اس وقت ٹوٹا جب فرانس میں قرآن پاک کا لاطینی میں ترجمہ کیا گیا۔ غالباً بیرونی زبان میں یہ قرآن کا پہلا ترجمہ ہے اور شاید ۱۱۴۱ میں ہوا۔ اس کے

مترجمین میں ایک عرب باشندہ اور تین عیسائی تھے۔ اس ترجمہ قرآن کے ساتھ ایک ضمیمہ بھی طبع کیا گیا تھا۔

اس کے بعد ۱۶۴۹ء میں سیور ڈو ر مدد سے ہی قرآن مجید کو فرانسیسی زبا (صلی اللہ علیہ وسلم) کا قرآن ”Mahammad انگریزی میں ڈھالا اور اچھالا گیا۔ اس ترج الفاظ میں بیان کیا ہے کہ ان تمام لوگو مذہب (اسلام) کو جاننے کی خواہش مع پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کے رہا۔ آکسفورڈ انگلش ڈکشنری میں اس صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی ایک بگڑے ہوئے گئیں۔ یہ فہرست ستر اسی الفاظ کے لگ ایک ایسا ہی نام استعمال کیا تھا۔ دور جد رذیل فطرت کا مظاہرہ کیا ہے۔ اسلام جھوٹے افسانوں کو پھیلانے میں انگریز پیچھے نہیں تھے، بلکہ اہل مغرب کو اس غریب کہانیاں تراشتے رہے۔

ایلیزبتھ کے دور ایک نامور نے اس قسم کے زہریلے مواد میں کو یقین دلایا کہ وہ ایک پہاڑی کو بلا جمع ہوئے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے

تھے۔ اس ترجمہ قرآن کے ساتھ ایک ضمیمہ بعنوان۔ ”مسلمانوں کے عقائد کی تردید“ بھی طبع کیا گیا تھا۔

اس کے بعد ۱۶۴۹ء میں سیو رڈوریر (Sieur Duryer) نے اس ترجمہ کی مدد سے ہی قرآن مجید کو فرانسیسی زبان میں منتقل کیا اور ازاں بعد اسے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا قرآن ”The Accoran Of Mahammad“ کے نام سے انگریزی میں ڈھالا اور اچھالا گیا۔ اس ترجمے کی اشاعت کا حقیقی مقصد خود مترجم نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ ان تمام لوگوں کو مطمئن کر دوں جو ترکی کے اس کھوکھلے مذہب (اسلام) کو جاننے کے خواہش مند ہیں۔

پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے نام مبارک کو بھی کئی طرح سے بگاڑ کر لکھا جاتا رہا۔ آکسفورڈ انگلش ڈکشنری میں اس کی اٹھارہ شکلیں بتائی گئی ہیں۔ بناء بریں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کئی ایک بگڑے ہوئے نام منسوب کر کے پھر ان کی مزید نقلیں تیار کی گئیں۔ یہ فہرست ستراسی الفاظ کے لگ بھگ ہے۔ سیورڈوریر نے سورق کے لیے ایک ایسا ہی نام استعمال کیا تھا۔ دور جدید میں رُشدی مردود نے بھی اسی طرز میں اپنی رذیل فطرت کا مظاہرہ کیا ہے۔ اسلام اور پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے بارے میں جھوٹے افسانوں کو پھیلانے میں الیگزنڈر راس‘ مارٹن لوتھر اور جارج سیل بھی کسی سے پیچھے نہیں تھے‘ بلکہ اہل مغرب کو اسلام سے بدظن کرنے کی خاطر نت نئی عجیب و غریب کہانیاں تراشتے رہے۔

ایلیزبتھ کے دور ایک نامور مصنف‘ فرانسس بیکن (Francis Bacon) نے اس قسم کے زہریلے مواد میں اضافہ کیا اور لکھا تھا: ”محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے لوگوں کو یقین دلایا کہ وہ ایک پہاڑی کو بلائیں گے اور وہ ان کے پاس چلی آئے گی۔ لوگ جمع ہوئے۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہاڑی کو اپنے پاس آنے کے لئے کہا۔ وہ بار بار

پکارتے رہے اور جب پہاڑی اپنی جگہ کھڑی رہی تو وہ ذرا بھی نہیں شرمائے۔ بلکہ انہوں نے کہا کہ اگر پہاڑی محمد ﷺ کے پاس نہیں آسکتی تو محمد (ﷺ) پہاڑی تک جاسکتے ہیں"۔

مغربی لٹریچر میں مسلمانوں کی سُنتوں سے دشمنی کا باقاعدہ ایک پس منظر تیار کیا گیا تھا۔ ایسا ہی ایک کبوتر کا مفروضہ تھا۔ اس مروجہ داستان میں بیان کیا جاتا تھا کہ بانئ اسلام (ﷺ) نے ایک کبوتر کو تربیت دے رکھی تھی تاکہ وہ ان کے کندھے پر بیٹھا رہے اور کان کے اندر پڑے ہوئے دانے کو چگنے کے لئے کان میں چونچ مارتا رہے۔ اس سے وہ اپنے متبعین کو یہ یقین دلانا چاہتے تھے کہ کبوتر کے ذریعہ سے روح القدس ان کو الہام کر رہا ہے۔ یہ افسانہ اس قدر دہرایا گیا کہ ہم اس کا تذکرہ انگریزی ادب میں شیکسپئر کے ایک کردار کی زبان سے سنتے ہیں۔ مزید برآں یہ کہ شیکسپئر سے بہت پہلے جان لڈگیٹ (John Lydgate) (۱۳۵۱) اس کبوتر کا رنگ بھی جانتا تھا۔ اس کا بیان ہے کہ کبوتر' دودھیا سفید رنگ کا تھا۔ یہ جھوٹ اس قدر بولا گیا کہ اٹھارویں صدی میں کبوتروں کے ایک ماہر نے بات کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک خاص قسم کے کبوتر کا نام مومت (Maumet) رکھ دیا' جو کہ سرکارِ مدینہ (ﷺ) کے لئے عیسائیوں کے بگاڑے ہوئے نام کی ایک شکل تھی۔

جب یورپی باشندوں میں قدرے بیداری و بیزاری آنے لگی اور ان بہتانات کی طبعی عمر پوری ہو گئی تو ایک نیا طریقہ واردات ایجاد و دریافت کر لیا گیا۔ اب کوئی ناہنجار و نابکار اٹھتا' اور عوام پر اپنی غیر جانب داری کا تاثر جمانے کے لئے پیش روؤں کے بہت سے الزامات کو جھٹلا دیتا۔ تاہم موقع بہ موقع خُبثِ باطن کا کوئی پوشیدہ مظاہرہ بھی کر جاتا۔ ان میں صلیبی دور کا ایک بشپ' ولیم آف ٹرپولی (William of Tripoli) جس کی پیدائش شام میں ہوئی تھی' نے ۱۲۷۰ء میں اسی

نوع کا ایک رسالہ لکھا تھا۔ ۱۶۷۹ء میں ایک انگلش پادری لانس لاٹ اڈیسن (Lance Lot Adison) اور اس کا ایک ہم عصر ہمفری پرائیڈکس (Hamphrey Prideux) بھی اسی قبیل کے فرد ہیں۔ جوزف وائٹ (White Josef) ولیم میور (Willim Myeor) اور سائن گنکلے کے یہاں بھی قدیم رجحانات کے آثار ملتے ہیں۔ تاہم ایڈورڈ گبن (Edward Gibbon) کا انداز نسبتاً کم جارحانہ تھا۔

والٹیر (Walter) نے بحیثیت مؤرخ کسی حد تک احتیاط کا دامن تھامے رکھا مگر المیہ نگار کے روپ میں وہ تہذیب کے تمام بندھن توڑ اور شائستگی کے تقاضے ہاتھ سے چھوڑ دیتا ہے۔ اس نے اپنے المیہ ناٹک (Tragedy) جس کا تعلق ۱۷۴۲ء سے ہے، میں حقائق کا گلا بے دردی کے ساتھ گھونٹ دیا تھا۔ اس کے علاوہ جرمن شاعر گوئٹے (۱۷۴۹ء-۱۸۳۲ء) نے بھی پیدائشی طور پر سنی سنائی باتوں کو دہرانے کی روایت قائم رکھی۔ اس نے سرکار مدینہ (ﷺ) کی حیات طیبہ پر اپنے مخصوص رنگ میں ایک نظم شروع کی تھی مگر اسے مکمل نہ کر پایا۔ الغرض یہ کہ پیغمبر اسلام (ﷺ) کی سیرت مقدسہ کے بارے میں غلط فہمیاں پھیلانے کی باقاعدہ منصوبہ بندی کی جاتی رہی اور دین فطرت کے انسانیت نواز اصولوں سے متعلق مغربی عوام کو متواتر گمراہ رکھنے کے لئے کسی دور میں کسی قسم کی کوئی کسر باقی نہ چھوڑی گئی۔

رُشدی کی جسارت کو مصنف کا انفرادی فعل کہنے والے یہی صاحب ایک اور جگہ لکھتے ہیں: ”صلیبی جنگوں کے بعد یورپ کی مسیحی اقوام نے متحدہ طور پر یہ کوشش کی کہ وہ آپ (ﷺ) کی تصویر کو بگاڑیں اور آپ (ﷺ) کی تاریخ کو بالکل مسخ کر ڈالیں۔ مگر ہزار برس تک اپنی ساری طاقت خرچ کرنے کے باوجود ان کی کوشش صد فی صد ناکام ہو گئی۔ یہاں تک کہ سائنس کے زیر اثر خود علم انسانی میں

وہ انقلاب آیا جس نے آپ ﷺ کے معاندین کے پیدا کردہ لٹریچر کو غیر حقیقی قرار دے کر رد کر دیا۔ خود مسیحی طبقہ کی بعد کی نسلوں میں ایسے لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے اپنی ابتدائی نسلوں کی بات کو ماننے سے انکار کر دیا۔ ان میں ٹامس کارلائل پیدا ہوا جس نے آپ ﷺ کو تمام پیغمبروں کا ہیرو قرار دیا (۱۸۴۹ء)۔ ان کے درمیان سے مائیکل ہارٹ اٹھا جس نے یہ اعلان کیا کہ محمد ﷺ تاریخ کے واحد سب سے بڑے انسان ہیں"۔

میرے خیال میں اس حوالے سے کارلائل کو ایک نئے سنگ میل کی علامت قرار دیا جا سکتا ہے۔ باطل یورپ کے صنم کدہ تصورات میں سچائی کی یہ ایک مؤثر پہلی آواز تھی۔ وگرنہ ڈاکٹر بہی ہمیں بتاتا ہے کہ عیسائی پادری اور مؤرخ کس طرح امام الانبیا (ﷺ) کی ذاتِ بابرکت کے بارے میں لغو حرکتیں کرتے رہے۔ مگر یہ سلسلہ یہیں ختم ہو کر نہیں رہ جاتا بلکہ ہنوز از دگر مزید آگے چلتا ہے۔ مقامی و بین الاقوامی طور پر یہ سلسلہ باہتمام باقی رکھا گیا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ ولیم میور کے طرز پر اب بھی کئی ایک ناول مغربی عزائم کے آئینہ دار ہیں۔ صہیونی منصوبے کی ایک کڑی "دی مہدی" (The Mahdi) ہے۔ اس ناول میں امریکہ اور برطانیہ وغیرہ کی مشترکہ سازش سے ایک ایجنٹ "ابو قدور" کو مکہ معظمہ میں حج کے موقع پر امام مہدی بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔

۱۹۷۷ء میں ابھی شاہ ایران اقتدار سے مضبوطی کے ساتھ چمٹا ہوا تھا کہ اچانک مغربی مارکیٹ میں ایک ناول ۷۹ کا بحران (The Crash of 79) منظر عام پر آتا ہے۔ اس میں یہ دکھایا گیا تھا کہ عراق شط العرب پر مکمل قبضہ حاصل کرنے کے لیے اہواز اور ابادان پر حملہ آور ہے۔ سعودی عرب اور دوسری مسلم ریاستیں عراق کی امداد پر کمربستہ ہو گئی ہیں۔ ایران نے عراق پر جوابی حملے کر کے اس کے جنوب

مشرقی علاقے پر بھی حملے شروع کر دیئے ہیں۔ یہاں تک کہ پورے خلیجی علاقے میں ایٹم بم کے پھٹنے سے زبردست جانی اور مالی تباہی پھیل جاتی ہے۔ اس ناول کی اشاعت کے تین سال بعد خلیج میں ایران و عراق کی واقعتاً جنگ چھڑ گئی تھی۔ اس میں حیران کن امر یہ ہے کہ بہت پہلے ”ڈیلی ٹیلیگراف“ نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھ دیا تھا کہ یہ ہے تو ناول ہی، مگر کل کلاں یہ کمر توڑ دینے والی حقیقت کا روپ بھی دھار سکتا ہے۔

بناء بریں ”ایلن ولیئر“ کا ایک ناول مقدس ترین (Holy of Holies) بھی چھپ چکا ہے۔ اسے برطانیہ کی گراناڈا پبلشنگ کمپنی نے شائع کیا۔ اس میں اسلام کو کینسر کا نام دیا گیا ہے۔ جس کے وجود سے کرۂ ارض کو نجات دلانے کے لیئے ایک مہیب آپریشن کا منصوبہ بنایا جاتا ہے۔ اس پروگرام میں روس، فرانس، برطانیہ، امریکہ اور اسرائیل کی خفیہ تنظیموں کے افراد شامل ہوتے ہیں۔ پانچ دیو قامت ہرکولیس جہاز جزیرہ قبرص میں جمع کیئے جاتے ہیں۔ جن میں جوہری بموں کے علاوہ ایک خاص اعلان کا ٹیپ نصب ہے۔ اڑان سے پہلے مشن کے ارکان کو بتایا جاتا ہے کہ وہ ایسے خوش قسمت افراد ہیں، جو مغرب کی تہذیب کے دفاع کی خاطر ایک غیر مہذب، جاہل اور ظالم طاقت ”اسلام“ کو تباہ کرنے جا رہے ہیں۔ اور یہ کہ تاریخ میں وہ مغرب کے ہیرو قرار پائیں گے۔ ناول کے پلاٹ میں ہے کہ پانچوں طیاروں سے خفیہ جوہری بم گرتے ہیں اور قیامت کی سی تباہی آجاتی ہے۔ حرم کعبہ اور مکہ المکرمہ کا پورا شہر فضا میں تحلیل ہو جاتا ہے۔ وہاں موجود تیس لاکھ حجاج میں سے پانچ لاکھ فوری طور پر لقمہ اجل بن جاتے ہیں۔

مسعود کھدر پوش کے ایک خط، مطبوعہ روزنامہ جنگ لاہور سے بھی اہل مغرب کی اس شیطانی جدوجہد اور خطرناک منصوبہ بندی کا لرزہ خیز انکشاف ہوتا ہے،

وہ لکھتے ہیں: ”میں ۱۹۵۹ء میں امریکہ لیکچر دینے گیا۔ اس کے منتظم ایک یہودی لیکچر کمپنی کے سربراہ مسٹر سکاٹک تھے، جو پاکستان میں چار پانچ ماہ قیام کر چکے تھے۔۔۔۔۔ وہاں کئی یہودیوں نے مجھ سے ملاقاتیں شروع کر دیں، جن میں وہ بار بار یہ کہتے کہ دنیا جنگ کے خوف سے بہت پریشان ہے۔ ان حالات میں کسی ”مہدی“ کی شدید ضرورت ہے۔ پھر کبھی کبھی مجھے سمجھاتے کہ آپ میں ”مہدی“ بننے کی پوری صلاحیت موجود ہے۔

آخر کار ایک روز تین حضرات میرے پاس نہایت ہی راز داری میں یہ بات کہنے آئے کہ ہمیں یقین ہو گیا ہے کہ آپ ”مہدی“ بن سکتے ہیں۔ اگر آپ کچھ عرصہ امریکہ میں ٹھہر جائیں تو ہم آپ پر دس لاکھ ڈالر لگا کر آپ کو ”مہدی“ مشہور کر سکتے ہیں۔ پھر آپ کو پاکستان اور ہندوستان کا دورہ کرایا جائے گا، اور آپ کے ماننے والوں کی ایک بڑی تعداد پیدا ہو جائے گی“۔

بعض افراد کا کہنا ہے کہ یورپی ممالک میں ارباب کلیسا کو کب کا سیاسی اقتدار سے بے دخل کیا جا چکا ہے۔ اب ان کی بنیادیں سیکولرازم پر قائم ہیں۔ لہٰذا کسی مذہبی دماغ کی کارستانیوں کو ارباب حکومت کے سر تھوپنا روا نہیں۔ حالانکہ یہ موقف بھی سراسر غلط اور لاعلمی کے سبب ہے۔ دیکھا یہ گیا ہے کہ عام طور پر اسلامی ممالک اپنے آئین سمیت ”بنیاد پرست“ ہیں، مگر عملاً ”صد فی صد سیکولر“ جبکہ یورپی دنیا اور بعض دیگر غیر مسلم ممالک بھی سیکولرازم کے مدعی و پرچارک ہونے کے باوجود شدید مذہبی ذہنیت رکھتے ہیں۔ اس کا عملی مظاہرہ بھی ہم برطانوی ہند میں کئی بار دیکھ چکے ہیں۔

ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائریکٹروں کی مجلس کے صدر مسٹر مینگلز نے ۱۸۵۷ء میں برصغیر پاک و ہند پر مکمل قابو پا لینے کے فوراً ”بعد انگلینڈ کی پارلیمنٹ میں خطاب کرتے ہوئے کہا تھا: ”قدرت نے ہندوستان کی وسیع سلطنت انگلستان کو اس لئے

تفویض کی ہے کہ خداوند مسیح کا جھنڈا ہندوستان کے ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک فاتحانہ لہرائے۔ ہر شخص کو چاہئے کہ وہ اپنی قوت صرف کردے تاکہ تمام ہندوستان کو عیسائی بنانے کا کام جاری رکھنے میں کسی وجہ سے کوئی تعویق نہ ہو سکے“۔ اسی دور میں سرولیم میور کی کتاب حیاتِ محمد (Life of Mohammad) منظر عام پر آئی جس کے بارے میں سرسید احمد خاں مرحوم نے ولایت سے مولوی مہدی علی خاں کے نام بھیجے گئے ایک خط میں لکھا تھا: ”ولیم میور کی کتاب کو میں دیکھ رہا ہوں۔ اس نے دل کو جلا دیا اور اس کی ناانصافیاں اور تعصبات دیکھ کر دل کباب ہو گیا“۔

الغرض یہ کہ خطباتِ احمدیہ، اس کے جواب ہی میں شائع ہوئی تھی۔ ہندوستان میں مرزا غلام احمد کا دعویٰ نبوت اور ایران وغیرہ میں بابی تحریک کا آغاز، مغرب کے ارباب اقتدار کی منصوبہ بندی کا ہی آئینہ دار تھا۔ یہ یورپی دنیا کی اسلام دشمنی کا ایک مختصر خاکہ ہے، وگرنہ اس سے متعلق کتابیں بھری پڑی ہیں۔ اس کے باوجود بعض لوگ ان ناقابل تردید حقائق کو محض اوہام اور مفروضات کا نتیجہ قرار دیتے ہیں۔

”عہدِ حاضر کا مسلمان؟“

ہندوستان میں وحید الدین خاں، ایک مولانا ہوتے ہیں۔ عصری اسلوب میں اسلامی لٹریچر کے نام پر ان کے متعدد رسائل طبع ہو چکے ہیں۔ ان کے زیرِ ادارت ایک ماہنامہ بھی نکلتا ہے۔ حضرت سب کچھ ہیں: مفکر، محقق، دانشور اور ادیب۔ اپنے تئیں عقلِ کُل اور اپنی تعبیرات کو ایک طرح سے حرفِ آخر سمجھتے ہیں۔ ان کی

نگارشات میں اس امر کے واضح اشارے پائے جاتے ہیں کہ پوری تاریخ اسلام میں گویا وہی فرد وحید ہیں، جنہوں نے دین کی اصل روح کو سمجھا۔ کوئی سا دینی موضوع ہو ان کی تان دعوتی، تبلیغی اور تذکیری پہلوؤں پر آکر ٹوٹتی ہے۔ ان کا نظریہ جہاد محض دفاعی اور معذرت خواہانہ ہے۔ حکمت اعراض کے قائل اور خاموشی کی طاقت پر مائل ہیں۔ مصلحت دعوت میں وہ اس قدر آگے نکل گئے ہیں کہ دین بھی مصلحت کا دُم چھلا دکھائی دینے لگتا ہے۔

چند برس پہلے شیطان رُشدی کی کتاب ”شیطانی آیات“ مغربی سازش سے منظر عام پر آئی تو دیکھتے ہی دیکھتے فرزندان اسلام کے غیظ و غضب کا لاوا بہہ نکلا۔ اسلامیوں نے حضور سرورِ کائنات (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ اپنی والہانہ وابستگی اور بے مثال جذباتی تعلق کی ایک نئی مثال قائم کی تھی۔ چشم فلک نے دیکھا کہ راکھ کے ڈھیر میں اب بھی آگ پوشیدہ ہے۔ ستاروں نے گواہی دی کہ ایک مسلمان لاکھ بدکار ہو لیکن اپنے سرکار (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا فدا کار و جانثار ہوتا ہے۔ ابلیس کی مجلس شوریٰ میں ایک بار پھر ماتم برپا ہو گیا، کہ ہر سازش اور حربہ کے باوجود ہنوز فاقہ کش کے بدن میں ”روحِ محمد ﷺ“ باقی ہے۔ دراصل یہ جذباتی رشتہ ہی ایمان کا اثاثہ اور قرآن کا خلاصہ ہے۔

سلمان رشدی کے خلاف غم و غصہ پر اظہار ناپسندیدگی کرتے ہوئے وحید الدین خاں نے ۱۹۱ صفحات پر مشتمل ایک پوری کتاب لکھ ماری۔ اس کا نام ہے ”شتم رسولؐ کا مسئلہ“۔ مولانا موصوف کے دعویٰ کے مطابق اسے قرآن و حدیث اور فقہ و تاریخ کی روشنی میں لکھا گیا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اس میں یورپی اخبارات، الیکٹرانک میڈیا، انٹرویوز اور اخباری بیانات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ یہ رسالہ ایک طرح سے قرآن و حدیث اور فقہ و تاریخ کی دشمنی کا رنگ لئے ہوئے ہے۔ پوری کتاب

"غلامانہ آزادی" اور "آزاد غلامی" سے دور، غیر سنجیدہ و غیر متعلق آ موضوع پر ان کی تحقیق کا یہی معیا جدت گزیدہ ہے۔ بس ان کے زم ہیں۔ ان کا نسخہ پانچ ابواب پر مش باندھا گیا ہے۔ اس کے قریباً "آغا ایسے مسلمان بہت تھوڑے ہ (Tax Collector) سمجھے ہو کے ہو چکے ہیں"۔

کس قدر لغو اور باطل کرۂ ارض میں بھلا وہ کون محصل سمجھتا ہو گا۔ اس پر ما سے بھی کوئی تعلق نہیں بنتا۔ "حضرت نے متعدد کا ایک اور مظاہرہ ایک ذیلی نے تیسرے باب میں متفرقات

مرزا غلام احمد قا (۱۸۲۸-۱۹۰۸)۔ دونوں ہم ع کا تحریری اور تقریری مقابلہ کیا ہے۔

"غلامانہ آزادی" اور "آزاد غلامی" کا ایک عجیب و غریب درس ہے۔ فکری بالیدگیوں سے دور' غیر سنجیدہ و غیر متعلق آراء سے معمور۔ رطب و یابس سے بھرپور۔ ہر موضوع پر ان کی تحقیق کا یہی معیار ہے۔ ان کی جبینِ فکر مغرب آلودہ اور رُخِ قلم جدّت گزیدہ ہے۔ بس ان کے رسائل' ائمہ مغرب کے حوالوں سے اجالوں کی آماجگاہ ہیں۔ ان کا نسخہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب کا پہلا جزو بلا عنوان (آغازِ کلام) باندھا گیا ہے۔ اس کے قریباً آغاز ہی میں لکھتے ہیں: "عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں ایسے مسلمان بہت تھوڑے ہوں گے جو پیغمبر اسلام (ﷺ) کو محصل (Tax Collector) سمجھتے ہوں۔ مگر موجودہ زمانہ میں تو بظاہر تمام مسلمان اسی سوچ کے ہو چکے ہیں"۔

کس قدر لغو اور باطل انداز ہے۔ اسے گستاخانہ بے باکی بھی کہا جا سکتا ہے۔ کُرۂ ارض میں بھلا وہ کون مسلمان ہے جو رسولِ اقدس (ﷺ) کو نعوذُ باللہ محصل سمجھتا ہو گا۔ اس پر عامیانہ پن یہ کہ نفسِ مضمون سے اس بات کا کسی طرح سے بھی کوئی تعلق نہیں بنتا۔

"حضرت" نے متعدد مقامات پر اس طرز کے کئی گُل کھلائے ہیں۔ ان کی حماقت کا ایک اور مظاہرہ ایک ذیلی سرخی "دونوں یکساں" کے تحت ملاحظہ فرمائیے' جو انہوں نے تیسرے باب میں متفرقات کے ربط سے قائم کی ہے:

"دونوں یکساں"

مرزا غلام احمد قادیانی (۱۸۳۹-۱۹۰۸ء) اور مولانا ثناء اللہ امرتسری (۱۸۶۸-۱۹۴۸ء)۔ دونوں ہم عصر تھے۔ اس زمانہ میں جن علماء نے مرزا غلام احمد قادیانی کا تحریری اور تقریری مقابلہ کیا' ان میں ایک مشہور نام' مولانا ثناء اللہ امرتسری کا بھی ہے۔

تنگ نظری کا طعنہ دینے والے ہمارے مسیحی بھائی انجیل مقدس کی تعلیمات سے انحراف پر بھی موت کی سزا دیتے رہے ہیں۔ انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا جلد ۱۱ ص ۷۴ میں مسطور ہے کہ جب رومن امپائر کے مقتدر اعلیٰ جسٹینین نے مسیحیت قبول کر لی تو قانون موسوی کو موقوف و منسوخ کر کے بنی اسرائیل کے انبیاء کے بجائے صرف یسوع مسیح اور تعلیمات انجیل کی توہین پر سزائے موت مقرر کی گئی۔ ازاں بعد یہ سارے یورپ کی سلطنتوں کا قانون بن گیا اور سکاٹ لینڈ میں تو اٹھارویں صدی تک اس جرم کی پاداش میں سزائے موت ہی دی جاتی رہی ہے۔

• گستاخ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے عند الناس توبہ کے دروازے مکمل طور پر بند

ہیں۔ اس میں بہت سی حکمتیں مضمر اور مصلحتیں پنہاں ہیں۔ اول یہ کہ پیغمبر آخر الزماں (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حرمت و تقدیس کے بارے تنقیص پر سزا کو بطور حد نافذ نہ کیا جاتا تو لادینیت اور گمراہی کو فروغ ملتا، جبکہ حد کی سزاؤں میں توبہ و معافی کی مطلقاً کوئی

گنجائش نہیں رکھی گئی۔ دوم یہ کہ اگر معافی یا توبہ کا دروازہ کھلا رکھا جائے تو پھر کبھی مجرم کو سزا مل ہی نہ پائے۔ کیونکہ وہ ارتکاب گستاخی کے بعد جان بچانے کی خاطر فی الفور معافی کا خواستگار ہوتا اور ایک مذموم سازش کے تحت پھر اس کی جگہ کوئی اور لے لیتا۔ لہٰذا حکمتِ اسلام یہ قرار پائی کہ توہین نبوت پر ایسی سزا نافذ العمل ہو کہ کوئی بدفطرت و کمینہ خصلت گستاخی کی جرأت ہی نہ کر پائے۔ یہی اس سزا کا فلسفہ ہے۔

• مسلمان، اہل کتاب سے یہ حق صرف لیتے ہی نہیں کہ ان کے پیارے رسول

(ﷺ) کی شان میں بے حرمتی نہ کی جائے بلکہ انہیں یہ کھلا حق دیتے بھی ہیں کہ اگر کوئی بدبخت شخص، خواہ مسلمان ہی کیوں نہ ہو، ان کے انبیاءؑ کی گستاخی کا مرتکب ہو تو اسے بھی یہ سزا دی جائے۔ نہ صرف یہ بلکہ مسلمان تو اپنے نظریہ و عقیدہ کی رو سے اس پر ازخود کاربند اور پابند ہیں۔

• کوئی بھی امت اگر کسی پیغمبر خدا کی تفضیل کا عقیدہ رکھتی ہو اور اپنے کسی مصلح یا

عالم کو دوسروں پر ترجیح دیتی ہو تو یہ گستاخی کے زمرے میں نہیں گنا جائے گا۔ یہ تو اپنے اپنے ذوق و مشرب، فکری و نظری پس منظر اور قلبی لگاؤ کی بات ہے، جس پر کوئی قدغن نہیں لگائی جاسکتی۔ بلکہ سبّ و شتم سے مراد وہ اشارہ، کلمہ یا عمل ہے، جس سے طعن و تعریض یا اہانت و تنقیص کا تأثر یا گمان ابھرتا ہو۔ مطلب یہ کہ ایک کی دوسرے پر فضیلت کا نظریہ و عقیدہ اہانت نہیں ہے۔

• میرا خیال یہ بھی ہے کہ غیر ارادی طور پر یعنی بغیر نیت کے گستاخی و بے ادبی کا

سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ بدنیتی و بدباطنی اس کا اوّلین محرک ہے۔ بالفرضِ محال اگر اس کے برخلاف ہو تو محض ذہنی ارتداد و اہانت پر دین اسلام میں کوئی سزا مقرر نہیں کی گئی ہے۔ ذہنی

ارتداد و اہانت سے میری مراد وہ طرز گستاخی ہے جو کوئی فرد اپنے تک ہی محدود رکھے اور بذریعہ تحریر و تقریر یا قولاً یا فعلاً اس کا باقاعدہ مرتکب نہ ہو۔ سزا کا نفاذ تبھی ہو گا جب اس کا برملا اعلا لازمی طور پر بدامنی و فتنہ پروری نیز بے راہرو شدید ترین سزاوار کار و ناگزیر ہے۔

• تحفظ ناموس نبی (ﷺ) کے با

نظریات، جذبات و احساسات اور انقلابی رُوح بلکہ یہ اسلامیوں کے عقیدہ و ایمان کی ہے۔ رسولِ عربی (ﷺ خلاصہ، قومی امتیاز و اعزاز، بقا و وفا کا حقیقی رم رواج ہے۔ اس کا ماحصل یہ ہے کہ مسئل روح محمد (ﷺ) جب تک اس قوم پر ترجیح دیتے اور تختہ دار پر بھی ہمیشہ مسکرا بقا عطا کر جاتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ اگر مسلما وقار کی تضحیک و تمسخر پر خاموشی سادہ نقصانات کا اندازہ ہی نہیں لگایا جاسک

• حضور نبی اکرم (ﷺ) کا لب و

شانِ رحمت للعالمینی کے خلاف نہیں ہے۔ رحیم ہے اور رب العالمین بھی مگر اس ظال ٹھہرایا اور ابدی دوزخ کا عذاب تجویز فرما وہ بھی نہیں ہے۔ حق یہ ہے کہ انبیاء عل ہرگز وجہِ عیب نہیں ہے۔

• ایک کسان کھیت میں گھسے ہوئے

ہو۔ سزا کا نفاذ تبھی ہو گا جب اس کا برملا اظہار کیا جائے، اور اس جسارت کا مقصد لازمی طور پر بدامنی و فتنہ پروری نیز بے راہروی و گمراہی پر منتج ہوتا ہے۔ جس کے لیے شدید ترین سزا درکار و ناگزیر ہے۔

• O تحفظ ناموس نبی (ﷺ) کے بارے میں فرزندان اسلام کے عقائد و

نظریات، جذبات و احساسات اور انقلابی ردعمل محض جذباتی نوعیت کا ہرگز نہیں ہے۔ بلکہ یہ اسلامیوں کے عقیدہ و ایمان کی اساس ہے۔ ان کا منفرد تشخص ہے۔ رسول عربی (ﷺ) کی امت کا کل اثاثہ، عرفان و ایقان کا خلاصہ، قومی امتیاز و اعزاز، بقا و وفا کا حقیقی راز، مسلسل و مستقل روایت اور ایک زندہ رواج ہے۔ اس کا ماحصل یہ ہے کہ مسلمان قوم غیور و جسور اور زندہ و تابندہ ہے۔ روح محمد (ﷺ) جب تک اس قوم کے بدن میں موجود ہے، یہ موت کو زندگی پر ترجیح دیتے اور تختہ دار پر بھی ہمیشہ مسکراتے رہیں گے۔ ایسے لوگ تو فنا و قضا کو بھی بقا عطا کر جاتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ اگر مسلمان اپنے نبی (ﷺ) کی حرمت و وقار کی تضحیک و تمسخر پر خاموشی سہار لیں تو اس کے زہریلے اثرات اور دائمی نقصانات کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا۔

• O حضور نبی اکرم (ﷺ) کا اپنے شاتمین کو تہ تیغ کرنا، آپ (ﷺ) کی

شان رحمت للعالمینی کے خلاف نہیں ہے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ رحمٰن اور رحیم ہے اور رب العالمین بھی مگر اس نے دنیا و آخرت میں کفار و مشرکین کو معتوب ٹھہرایا اور ابدی دوزخ کا عذاب تجویز فرمایا ہے تو اگر یہ ان صفات سے متصادم نہیں تو وہ بھی نہیں ہے۔ حق یہ ہے کہ ایسا معاملہ رب العالمین یا رحمت للعالمین کی صفات پر ہرگز وجہ عیب نہیں ہے۔

• O ایک کسان کھیت میں گھسے ہوئے چند خنزیر مار ڈالے یا کوئی شخص اپنے مکان میں

در آنے والے سانپوں کو ہلاک کر دے تو اس عمل کو کسی طور پر بھی بے رحمی یا ظلم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اسی طرح اگر ایک قاتل، اور ڈاکو کی موت میں لاتعداد انسانوں کی زندگی پوشیدہ ہو تو اس میں کیا حرج ہے؟

• یہ سزا غیر مسلموں کے سر پر ننگی تلوار بھی نہیں ہے، بلکہ قانون تحفظ ناموس

رسالت ان کی زندگیوں کا محافظ و ضامن ہے۔ ایک تو یہ کہ اس سزا کا نفاذ صرف غیر مسلموں کے خلاف نہیں ہوا کرتا بلکہ بدبخت مسلمان بھی اس کی زد میں آتے ہیں۔ مطلب یہ کہ اس باب میں رنگ و نسل یا مذہب و وطن کی کوئی تخصیص روا نہیں رکھی گئی ہے۔ دوسرا یہ کہ اس قانون کے ہوتے ہوئے، جبکہ باقاعدہ ایک عدالتی ذریعہ موجود ہو گا تو پھر کوئی کلمہ گو اپنے طور پر کسی شہری کی جان نہیں لے سکے گا۔ کسی قانون کی عدم موجودگی میں تو کوئی شخص "اپنا قانون" (قتل) بھی لاگو کر سکتا ہے۔ اس کے برخلاف اگر داد رسی یا قانونی چارہ جوئی کا ایک معقول ذریعہ ہو تو اس کے امکانات بالکل محدود بلکہ مفقود ہو جاتے ہیں۔

• یہ اعتراض بھی بے بنیاد اور بدنیتی کا مظہر ہے کہ اس قانون کو ذاتی دشمنی اور انتقام

کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اسلام کے قانون انصاف اور نظام عدل میں اس کی مطلقاً گنجائش نہیں ہے۔ قاضی / جج کسی کے کہنے پر مجرم کو پکڑ کر یوں ہی قتل کا فیصلہ صادر نہیں کر دیتے۔ مدعی کو گواہ اور ثبوت پیش کرنا ہوتے ہیں، نصاب شہادت پورا نہ ہونے یا شبہات کی موجودگی میں فرمانِ نبوی (ﷺ) کے مطابق حدود ساقط کر دی جاتی ہیں۔ اپنے اثرات کے لحاظ سے کم نوعیت کے جرائم پر قانون تعزیر حرکت میں آتا۔ اگر مدعی جھوٹا ثابت ہو تو از روئے قانون مستوجب سزا ٹھہرے گا۔ بناء بریں ذاتی دشمنی اور انتقام کے تحت تو چوری، ڈاکہ، زنا،

قتل، بغاوت اور غداری کے جھوٹے مقدمات بھی درج ہو سکتے اور ہوتے ہیں۔ اس مفروضہ کی بنیاد پر تو لازم آتا ہے کہ تمام مبینہ ج

• اہل مغرب یہ پروپیگنڈہ کر

ہیں کہ قانون تحفظ ناموس رسالت لوگوں کی منافقت شعاری، عناد و میں کسی ایک جگہ بھی اور کسی ملک آزادی نہیں دی گئی ہے۔ آزا شائستگی شرط ہے۔

• دنیا کی ہر ریاست کی طرح

محض (مسلمان ہو یا غیر مسلمان) کرنے کی کوشش کرے یا جنگ موت کا مستحق ہو گا‘‘۔

مزید برآں یہ کہ قانون کا اقدام بغاوت بھی سزائے م ریاست کے باغی تو مباح الدم عزت و ناموس باغی یا حملہ آور میں تو قانون اس لیے بھی لازم اور دین اسلام کا سارا یہ قانون نے عطا فرمایا ہے۔ گویا کہ خیرات ہے۔ اور اس کی سلامتی عزت و ناموس کا تحفظ یقینی بنا

• دنیا بھر میں یہ قانون رائج

پر تو لازم آتا ہے کہ تمام مبینہ جرائم کا قانون اور سزا ختم کر دی جائے۔

• اہل مغرب یہ پروپیگنڈہ کرتے اور بعض جدت گزیدہ نام نہاد مسلمان بھی یہ کہتے

ہیں کہ قانون تحفظ ناموس رسالت حریت فکر اور آزادی رائے کا قاتل ہے۔ اسے ان لوگوں کی منافقت شعاری، عناد و تضاد اور دوغلا پن ہی کہہ سکتے ہیں، کیونکہ پوری دنیا میں کسی ایک جگہ بھی اور کسی ملک کے آئین میں حدود و قیود کے بغیر مطلقاً "رائے کی آزادی" نہیں دی گئی ہے۔ آزادی رائے کے لیئے سبّ و شتم ممنوع اور تہذیب و شائستگی شرط ہے۔

• دنیا کی ہر ریاست کی طرح تعزیرات پاکستان میں بھی یہ بات درج ہے کہ کوئی بھی

شخص (مسلمان ہو یا غیر مسلمان) جو پاکستان کے خلاف جنگ و بغاوت کرے یا جنگ کرنے کی کوشش کرے یا جنگ کرنے میں مدد و اعانت کرے تو ایسا شخص سزائے موت کا مستحق ہو گا"۔

مزید برآں یہ کہ قانون، سربراہ مملکت اور سربراہ حکومت کے خلاف کسی فرد کا اقدام بغاوت بھی سزائے موت کو مستوجب ٹھہراتا ہے۔ استدلال یہ ہے کہ آئین و ریاست کے باغی تو مباح الدم ٹھہرے لیکن حضور سرورِ کائنات (ﷺ) کی عزت و ناموس پر باغی یا حملہ آور کو واجب القتل قرار نہ دیا جائے، چہ معنی دارد؟ پاکستان میں تو قانون اس لیے بھی لازم ہے کہ وطن عزیز کو اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا اور دین اسلام کا سارا یہ قانون و آئین تو فخر موجودات تاجدار کائنات (ﷺ) نے عطا فرمایا ہے۔ گویا کہ مملکت خداداد، پاکستان آپ (ﷺ) کا فیض اور خیرات ہے۔ اور اس کی سلامتی و بقا کے لیئے ناگزیر ہے کہ آقا و مولا (ﷺ) کی عزت و ناموس کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

• دنیا بھر میں یہ قانون رائج ہے کہ اگر کسی شخص کی عوامی ساکھ متاثر ہو اور اس کی

شہرت و مقبولیت کو نقصان پہنچایا جائے تو داد رسی کے لئے قانون ازالہ حیثیت عرفی موجود اور نافذ العمل ہے۔ ایک عام آدمی کی عزت و حرمت بھی ایک مسلمہ قدر ہے‘ جس کا ازالہ کروڑوں ڈالر میں بھی ہو سکتا ہے تو اس کے مقابلے میں امام الانبیاء (ﷺ) کی شان میں زبان کھولنا تو ایسا جرم ہے کہ جس کا ازالہ ”مال و دولت کی ایک بڑی سے بڑی مقدار سے بھی نہیں ہو سکتا۔ ناموسِ مصطفیٰ (ﷺ) ایک ایسی قدر ہے کہ اس کی سزا صرف اور صرف مجرم و شاتم کا نشان مٹا دینا ہے۔ زندگی اور جان کا نشان۔ ملتِ اسلامیہ کا مزاج یہ ہے کہ وہ اس سلسلے میں پیغمبرانِ خدا کے مابین فرق روا نہیں رکھتے۔ لہٰذا اسلامی قانون میں اللہ کے کسی بھی نبی و رسول (ﷺ) کا گستاخ واجب القتل ہے۔

• O عہد حاضر میں بہت سے ممالک نے ہیروئن کے دھندے میں کسی طرح بھی ملوث

ہونے والوں کے لئے سزائے موت کا تعین کر رکھا ہے۔ مقصد اس کا یہ ہے کہ اس زہر کا انسداد ہو۔ اس پہ کوئی اعتراض نہیں اٹھاتا۔ اس قانون کو بنیادی انسانی حقوق کا معاملہ نہیں بنایا گیا۔ در حقیقت یہ قانون انسانی اقدار کے تحفظ کے لئے بنایا گیا ہے‘ اور درست ہے۔ کیونکہ ہیروئن انسان کے لئے زہر قاتل اور انسانیت کی توہین ہے۔ کیا محسنِ انسانیت (ﷺ) کی حرمت و ناموس کا تحفظ ان تمام اقدار سے بڑھ کر نہیں ہے؟ لہٰذا اس پر کسی کا انگشت اعتراض اٹھانا‘ دراصل کھلی منافقت‘ بد نیتی اور تضاد بیانی کا عکس ہے۔

• O دنیا کے ہر ملک اور قوم کا قانون‘ حفاظتِ مال و جان کا حق تسلیم کرتا ہے۔ ذاتی

دفاع اور حفاظتِ خود اختیاری کے پہلو پر اجماع انسانیت ہے اور اسے ایک ناقابل جرح قدر تسلیم کیا جاتا ہے۔ انڈین پینل کوڈ کی دفعہ ۹۶ تا ۱۰۳ بھی ذاتی دفاع کے بارے ہی میں ہے۔ عجیب ہے کہ

جسمانی و مادی اعتبار سے تو یہ حق مانا جائے‘ حفاظتِ خود اختیاری‘ یعنی حفاظتِ مال و جان کے لیکن حفاظتِ دین و ایمان کا سامان صرف جائز ہی نہیں بلکہ واجب قرار

• O اسلامی فقہ کا مزاج بتاتا ہے کہ

واسطہ توہین پر بھی موت کی سزا گنجائش نہیں ہے۔

مولانا وحید الدین خاں صاحب کا یہ (ﷺ) اور دورِ صحابہؓ میں مجرم کو بھی قتل کی سزا نہیں دی

انقلاب (ﷺ) (سیرت پاک میں بقلم خود یہ لکھ چکے ہیں: ”رسول اللہ (ﷺ) آپ نے اپنے فوجی سرداروں کو خود ان سے لڑنے کے لئے آجاتے ان سب لوگوں کی معافی کا اعلان ترین جرائم کئے تھے۔ البتہ آپ جائیں‘ خواہ وہ کعبہ کے پردے کے کی کتابوں میں نام بنام ان کا ذکر کیا

آئندہ سطور میں مولانا کہتے ہیں کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے سترہ مردوں اور عورتوں کے قتل کا

اختیاری‘ یعنی حفاظت مال و جان کے تحت ایک فرد کا بیسیوں کو ہلاک کر دینا تو جائز ہو لیکن حفاظت دین و ایمان کا سامان کیا جائے تو ناجائز۔ ایمانی و روحانی نقطۂ نگاہ سے یہ صرف جائز ہی نہیں بلکہ واجب اور قومی فرض ہے۔ فرضِ کفایہ!

• اسلامی فقہ کا مزاج بتاتا ہے کہ رسول اللہ (ﷺ) کی ذات و صفات میں بلا

واسطہ توہین پر بھی موت کی سزا بطور حد نافذ کی جائے گی۔ اور معافی و توبہ کی مطلقاً گنجائش نہیں ہے۔

مولانا وحید الدین خان صاحب کا یہ موقف سب سے زیادہ حیران کن ہے کہ عہدِ نبوی (ﷺ) اور دورِ صحابہ میں مطلق گستاخئ رسول (ﷺ) کی بنیاد پر کسی ایک مجرم کو بھی قتل کی سزا نہیں دی گئی۔ حالانکہ قبل ازیں وہ اپنی ایک کتاب ”پیغمبر انقلاب (ﷺ)“ (سیرتِ پاک کا علمی اور تاریخی مطالعہ : اشاعت اول ۱۹۸۲ء) میں بقلمِ خود یہ لکھ چکے ہیں:

”رسول اللہ (ﷺ) فتح مکہ کے موقع پر جب مکہ میں داخل ہوئے تو آپ نے اپنے فوجی سرداروں کو حکم دیا کہ وہ کسی سے جنگ نہ کریں۔ الا یہ کہ کوئی خود ان سے لڑنے کے لیے آجائے۔ فتح مکہ کے بعد آپ ﷺ نے عمومی طور پر ان سب لوگوں کی معافی کا اعلان کر دیا‘ جنھوں نے آپ ﷺ کے خلاف سخت ترین جرائم کیے تھے۔ البتہ آپ نے کچھ لوگوں کی بابت فرمایا کہ وہ قتل کر دیئے جائیں‘ خواہ وہ کعبہ کے پردے کے نیچے پائے جائیں۔ ابنِ ہشام وغیرہ نے اپنی سیرت کی کتابوں میں نام بنام ان کا ذکر کیا ہے“۔

آئندہ سطور میں مولانا مذکور نے ان کی تفاصیل بیان کی ہیں۔ اس کے بعد وہ کہتے ہیں کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ رسول اللہ (ﷺ) نے فتح مکہ کے بعد سترہ مردوں اور عورتوں کے قتل کا حکم دیا تھا۔ ان میں سے ہر شخص متعین اور معلوم

شخصی جرم کی بنا پر گردن زدنی تھا۔ تاہم ان میں سے جس شخص نے بھی معافی مانگی یا اس کی طرف سے کسی نے معافی کی درخواست کی، اس کو آپ ﷺ نے معاف فرما دیا۔ معافی طلب کرنے والوں میں سے کسی کو بھی قتل نہیں کیا گیا۔ سترہ آدمیوں کا خون مباح کیا گیا تھا۔ ان میں سے گیارہ آدمیوں کو براہ راست یا بالواسطہ معافی طلب کرنے پر معاف کر دیا گیا۔ پانچ آدمی جنہوں نے معافی کی درخواست نہیں کی، وہ قتل کر دیئے گئے اور ایک آدمی مکہ سے دور بھاگ گیا اور طبعی موت سے اس کا خاتمہ ہوا۔ مولانا کے بیان کے مطابق عبداللہ بن سعد، قریبہ (عبداللہ بن خطل کی باندی)، سارہ (عکرمہ بن ابی جہل کی باندی)، حرث بن ہشام، زُبیر بن امیہ، عکرمہ بن ابی جہل، ہبار بن الاسود، وحشی بن حرب، کعب بن زُہیر، عبداللہ بن زبعری اور ہند بنت عتبہ (زوجہ ابو سفیان) تو معافی کے حق دار ٹھہرا دیئے گئے تھے۔ ہبیرہ بن ابی وہب مخزومی، جو شاعر تھا اور شعر کہہ کر آپ ﷺ کا اور آپ ﷺ کے مشن کا استہزاء کیا کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کے قتل کا حکم دیا۔ وہ مکہ سے بھاگ کر نجران چلا گیا اور وہیں کفر کی موت مر گیا۔ بناء بریں عبداللہ بن خطل، فرتنی، حویرث بن نقیذ بن وہب، مقیس بن صبابہ اور حارث بن طلاطل کو قتل کیا گیا۔ موصوف نے اپنی کتاب کے باب ”فتح کے بعد“ میں ان کے جرائم کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ تسلیم کیا ہے کہ ان کو عموماً ”توہین رسالت (ﷺ) کی پاداش میں قتل کی سزا کا مستحق قرار دیا گیا تھا۔ بین السطور انہیں چار و ناچار اس بات کا اقرار کرنا پڑا ہے کہ ان کی سزا کا سبب شتم رسول ہی تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ ۱۹۸۲ میں تو وہ اپنی تحقیقات سے اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ گستاخانِ نبی (ﷺ) کو خود رسول اللہ (ﷺ) نے موت کے گھاٹ اتارنے کا حکم دیا۔ جانے اس کے کئی سال بعد انہیں اپنے اس بیان سے کیونکر انحراف کرنا پڑا؟ اور وہ کیا اسباب تھے کہ ان کا زاویہ نگاہ یکسر بدل گیا؟ یہ سوال بجائے خود ایک مکمل جواب ہے۔

توہین رسالت کی پاکستانی کوششیں

ماہنامہ ”نعت“ گزشتہ کئی برس سے حضور سرور کائنات علیہ السلام والصلوٰۃ کی توہین کا ارتکاب کرنے والے بشیر حسین ناظم اور اقبال احمد فاروقی کا تعاقب کر رہا ہے۔ ان دونوں کا تعلق اہل سنت و جماعت (بریلوی مسلک) سے ہے۔ فیصل آباد میں شلواروں کے کپڑے پر حضور اکرم ﷺ کا اسم گرامی چھپا۔ ساتھ ہی رحمان، حسان، عثمان، عمر کے الفاظ بھی چھپے۔ اس پر پریس کانفرنس ہوئی، شاید طارق عزیز شو میں یہ کپڑا دکھایا بھی گیا۔ لیکن اس کپڑے کے قابل اعتراض نہ ہونے کے بارے میں جن مولویوں نے فتویٰ دیا، ان کا تعلق بریلوی مسلک سے تھا۔ ان میں سے ایک مولوی آج کل جماعت اہل سنت کا بہت بڑا عہدیدار ہے۔

حیدر آباد (سندھ) کے ایک مولوی صاحب کے بارے میں بھی آج کل یہ بحث چل رہی ہے کہ اس نے حضور رسول انام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی توہین کی ہے، اس کا تعلق بھی بریلوی مسلک سے ہے۔ جماعت اہل سنت نے اس کی بریت کا فتویٰ بھی دے دیا ہے۔

ایک زمانہ تھا، بریلوی مسلک کے لوگ حضور آقا و مولا علیہ التحیۃ والثناء کی ذرا سی گستاخی بھی برداشت نہیں کرتے تھے۔ لیکن آج ....

افسوس، صد افسوس

اخبار نعت

ناموس مصطفیٰ ﷺ ایکشن کمیٹی

• ○ ۱۔ ۲۳ مئی مولانا قاسم علوی کے مدرسے "کلیۃ الزہرا" (واقع ہما بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور) میں کمیٹی کا تنظیمی اجلاس ہوا، جس میں مختلف امور زیر بحث آئے۔

• ○ ۲۔ ۲۶ مئی کو کمیٹی کے جی او آر / شادمان یونٹ کا افتتاح بعد نماز مغرب جامع مسجد شہاب میں ہوا۔ نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ (کنوینر) اور قاسم علوی نے گفتگو کی۔ مدیر نعت نے نظم پڑھی۔

• ○ ۳۔ ۵ جون کو ہمدرد سنٹر (شارع غازی علم الدین شہیدؒ) میں "یوم تجدید وفا" منایا گیا۔

صدارت نذیر احمد غازی نے کی۔ نظامت کے فرائض قاسم علوی نے ادا کیے۔ محمد ثناء اللہ بٹ اور زین الحسن نورانی نے نعت خوانی کی۔ تقریب میں ایسے بیشتر حضرات نے شرکت کی جو ۳۰ مئی ۱۹۹۸ کے فقید المثال جلوس میں شامل تھے۔ لاہور اور بیرون لاہور کے مندوبین نے اظہار خیال کیا۔ ناموس مصطفیٰ ﷺ کے تحفظ کی شق (۲۹۵۔سی۔ تعزیرات پاکستان) کو غیر مؤثر کرنے کی سازش کو ناکام بنانے کا عہد کیا گیا۔

صاحب صدارت نے عشق رسول ﷺ کے کھوکھلے دعویداروں کے کردار پر نکتہ چینی کی اور ناموس مصطفیٰ ﷺ کی حفاظت کے لیے مثبت کردار ادا کرنے والے اداروں اور افراد کی تحسین کی۔ اجلاس میں دوسرے مقررین کے علاوہ، سانحہ ابوا کے سلسلے میں غیرت مندانہ کردار ادا کرنے والے

پیر محمد افضل قادری نے بھی خطاب کیا۔ مدیر نعت نے تحفظ ناموس مصطفیٰ ﷺ کے حوالے سے اپنا تازہ مخمس ۵ پڑھا۔

• ○ ۴۔ ۱۴ جون کو سانحہ ابواء کے سلسلے میں

کے ارکان اور معاونین نے نذیر احمد غازی (ک چوک سے چلتے وقت جلوس کے کارپردازوں تلے داب لیں تو کمیٹی کے وفد نے تعجب کا ا کے عالم میں واپسی اختیار کی۔

• ○ ۵۔ ۲۱۔ جون کو غازی لاء چیمبر (میکلیگن

انتظامات کے سلسلے میں میٹنگ ہوئی جس ایڈووکیٹ، ارشد اللہ کمال ایڈووکیٹ، ظہور محمد دانیال رضا قادری، محمد الیاس شاہ اور مد گئے۔

• ○ ۶۔ ۲۳ جون کو ہمدرد سنٹر کی سماعت گاہ م

کانفرنس" منعقد ہوئی۔ صدارت محمد اکرم ا ایم اظہر، مولانا محمد اجمل قادری، صاحبزادہ اسماعیل شجاع آبادی، صاحبزادہ طاہر مبین خورشید احمد گیلانی، مولانا محمد قاسم علوی و ناموس رسالت کے تحفظ کی دفعہ ۲۹۵سی کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور کارکنا غیرتی ہے جسے قوم کسی صورت برداشت ن ثناء اللہ بٹ نے مدیر نعت کی نعت پڑھی ج مشترکہ اعلامیہ مدیر نعت راجا رشید محمود ن

پڑھا۔

۴۔ ۱۴ جون کو سانحہ ابواء کے سلسلے میں نکلنے والے جلوس میں کمیٹی کی سپریم کونسل

کے ارکان اور معاونین نے نذیر احمد غازی (کنوینر) کی قیادت میں شرکت کی۔ جی پی او کے چوک سے چلتے وقت جلوس کے کارپردازوں نے لاؤڈ سپیکر بند کر لیے اور زبانیں دانتوں تلے داب لیں تو کمیٹی کے وفد نے تعجب کا اظہار کیا اور فیروز سنز کے قریب پہنچ کر مایوسی کے عالم میں واپسی اختیار کی۔

۵۔ ۲۱۔ جون کو غازی لاء چیمبر (میکلیگن روڈ، لاہور) میں ''قومی رُہنما کانفرنس'' کے

انتظامات کے سلسلے میں میٹنگ ہوئی جس میں کنوینر کے علاوہ قاسم علوی، سید نعیم ایڈووکیٹ، ارشاد اللہ کمال ایڈووکیٹ، ظہور اللہ چشتی، مولانا نواز درویش، علامہ ابابیل، محمد دانیال رضا قادری، محمد الماس شاہ اور مدیر نعت شامل ہوئے۔ مختلف امور پر فیصلے کیے گئے۔

۶۔ ۲۳ جون کو ہمدرد سنٹر کی سماعت گاہ علی ہجویریؒ میں کمیٹی کے زیر اہتمام ''قومی رُہنما

کانفرنس'' منعقد ہوئی۔ صدارت محمد اکرم اعوان (امیر تنظیم الاخوان) نے کی۔ جنرل کے ایم اظہر، مولانا محمد اجمل قادری، صاحبزادہ محمد امجد خاں، سید کفیل شاہ بخاری، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، صاحبزادہ طاہر مبین، حافظ عبدالرحمان مدنی، واجد علی خاں، سید خورشید احمد گیلانی، مولانا محمد قاسم علوی وغیرہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے قرار دیا کہ ناموس رسالت کے تحفظ کی دفعہ ۲۹۵ سی کو غیر مؤثر کرنے کی سازش کو کسی صورت میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور کارگل (کشمیر) سے پسپائی اختیار کرنا بزدلی اور بے غیرتی ہے جسے قوم کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔ تلاوت کلام پاک کے بعد محمد ثناء اللہ بٹ نے مدیر نعت کی نعت

پڑھی جو اِسی اشاعت میں الگ شائع کی جا رہی ہے۔ مشترکہ اعلامیہ مدیر نعت راجا رشید محمود نے پڑھا اور رُہنما نے اس پر دستخط کیے۔

قومی زُعما کانفرنس کی تفصیلی رپورٹ بھی قارئین کے ریکارڈ کے لیے چھاپی جا رہی ہے۔

۷۔ ۷ جولائی کو تنظیم الاخوان نے ناموس مصطفیٰ ﷺ ایکشن کمیٹی کے تعاون

سے کارگل پر پسپائی اختیار کرنے کے خلاف جلوس نکالا جو مسجد شہدا سے اسمبلی ہال تک گیا۔ جلوس میں تنظیم الاخوان کے رہنماؤں کے علاوہ نذیر احمد غازی نے بھی خطاب کیا۔

۸۔ ۲۱ جولائی کو کمیٹی کے کنوینر نے دعوت عمرہ کے دفتر اور دعوت اسلامی کے زیر اہتمام

چلنے والے مدرسۃ المدینہ اور گنبد خضرا اکیڈمی کا دورہ کیا۔ شاہ شمس قاری کے معاونین نے یونٹ کے باقاعدہ افتتاح کے لیے کنوینر سے وقت مانگا۔ اصولی طور پر بات مان لی گئی، تاریخ بعد میں طے ہو گی۔

متفرقات

۱۔ ۲۲ مئی کو بعد نماز عشا جامع مسجد تجلی کعبہ، شادمان چوک میں ”سانحہ ابواء کانفرنس“

ہوئی جس میں مدیر نعت نے نظم پڑھی۔

۲۔ ۲۸ مئی (۱۲ صفر المظفر) کو ایوانِ درود و سلام کے زیر اہتمام ۱۰۸ واں حلقہ درود

پاک حسب روایت بعد نماز عصر، جامع مسجد عکس گنبد خضرا، پل نہر، اپر مال میں قائم ہوا۔ مدیر نعت نے گفتگو کی اور اپنا تازہ نعتیہ مخمس سنایا۔ محمد ثناء اللہ بٹ، سجاد حسن اور دیگر حضرات نے نعت خوانی کی۔ ملک الطاف حسین قادری ناظم تقریب تھے۔ اجلاس کے آخر میں عمرے کے لیے قرعہ اندازی کی گئی۔ ناصر حسین انصاری خوش نصیب ثابت ہوئے۔

۳۔ ”داتا دربار کمپلیکس“ کے افتتاح کے موقع پر، یکم جون کو صبح ۹ بجے ”سید ہجویری

تصوف سیمینار“ ہوا، جس میں مدیر نعت نے مسدس کی صورت میں حضرت علی ہجویری

داتا گنج بخشؒ کی منقبت پڑھی۔

• ○ ۴۔ یکم جون کو بعد نماز عشاء داتاؒ دربار کمپلیکس کے سماع ہال میں مشاعرۂ نعت و منقبت ہوا جس میں مدیر نعت نے پنجابی نعت سنائی۔ ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد ناظم مشاعرہ تھے۔ مشاعرے کی روداد ۹ جولائی کے روزنامے ”نوائے وقت“ لاہور میں شائع ہوئی۔

• ○ ۵۔ یکم جون کو بعد نماز ظہر ریڈیو پاکستان لاہور میں محفل میلاد منعقد ہوئی جس میں مدیر نعت نے تقریر کی۔ یہ محفل میلاد ۳ جون کو نشر ہوئی۔

• ○ ۶۔ ۳ جون کو حبیب الرحمٰن خان کے ہاں حسن ٹاؤن میں حلقۂ درود پاک قائم ہوا، اور محفل میلاد ہوئی جس میں غلام محمد، ناصر حسین انصاری اور مدیر نعت کے علاوہ بہت سے لوگ شریک ہوئے۔

• ○ ۷۔ ۱۰ جون کو صبح ۹ بجے محکمہ اوقاف پنجاب، پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان کے اشتراک سے صوبائی مقابلہ نعت خوانی ہوا۔ مدیر نعت (منصف اعلیٰ) کے ساتھ الطاف الرحمٰن پاشا اور ماسٹر منظور نے منصفین کے فرائض انجام دیے۔ ٹی وی کے سینئر پروڈیوسر کرامت مغل اور ریڈیو پاکستان کے سینئر پروڈیوسر ذوالفقار کاظم نے اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ غازی مونگیری ناظمِ تقریب تھے۔ مدیر نعت نے نتائج کا اعلان کیا۔ یہ تقریب ۱۸ جون کو ریڈیو پر اور ۱۹ جون کو ٹی وی پر پیش کی گئی۔

• ○ ۸۔ ۱۵ جون کو ”ایوان وقت“ میں ایک نعتیہ مشاعرہ ہوا جس میں مدیر نعت نے بھی شرکت کی۔ صدارت عبدالعزیز خالد نے کی۔ مشاعرے کی رپورٹ ۲۵ جون کے روزنامہ ”نوائے وقت“ (جریدہ ادب) میں شائع ہوئی۔

• ○ ۹۔ ۱۹ جون کو صبح ۹ بجے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں طلبہ و

طالبات کا مقابلہ نعت خوانی ہوا۔ جس میں پروفیسر صدیق اکبر، قاری نذیر احمد اور مدیر نعت منصف تھے۔ مدیر نعت نے منصفِ اعلیٰ کے طور پر نتائج کا اعلان بھی کیا اور گفتگو بھی کی۔ ملک الطاف حسین قادری نے نظامت کی۔

کی تفصیلی رپورٹ بھی قارئین کے ریکارڈ کے لیے چھاپی جا

اخوان نے ناموس مصطفیٰ ﷺ ایکشن کمیٹی کے تعاون کرنے کے خلاف جلوس نکالا جو مسجد شہدا سے اسمبلی ہال تک وان کے رہنماؤں کے علاوہ نذیر احمد غازی نے بھی خطاب کیا۔

ے کنیز نے دعوتِ عمرہ کے دفتر اور دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام اور گنبدِ خضرا اکیڈمی کا دورہ کیا۔ شاہ شمس قاریؒ کے معاونین رح کے لیے کنیز سے وقت مانگا۔ اصولی طور پر بات مان لی گئی،

شا جامع مسجد تجلی کعبہ، شادمان چوک میں ”سانحہ ابواء کانفرنس“ نے نظم پڑھی۔

اعظم) کو ایوانِ درود و سلام کے زیرِ اہتمام ۱۰۸ واں حلقہ درودِ ماز عصر، جامع مسجد عکسِ گنبدِ خضرا، پل نہر، اپر مال میں قائم ہوا۔ اپنا تازہ نعتیہ مخمس سنایا۔ محمد ثناء اللہ بٹ، سجاد حسن اور دیگر ب ملک الطاف حسین قادری ناظمِ تقریب تھے۔ اجلاس کے آخر دازی کی گئی۔ ناصر حسین انصاری خوش نصیب ثابت ہوئے۔

یکس“ کے افتتاح کے موقع پر، یکم جون کو صبح ۹ بجے ”سیّد ہجویریؒ میں مدیر نعت نے مسدّس کی صورت میں حضرت علی ہجویری

• ۱۰ O۔ ۲۱ جون (پیر) کو گیارہ بجے پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے کانفرنس ہال میں محفل

میلاد منعقد ہوئی جس میں پروفیسر سعید احمد خاں بھٹی نے تقریر کی۔ مدیر نعت نے اپنا نعتیہ کلام پڑھا۔ مختلف حضرات نے نعت خوانی کی۔

• ۱۱ O۔ ۲۲ جون کو سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ میں طلبہ و طالبات کے درمیان مقابلہ تقاریر

(بسلسلہ یوم آزادی) ہوا۔ مدیر نعت (منصف اعلیٰ) کے ساتھ پروفیسر راؤ ارتضیٰ حسین اشرفی اور پروفیسر نواز زیدی منصفین تھے۔ مدیر نعت نے گفتگو کی اور نتائج کا اعلان کیا۔

• ۱۲ O۔ ۲۴ جون کو ایوان درود و سلام کے فعال رکن ناصر حسین انصاری کے ہاں

(واقع جی او آر' نزد شملہ شمس قاری) محفل میلاد ہوئی جس میں نعتیں پڑھی گئیں اور مدیر نعت کی گفتگو ہوئی۔

• ۱۳ O۔ ۲۶ جون کو مدیر 'نعت' رسالے کے دونوں ڈپٹی ایڈیٹرز (شہناز کوثر اور اطہر

محمود) کے ساتھ اسلام آباد گئے اور ۲۷ جون (۱۲ ربیع الاول) کو قومی سیرت کانفرنس میں شرکت کی۔ دونوں ڈپٹی ایڈیٹرز نے صدر پاکستان سے صدارتی ایوارڈ لیے۔

• ۱۴ O۔ ۱۲ ربیع الاول شریف (۲۷ جون) کو حسب روایت صبح سات بجے فیاض حسین

چشتی کے ہاں مسلم ٹاؤن میں محفل درود پاک ہوئی اور بعد نماز عصر جامع مسجد عکس گنبد خضرا میں ۱۰۹ واں حلقہ درود پاک قائم ہوا۔ دونوں محفلیں عقیدت و احترام کی فضا میں منعقد ہوئیں۔ مدیر نعت قومی سیرت کانفرنس میں شرکت کی وجہ سے ان محافل میں شرکت کی سعادت سے محروم رہے۔

• ۱۵ O۔ ۲۸ جون کو بعد نماز عصر مین مارکیٹ گلبرگ میں محفل میلاد ہوئی جس میں مدیر

نعت کے علاوہ ایوان درود و سلام کے محترم کارکن ملک الطاف حسین قادری نے گفتگو کی۔

• ۱۶۰ O۔ ۳۰ جون کو بعد نماز

غازی ایڈووکیٹ شریک ہو مقابلہ کیا۔

• ۱۷۰ O۔ یکم جولائی کو بعد نما

والی محفل نعت میں مدیر نع انصاری کی ہمراہی میں شرکت

• ۱۸۰ O۔ ۴ جولائی کو لالہ ز

میں مدیر نعت نے ”محبت تر مقامی نعت خوانوں نے نعتیں

• ۱۹۰ O۔ ۸ جولائی کو صبح و

کانفرنس“ میں شرکت کی ا کیے۔

• ۲۰۰ O۔ ۸ جولائی کو بعد نما

ایصال ثواب کی محفل میں مد

• ۲۱۰ O۔ ۹ جولائی کو نذیر احم

میلاد ہوئی جس میں تنظیم ا قمر علی زیدی نے گفتگو کی۔ م نے اپنا نعتیہ کلام سنایا اور م نعت خوانی کی۔

• ۲۲۰ O۔ ۱۱ جولائی کو مدیر نع

روایت پہلے خاموشی سے د

• ۲۶ O۔ ۳۰ جون کو بعد نماز عشا راوی روڈ پر محفل میلاد ہوئی۔ جس میں نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ شریک ہوئے لیکن خاموش رہے۔ مدیر نعت نے نعت پڑھی اور مقابلہ کیا۔

• ۲۷ O۔ یکم جولائی کو بعد نماز عصر، حضرت شاہ ابو المعالیؒ کے عرس کے موقع پر ہونے والی محفل نعت میں مدیر نعت نے غلام محمد مدنی، تسنیم الدین احمد اور ناصر حسین انصاری کی ہمراہی میں شرکت کی۔ محفل نعت کا اہتمام مرزا محمد یوسف نے کیا تھا۔

• ۲۸ O۔ ۴ جولائی کو لالہ رُخ کالونی، واہ کینٹ میں صبح سات بجے جلسہ میلاد ہوا جس میں مدیر نعت نے "محبت رسول ﷺ" کے موضوع پر ڈیڑھ گھنٹہ گفتگو کی۔ مقامی نعت خوانوں نے نعتیں پڑھیں۔

• ۲۹ O۔ ۸ جولائی کو صبح ۹ بجے مدیر نعت اور ڈپٹی ایڈیٹر اظہر محمود نے "صوبائی سیرت کانفرنس" میں شرکت کی اور صوبائی وزیر مذہبی امور سے "سیرت ایوارڈ" وصول کیے۔

• ۳۰ O۔ ۸ جولائی کو بعد نماز عصر جی او آر میں غلام محمد مدنی کے والد شیخ امام الدین کے ایصالِ ثواب کی محفل میں مدیر نعت نے گفتگو کی۔

• ۳۱ O۔ ۹ جولائی کو نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ کے ہاں نیو گارڈن ٹاؤن میں سالانہ محفل میلاد ہوئی جس میں تنظیم الاخوان پاکستان کے امیر، محمد اکرم اعوان اور پروفیسر ڈاکٹر محمد قمر علی زیدی نے گفتگو کی۔ نثار اکبر آبادی، منظور الحق مخدوم (حافظ آباد) اور مدیر نعت نے اپنا نعتیہ کلام سنایا اور محمد ثناء اللہ بٹ، شہزاد ناگی، محمد عمر بٹ، حکیم فرزند علی نے نعت خوانی کی۔

۳۲۰ O۔ ۱۱ جولائی کو مدیر نعت کے ہاں سالانہ محفلِ میلاد منعقد ہوئی جس میں حسبِ روایت پہلے خاموشی سے درودِ پاک پڑھا گیا۔ بعد میں محمد ثناء اللہ بٹ، سید محمد رضا

زیدی اور عبدالسلام اعجاز نے نعت خوانی کی۔ نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ نے ”تحفظِ ناموسِ مصطفیٰ ﷺ“ کے موضوع پر اور مدیرِ نعت نے ۲۶ ربیع الاول (یومِ الحزن) کے حوالے سے حضرت ابو طالبؓ کے مناقب کے سلسلے میں گفتگو کی۔ اسی دن مدیرِ نعت کے دوست پروفیسر سیّد سجاد رضوی فوت ہوئے تھے۔ اجلاس میں ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔

۲۳۔ مدیر نعت اور غلام محمد مدنی نے ”دعوتِ عمرہ“ کے نام سے زیارتِ حرمین

شریفین کے لیے گروپ ترتیب دے کر ساتھ لے جانے کا کام ۱۹۹۷ء میں شروع کیا تھا۔ اُس سال چار گروپ گئے۔ ۱۹۹۸ء میں پانچ گروپوں کی صورت میں اربابِ محبت نے یہ سعادت حاصل کی۔ ۱۹۹۹ء میں پہلا گروپ ۱۹ جولائی کو غلام محمد مدنی کی رہنمائی میں روانہ ہوا ہے جو ۳۔ اگست کو واپس آئے گا۔ ۲۱ جولائی کو بعدِ نمازِ عصر جامع مسجد عکسِ گنبدِ خضرا میں عازمینِ عمرہ و زیارتِ روضۂ رسولِ کریم ﷺ کے لیے حسبِ روایت ”بریفنگ میٹنگ“ کا اہتمام کیا گیا جس میں مدینۂ طیبہ کے باسی غلام احمد قادری مہمانِ خصوصی تھے۔ حسبِ معمول مدیر نعت نے بریفنگ دی۔

ضروری اعلان

ماہنامہ ”نعت“ اب تک بفضلِ تعالیٰ باقاعدہ اشاعت رکھتا ہے لیکن ۱۹۹۹ء کے بعض شماروں میں جلد نمبر درست نہیں چھپا۔ رسالہ جنوری ۱۹۸۸ء کو شروع ہوا تھا۔ جنوری ۱۹۹۹ء سے جلد ۱۲ ہی چل رہی ہے۔ ازراہِ کرم قارئینِ محترم درست کرلیں۔

آئندہ شمارہ　　　ستمبر ۱۹۹۹ء　　　محسّناتِ نعت

"قومی زُعماء کانفرنس کی جھلکیاں"

ناموسِ مصطفیٰ ﷺ کے مسئلے پر غیرت و حمیتِ دینی کا مظاہرہ نہ کرنے والوں سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ... نذیر احمد غازی

• O اسی شہر لاہور میں ایک نوجوان غازی علم الدین شہیدؒ کا فکر و عمل ہماری

رہنمائی کے لیے موجود ہے۔ (سید خورشید احمد گیلانی)

• O میرا تو خیال ہے کہ قانون 295 سی اقلیتوں کا محافظ ہے ....

(جنرل کے۔ ایم۔ اظہر)

بابری چوک (جین مندر) سے مزنگ چونگی کی طرف رواں دواں غازی علم الدین شہیدؒ روڈ (لٹن روڈ) پر واقع ہمدرد سنٹر کی علی ہجویریؒ سماعت گاہ میں قومی و ملکی قائدین و عمائدین اور ان کے نمائندوں کا بھرپور اجتماع خوشگوار حیرت کا باعث تھا۔ ۲۳۔ جون کو منعقدہ "قومی زُعماء کانفرنس" میں ہر قابلِ ذکر جماعت کے رہنما شریک ہوئے۔

"ناموسِ مصطفیٰ ایکشن کمیٹی" جذبۂ حُبِّ الوطنی سے سرشار اور ملی و دینی درد رکھنے والے باشعور افراد کا ایک منظم و متحرک پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے گزشتہ برس ۳۰۔ مئی ۱۹۹۸ کو قانونِ ناموسِ رسولؐ موسومہ 295 سی اور اس کے ذیلی دفعات کے حق میں داتاؒ دربار سے اسمبلی ہال تک ایک ناقابلِ فراموش جلوس کا اہتمام کیا اور خدا کے حضور لاکھوں افراد نے یہ عہد کیا تھا کہ اگر اس قانون میں کسی قسم کی تبدیلی یا منسوخی کے بارے میں سوچا گیا تو ہم غازی علم الدین شہیدؒ کے راستے کا انتخاب کریں گے۔ تب ان کا دوسرا بڑا مطالبہ یہ تھا کہ بھارت کے جواب میں پاکستان کو بہرحال ایٹمی

دھماکہ کر دینا اور اس سلسلے میں کسی طرح کے دباؤ یا مصلحت کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ اس تاریخی جلوس کا اعلان ہوتے ہی ہر حلقہ سے یہ آواز بلند ہونا شروع ہو گئی۔ اور ابھی اس عظیم الشان اجتماع کے انعقاد میں دو دن باقی تھے کہ مسلمانانِ عالم کے چہرے ایٹمی دھماکہ کی خوشخبری سن کر امیدوں سے تمتما اٹھے۔ بناء بریں حکومت کی طرف سے عاشقانِ رسول ﷺ کا یہ جوش و خروش اور وابستگی و شیفتگی دیکھ کر مذکورہ قانون میں تبدیلی کے بیانات اور اقدامات کا سلسلہ بھی مکمل طور پر روک دیا گیا تھا۔

اب کے حکومتی حلقوں کی طرف سے پھر اس قسم کی باتیں ہونے لگی تھیں' اور بعض وزراء مختلف مواقع پر وقتاً فوقتاً عندیہ ظاہر کر رہے تھے کہ قانون ناموسِ رسالت کے تحت ایف۔ آئی۔ آر کے اندراج اور تفتیش کے طریقہ کار میں تبدیلی کا باضابطہ فیصلہ کیا جا چکا ہے۔ اور یہ کہ وزیر اعظم اس میں ترمیم کا باقاعدہ حکم جاری کر چکے ہیں اور یہ خبر ۱۴ جون ۱۹۹۹ کے صبح کے اخبارات 'جنگ' نوائے وقت اور خبریں میں بھی آچکی ہے۔ نواز شریف کابینہ کے ایک وزیر راجہ ظفر الحق نے گوجرانوالہ میں عیسائیوں کے ایک کنونشن میں اس امر کا کھل کر اظہار کیا۔ جس سے پورے ملک میں اضطراب کی ایک لہر دوڑ گئی اور جابجا غم و غصہ کا اظہار ہونے لگا۔ بے چینی کے اس ماحول میں ''ناموسِ مصطفیٰ ایکشن کمیٹی'' نے اپنے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے اس پُروقار اور سنجیدہ کانفرنس کا بروقت اہتمام کیا۔ جس کے داعی و میزبان مشہور قانون دان' منجھے ہوئے مقرر' معروف دانشور' مبلغِ اسلام اور مفکر و مدبّر جناب نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ تھے۔ ایجنڈے پر قانونِ ناموسِ رسالت کے علاوہ تحریکِ آزادئ کشمیر کی تازہ ترین صورتحال بھی تھی۔ ان دو اہم امور پر قومی زعماء نے کھل کر اظہار خیال کیا اور پوری ملتِ اسلامیہ کو دعوتِ فکر و عمل دی۔

''قومی زعماء کانفرنس'' تنظیم الاخوان کے امیر جناب مولانا محمد اکرم اعوان

صاحب کے زیر صدارت قابل ذکر ہیں: جنرل شاہ صاحب (تحریک تحفظ ختم نبوت)، صاحبز محمد اجمل قادری صاحب (جمعیت المشائخ)، مولانا پاکستان)، جناب واجد علی گیلانی صاحب (ناموسِ پاکستان)، محمد اسلم سعید دانشور راجا رشید محمود مولانا محمد نواز درویش، کے راہنما اور قرآن و علاوہ ہیں۔ ہال مدعوئین ہوا۔ تلاوتِ قرآن مجید تھے۔ ازاں بعد موقع کی نے زندہ و اسلامی لہجے پر سوز و مستی چھا چکی تھی ہم جان کرتے قومی زعماء کا کنوینر جناب نذیر احمد

صاحب کے زیر صدارت منعقد ہوئی۔ دیگر شرکاء میں مندرجہ ذیل زعماء بطور خاص قابلِ ذکر ہیں: جنرل کے۔ ایم اظہر صاحب (جمعیتِ علماء پاکستان)، سیّد کفیل بخاری شاہ صاحب (تحریکِ مجلسِ احرارِ اسلام)، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی (عالمی مجلسِ تحفّظِ ختمِ نبوت)، صاحبزادہ محمد امجد خان صاحب (جمعیت علمائے اسلام)، صاحبزادہ میاں محمد اجمل قادری صاحب (جمعیت علمائے اسلام)، صاحبزادہ محمد طاہر مبین صاحب (جمعیت المشائخ)، مولانا حافظ عبد الرحمٰن مدنی (جمعیت اہلحدیث / مجلسِ تحقیقِ اسلامی پاکستان)، جناب واجد علی خان صاحب (تحریکِ انصاف)، صاحبزادہ سید خورشید احمد گیلانی صاحب (نامور ادیب و خطیب)، مولانا محمد قاسم علوی صاحب (انجمنِ اساتذۂ پاکستان)، محمد اسلم سعیدی صاحب (مصطفائی تحریک / انجمنِ طلباءِ اسلام)، عظیم دانشور راجا رشید محمود (ناموسِ مصطفیٰ ﷺ ایکشن کمیٹی)، قاری محمد ظہور اللّٰہ چشتی، مولانا محمد نواز درویش، سید محمد الماس رضا شاہ بخاری، محمد دانیال رضا قادری، حلقہ سیفیہ کے راہنما اور قرآن و سنت کی عالمگیر تنظیم دعوتِ اسلامی کے معزز نمائندگان ان کے علاوہ ہیں۔ ہال مدعوئین سے بھرا پڑا تھا۔ مقررہ وقت پر اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ تلاوتِ قرآنِ مجید کے لیے قاری محمد رمضان سعیدی صاحب تشریف رکھتے تھے۔ ازاں بعد موقع کی مناسبت سے ملک کے نامور نعت خواں، ثناء اللّٰہ بٹ صاحب نے زندہ و اسلامی لہجے کے شاعر، جناب راجا رشید محمود صاحب کا کلام پڑھا۔ سامعین پر سوز و مستی چھا چکی تھی۔ مقطع میں کچھ ایسی تاثیر تھی کہ مجمع پھڑک کر رہ گیا۔

ہم جان وار سکتے ہیں محمودؔ بے خطر

کرتے ہوئے حفاظتِ ناموسِ مصطفیٰ ﷺ

قومی زعماء کانفرنس کے میزبان اور ناموسِ مصطفیٰ ایکشن کمیٹی کے مرکزی کنوینر جناب نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ نے استقبالیہ خطبے میں حسبِ معمول بڑی پُر مغز

اور جامع گفتگو کی۔ مسئلہ کشمیر اور تحریک گستاخئ رسولؐ کے پس منظر و پیش منظر کی حقیقت کھل کر سامنے آرہی تھی۔ انہوں نے بتایا: ”ناموسِ مصطفیٰؐ ایکشن کمیٹی“ نے ملک کی تمام دینی اور دین پسند جماعتوں کو آج کے لئے مدعو کیا تھا۔ بعض رہنما کانفرنس میں اپنی حیثیت کا تعین چاہتے تھے۔ کئی ایک کے نزدیک یہ پروگرام ان کے قد سے نیچے یا اوپر کا ہے۔ الغرض یہ کہ ہمارے مشائخ و علماء جانے کیوں' ہر نازک لمحہ میں اپنے قد اور جسم کے ناپ تول کے چکر میں ہی پڑے رہتے ہیں مگر ہمیں تو بہرحال سرکارِ مدینہ (ﷺ) کی ناموس و حرمت کی چوکیداری کرنا ہے۔ جو احباب تشریف لائے ہیں' وہ دراصل اپنے آقا و مولا (ﷺ) کی محبت میں آئے اور جو نہیں آئے' ان کے لئے شاید وہاں سے منظوری نہ تھی۔ ان میں سے چند وہ لوگ بھی ہیں' جنہوں نے بروقت ہمیں فون پر اطلاع کی کہ وہ کسی وجہ سے پروگرام میں نہیں پہنچ پائیں گے۔

انہوں نے اپنے جاندار افتتاحیہ خطاب میں مزید کہا: ”حکومت نے یہود و نصاریٰ کے دباؤ میں آکر یہ طے کر لیا ہے کہ 295 سی میں پرچہ کے اندراج اور طریقۂ تفتیش میں ترمیم و تنسیخ کر کے اسے عملاً غیر مؤثر بنا دیا جائے۔ حکومتی حلقوں کی طرف سے تجویز کیا گیا ہے کہ کسی بھی جگہ توہینِ رسالت کے واقعہ پر ایک کمیٹی تشکیل دیں گے جو اقلیتوں کی جانب سے دو عیسائی نمائندوں' دو حکومتی نمائندوں (ڈی سی اور ایس پی) اور دو ٹوڈی مولویوں پر مشتمل ہو گی' اور پھر یہ متفقہ طور پر رائے دیں گے کہ گستاخئ رسولؐ کا کوئی واقعہ ہوا بھی ہے کہ نہیں؟ اور ایف آئی آر کا اندراج ہونا بھی چاہئیے کہ نہیں؟ اِس طرح اِس قانون کی جو دُرگت بنے گی اور ان اقدامات سے حکومت جو کچھ چاہتی ہے وہ ہم اچھی طرح جانتے ہیں مگر ایسا ہرگز نہیں ہونے دیں گے۔

حکومت کے دوست نما دشمنوں نے اِس اقدام کی منطق کے طور پر ایک فرسودہ و آلودہ دلیل گھڑی ہے کہ کے کسی فرد کو اس بہانے ہراساں کے مروجہ قانون میں یہ بات شامل موت یا عمر قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ دی جائے گی۔

میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ نے قانون ناموسِ رسالت کی پاسداری خود وزیر اعظم ہیں تو ان کے بیان کی بقا حضور آقا و مولا (ﷺ) کی اور رحمت و توجہ سے ہی وجود میں ایک دن بھی باقی نہیں رہیں گے ران شاء اللہ العزیز' اب بھی کسی کی پاکستان اور مسلم لیگ کی قیادت پاؤں پر خود ہی کلہاڑی نہ ماریں۔ کے لیئے ہی یہ شعر کہا تھا:

توحید تو یہ ہے

یہ بندہ دو

کشمیر کی تازہ ترین صورت موضوع ہے۔ کتنی بد قسمتی کی سالہ موقف سے دستبردار ہو افواج ایک عرصہ سے کشمیر میں

فرسودہ و آلودہ دلیل گھڑی ہے کہ یوں کسی بے گناہ کو سزا نہیں ملے گی اور یہ کہ اقلیت کے کسی فرد کو اس بہانے ذاتی انتقام کا نشانہ بھی نہیں بنایا جا سکے گا۔ حالانکہ پاکستان کے مروجہ قانون میں یہ بات پہلے سے ہی موجود ہے کہ کسی ایسے مقدمہ میں جس پر موت یا عمر قید کی سزا ہو سکتی ہے، غلط شہادت دینے والے کو بھی موت یا عمر قید کی سزا دی جائے گی۔

میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ بے نظیر حکومت میں خود میاں نواز شریف صاحب نے قانونِ ناموسِ رسالت کی حمایت میں ملک گیر ہڑتال کی کال دی تھی۔ مگر اب وہ خود وزیرِ اعظم ہیں تو ان کے رویے تبدیل کیوں ہو گئے ہیں۔ واضح رہے کہ اس ملک کی بقا، حضور آقا و مولا (ﷺ) سے وفاداری میں مضمر ہے، اور یہ آپ ﷺ کے فیضان اور رحمت و توجہ سے ہی وجود میں آیا تھا۔ پاکستان کے حکمران اس سے غداری کر کے ایک دن بھی باقی نہیں رہیں گے۔ ہم نے اس مقصد کے لیے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ ان شاء اللّٰہ العزیز، اب بھی کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ میں حکومتِ پاکستان اور مسلم لیگ کی قیادت کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ ہوش کے ناخن لیں اور اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑی نہ ماریں۔ مولانا محمد علی جوہر نے شاید ان کی غیرت جھنجھوڑنے کے لیے ہی یہ شعر کہا تھا:

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے

یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لیے ہے

کشمیر کی تازہ ترین صورتِ حال اور کارگل کا محاذ بھی ہمارا آج کا ایک خاص موضوع ہے۔ کتنی بدقسمتی ہے کہ ہمارے وزیرِ اعظم کی طرف سے کہا گیا ہم اپنے پچاس سالہ مؤقف سے دستبردار ہونے کے لیے بھی تیار ہیں۔ یہ کیا بے حسی ہے کہ بھارتی افواج ایک عرصہ سے کشمیر کے بارڈر پر ظلم کا بازار گرم کیے ہوئے ہیں، پوری ہندو قوم

حالت جنگ میں ہے اور جنگ کے لیے تیار ہے۔ ادھر پاکستانی قوم کو تذبذب میں رکھا اور الجھایا جا رہا ہے۔ جنگی صورتحال کے لیے قوم کو قطعاً تیار نہیں کیا جا رہا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ فرزندان اسلام کے دلوں میں جذبہ شہادت ابھارا جاتا اور مجاہدین سے عملاً اظہار یکجہتی ہوتا لیکن وطن عزیز کی مجموعی فضا اور صورت حال ناقابل برداشت حد تک بگڑی اور الجھی ہوئی ہے۔ حکومتی حلقوں سے متواتر ”سب اچھا ہے“ کی رٹ لگائی جا رہی ہے‘ جو مطلقاً ”اچھا نہیں ہے“۔ 1965 کے مقابلے میں نفسیاتی اعتبار سے اب ہماری پوزیشن صفر ہے۔ درحقیقت ہمیں اب تک اعلان جہاد کر دینا چاہیے تھا۔ وہ جو کہتے ہیں کہ جسے مرنا نہیں آتا اسے جینا نہیں آیا۔ اس وقت رہ رہ کر مجھے ساغر صدیقی مرحوم کا ایک شعر یاد آ رہا ہے جو ملک کی موجودہ صورتحال کی مناسبت سے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔

وہ وقت بھی دیکھا ہے تاریخ کی گھڑیوں نے

لمحوں نے خطا کی تھی صدیوں نے سزا پائی

آج غزوۂ ہند کا عملی معرکہ درپیش ہے۔ وہ غزوۂ ہند‘ جس کے بارے میں نبی پاک ﷺ کی باقاعدہ دو احادیث مبارکہ موجود ہیں کہ کفار ہند کے خلاف جہاد میں حصہ لینے والے بغیر کسی حساب کتاب کے جنت میں جائیں گے۔ آخرش میں‘ ایک بات واضح کرتا ہوں کہ بھارت ہمیشہ سے کہتا آ رہا ہے کہ کشمیر ہمارا اٹوٹ انگ ہے۔ لہٰذا میں کہتا ہوں کہ جب تک ہم بھارت کا انگ انگ توڑ کر نہیں رکھ دیتے‘ کشمیر کبھی آزاد نہیں ہو گا۔

صاحبزادہ خورشید احمد گیلانی نے ناموس مصطفیٰ ایکشن کمیٹی کی مکمل تائید کرتے ہوئے کہا کہ اسی شہر لاہور میں ایک نوجوان غازی علم الدین شہیدؒ کا فکر و عمل ہماری رہنمائی کے لیے موجود ہے۔ یہی جذبۂ عشق رسول ہر اچھے اور سچے

مسلمان کا شیوہ ہے ہے ۔ قانون ناموس رس مغز اور جاندار گفتگو حمایت کا اعلان کرنا پروانے کا حل اک شب میں پاکستان عوام خیال تھا کہ حکومت دیئے جائیں۔ تاکہ شریعت سید عطاء اللہ اظہار خیال کیا اور کہا رہے ہیں۔ غیر مسلم پروگرام بنا رکھا ہے کہ حکمران بھی انہی کا تسل (صلی اللہ علیہ و آلہ ان حکمرانوں کے لیے مملکت جناب محمد ر حکومت میں آنے کے ہاؤس میں قید ہو کر رہ جناب ولی خان صاحب کی خصو

کرے لئے تیار ہے۔ ادھر پاکستانی قوم کو تذبذب میں رکھا تحمل کے لئے قوم کو قطعاً تیار نہیں کیا جا رہا۔ چاہیے تو دلوں میں جذبۂ شہادت ابھارا جاتا اور مجاہدین سے عملاً عزیز کی مجموعی فضا اور صورتِ حال ناقابلِ برداشت حد ، حکومتی حلقوں سے متواتر ”سب اچھا ہے“ کی رٹ لگائی رہا ہے۔ 1965 کے مقابلے میں نفسیاتی اعتبار سے اب وقت ہمیں اب تک اعلانِ جہاد کر دینا چاہیے تھا۔ وہ جو اسے جینا نہیں آیا۔ اس وقت رہ رہ کر مجھے ساغر صدیقی ہے جو ملک کی موجودہ صورتحال کی مناسبت سے انتہائی

دیکھا ہے تاریخ کی نظروں نے

کی تھی صدیوں نے سزا پائی

معرکہ درپیش ہے۔ وہ غزوۂ ہند‘ جس کے بارے میں نبی ثِ مبارکہ موجود ہیں کہ کفارِ ہند کے خلاف جہاد میں حصہ ب کے جنت میں جائیں گے۔ آخرش میں‘ ایک بات سے کہتا آرہا ہے کہ کشمیر ہمارا اٹوٹ انگ ہے۔ لہٰذا میں ت کا انگ انگ توڑ کر نہیں رکھ دیتے‘ کشمیر کبھی آزاد

گیلانی نے ناموسِ مصطفیٰ ایکشن کمیٹی کی مکمل تائید لاہور میں ایک نوجوان غازی علم الدین شہیدؒ کا فکر و موجود ہے۔ یہی جذبۂ عشقِ رسولؐ ہر اچھے اور سچے

مسلمان کا شیوہ ہے۔ یورپ اور اسلام کا انسان کے بارے میں بالکل مختلف نظریہ ہے۔ قانونِ ناموسِ رسولؐ اور مسئلہ کشمیر کے حوالے سے برادرم غازی صاحب نے پُر مغز اور جاندار گفتگو کی ہے‘ میرے جذبات ہو بہو وہی ہیں اور میں ان کی مکمل حمایت کا اعلان کرتا ہوں۔ ہم مسلمانوں کے حسب حال ایک شعر بہت خوب ہے۔

پروانے کا حال اس محفل میں‘ ہے قابلِ رشک اے اہلِ نظر

اک شب میں ہی یہ پیدا بھی ہوا‘ عاشق بھی ہُوا اور مر بھی گیا

پاکستان عوامی تحریک اور پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری صاحب کے نمائندے کا خیال تھا کہ حکومت کو دینی غیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی پسند کے اور محاذ کھول دینے چاہئیں۔ تاکہ ہندو ظالم کی کارگل سے توجہ ہٹ اور بٹ سکے۔ ان کے بعد امیر شریعت سید عطاء اللّٰہ شاہ بخاری مرحوم کے نواسے' جناب سیّد کفیل شاہ بخاری نے اظہارِ خیال کیا اور کہا کہ پاکستان کے اکثر حکمران یہود و نصاریٰ کے ایجنٹ اور دلال رہے ہیں۔ غیر مسلموں اور امریکہ کے بے غیرت حکمرانوں' دلالوں اور دُم چھلوں نے پروگرام بنا رکھا ہے کہ وطنِ عزیز سے دینی غیرت کا مکمل جنازہ نکالیں گے۔ موجودہ حکمران بھی انہی کا تسلسل ہیں۔ یہ کنجر سوسائٹی کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ جو رسول اللّٰہ (صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم) کے دشمنوں سے دوستی کا دم بھریں گے' ہمارے دل میں ان حکمرانوں کے لئے کوئی نرم گوشہ نہیں ہے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں صدرِ مملکت جناب محمد رفیق تارڑ کے بارے میں بھی بعض اشارے کئے کہ ان کا کردار بھی حکومت میں آنے کے بعد مردِ مجاہد اور مردِ مومن کا نہیں ہے بلکہ وہ محض پریذیڈنٹ ہاؤس میں قید ہو کر رہ گئے ہیں۔

جناب واجد علی خاں صاحب نے بتایا کہ میں اپنی جماعت کے سربراہ عمران خان صاحب کی خصوصی ہدایت پر اس کانفرنس میں شریک ہوا ہوں۔ قانونِ ناموسِ

رسالت پر دباؤ اور الجھاؤ کا شکار ہونے والے لعنتی ازلی بدبخت ہیں۔ جب یہ قانون بنا تو راجہ ظفر الحق صاحب، جنرل ضیاء الحق کی ٹیم کے کپتان تھے۔ اب اسی قانون میں ترمیم و تنسیخ کی باتیں کم از کم ان کو تو نہیں کرنی چاہیں۔ بناء بریں میرا خیال ہے کہ حکمران، لیلیٰ اقتدار کے لالچ میں دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں۔ اگر خدانخواستہ ایسا ہوا تو پاکستان کا رائے ونڈ فارم کے علاوہ کچھ بھی باقی نہیں رہے گا۔

جناب مولانا محمد اسمعیل شجاع آبادی نے نہایت نپے تلے الفاظ میں تجزیہ کیا اور کہا کہ ارباب اقتدار، بے نظیر بھٹو ہوں یا میاں نواز شریف، اس مسئلے پر ہم خیال، ہم مزاج، ہم قدم، ہم فکر اور ہم رنگ ہیں۔ یہ لوگ فطرتاً سیکولر ہیں۔ محض زبانی جمع خرچ کی حد تک اپنے سیاسی مفاد کے لئے اسلام کا نام لیتے ہیں ہم نے اس مسئلہ کے لئے 1953ء میں ایک عظیم الشان تحریک چلائی اور بے بہا قربانیاں پیش کی تھیں۔ پھر 1974ء کی تحریک ختم نبوت میں مسلمانوں نے اپنے ایمان کا شاندار مظاہرہ کیا۔ ہم اب بھی اس کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ حکمران جو کبھی اسلام کا نام لیتے ہوئے نہیں تھکتے تھے، اب گستاخان رسولؐ کے پشت پناہ بنے ہوئے ہیں۔ ان کے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل نے لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے روبرو، کاذب یوسف کے بارے میں کہا کہ اگر اسے رہا کر دیا جائے تو حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔ بناء بریں یہ ریاض احمد گوہر شاہی کے بھی محافظ بن بیٹھے ہیں۔ مزید برآں یہ کہ مرشد مسیح نامی ایک گستاخ رسولؐ اس وقت انجمن احمدیہ لاہوری گروپ کی پناہ میں ہے اور بار بار ہماری توجہ دلانے کے باوجود انتظامیہ ٹس سے مس نہیں ہو رہی۔

صاحبزادہ محمد امجد خان نے کہا آج اسلام آباد میں انہی ہدایات بلکہ احکامات پر عمل ہوتا ہے جو انہیں واشنگٹن سے وصول ہوتے ہیں۔ ہم اس فورم میں کھل کر

اعلان کر دینا چاہتے ہیں کہ حکومت کے ان اقدامات اور بے حسی کے خلاف پارلیمنٹ کے اندر اور باہر ہر جگہ جنگ لڑیں گے۔

مولانا حافظ عبدالرحمن مدنی صاحب نے کہا کہ قانون C-295 پر وفاقی شرعی عدالت تصدیق و توثیق کر چکی ہے۔ یہ عدلیہ کا فیصلہ اور قانون ہے۔ اس کو چھیڑنا توہین عدالت کے مترادف ہے۔

صاحبزادہ میاں محمد اجمل قادری صاحب نے اپنا نقطہ نظر بیان کیا کہ اس قسم کی باتیں اسلامی قوتوں کے انتشار کے سبب سے ہو رہی ہیں اور حکمرانوں نے اس امر کا حوصلہ پکڑا ہے۔ اگر ہم باہم متحد ہو کر غیر لچکدار موقف اختیار کر لیں تو اسے کوئی مائی کا لال چھیڑنے کی کوشش نہیں کر سکے گا۔ وزیر اعظم نے کشمیر کے بارے میں یہ بیان دے کر کہ ہم اپنے پچاس سالہ موقف سے دستبردار ہونے کے لئے بھی تیار ہیں ★ دراصل حلف سے غداری کی ہے۔

ناموس مصطفیٰ ایکشن کمیٹی کے سیکرٹری جنرل راجا رشید محمود صاحب نے مشترکہ اعلامیہ پڑھا، جس میں کہا گیا کہ ہم قانون C-295 کے تحت پرچہ کے اندراج اور تفتیشی طریقہ کار میں تبدیلی کے عمل کی مذمت اور بھرپور مخالفت کرتے ہیں۔ نیز بھرپور مطالبہ کیا جاتا ہے کہ حکومت مسئلہ کشمیر کے بارے میں جرأت مندانہ موقف اختیار کرے اور دنیا بھر میں گستاخان رسول (ﷺ) خواہ سلمان رشدی ہو یا تسلیمہ نسرین ہر جگہ ہر رنگ میں ان کا تعاقب کیا جائے۔ یہ کوئی عام مسئلہ ہرگز نہیں بلکہ مسلمان قوم کی فنا و بقا کا راز اسی میں ہے۔

جنرل کے ایم اظہر صاحب نے بڑا پر مغز اور ایمان پرور خطاب فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ نظام مصطفیٰ کا نفاذ اور مقام مصطفیٰ (ﷺ) کا تحفظ تو ہمارے دستور و منشور کی بنیاد ہے۔ اس کے لیے ہمیشہ قربانیاں دیتے آئے ہیں اور آئندہ بھی دیتے رہیں گے۔

میرا خیال ہے کہ قانون 295 سی اقلیتوں کا محافظ ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے عدالتی و قانونی چارہ جوئی کے دروازے کھلے رہتے ہیں اور عوام طیش و غضب میں آکر خود قانون کو اپنے ہاتھ میں نہیں لے لیتے۔ وگرنہ ہر موقع پر راجپال کو واصل فی النار کر دینے کے لیے علم الدین جنم لیتے رہیں گے۔

انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان کا مسئلہ کشمیر اور کارگل کے محاذ کے بارے میں رویہ سوفی صد معذرت خواہانہ و منافقانہ ہے۔ انہیں غیر لچکدار، مضبوط اور واضح نقطہ نگاہ اختیار کرنا چاہیے اور اعلان جہاد کے بغیر قوم کے پاس کوئی چارہ کار نہیں ہے انجمن اساتذہ پاکستان کے، مولانا قاسم علوی صاحب نے ایک قرار داد پیش کی جسے اتفاق رائے سے منظور کر لیا گیا۔ اس میں کہا گیا تھا کہ جسٹس عارف اقبال بھٹی کے قتل کے مقدمے میں ناجائز ملوث غازی احمد شیر نیازی پر سے جھوٹا مقدمہ خارج کیا جائے۔ اور انہیں باعزت بری کیا جائے۔

صاحب صدارت مولانا محمد اکرم اعوان نے کہا کہ جو ملک حضور ﷺ کے نام پر بنا، اسے تو دنیا بھر میں ناموس مصطفیٰ ﷺ کی حفاظت کا بیڑا اٹھانا چاہیے تھا۔ کتنی شرمناک بات ہے کہ اس ملک میں تحفظ ناموس رسالت کے قانون کو غیر مؤثر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا، ہمیں ایسا ملک نہیں چاہیے جہاں گنبد خضرا کے مکین ﷺ کے ناموس کو زک پہنچانے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ اعوان صاحب نے اپنے صدارتی خطاب میں ملک کی سالمیت کی اہمیت بیان کرتے ہوئے کہا کہ ناموس مصطفیٰ ﷺ کا تحفظ تو اس ملک کی بقا کا ضامن ہے۔ اگر اس قانون کو بے اثر کرنے کی سازش کامیاب ہو گئی تو ملک باقی نہیں رہے گا۔

ناموس مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء

دل میں جو ہے محبت ناموس مصطفیٰ ﷺ

قائم کریں گے حجت ناموس مصطفیٰ ﷺ

سرمائے کی طلب ہے نہ جاہ و جلال کی

دل میں اگر ہے دولت ناموس مصطفیٰ ﷺ

ایمان کی اساس یہی اصل دیں یہی

الفت خدا کی الفت ناموس مصطفیٰ ﷺ

اسرار معرفت کھلے اس خوش نصیب پر

جس پر کھلی حقیقت ناموس مصطفیٰ ﷺ

حفظ وطن کو سر بکف سینہ سپر رہیں

یہ بھی تو ہے حفاظت ناموس مصطفیٰ ﷺ

قومی زعیم جتنے ہیں ہیں مجتمع یہاں

اس کا سبب ہے نسبت ناموس مصطفیٰ ﷺ

ہے قوم ان کے فہم و تدبر کی منتظر

جن کو ملی بصیرت ناموس مصطفیٰ ﷺ

ہم جان وار سکتے ہیں محمودؔ بے خطر

کرتے ہوئے حفاظت ناموس مصطفیٰ ﷺ

(مدیر نعت کی یہ نظم قومی زعما کانفرنس منعقدہ ۲۳ جون ۱۹۹۹ء کے آغاز میں نامور نعت خواں محمد ثناء اللہ بٹ نے پڑھی)

ماہنامہ لاہور

نعت

تحفظ ناموس

رسالت صلی اللہ علیہ وسلم